عَرْجُوف (فسعفس) سخت اونٹنی موٹی تازی۔

عَرْجَل (کسعفس) گروہ۔ مجمع۔

عَرْجُوم (فسعفس) سخت مضبوط بدن کی اونٹنی۔

عَرْجُون (فسعفس) کھجور کا پٹھا یا سوکھا ہوا پٹھا کہ ٹیڑھا ہو گیا ہو یا پٹھے کی جڑ۔ یا کھجور کے پٹھے کی لکڑی نے پتی کی۔ ایک گھاس ہے سپید کبنی کی مانند یا ایک قسم کی کھجنی ہے۔ عراجین (فعسکس جمع) درخت کہ ٹیڑھا ہو گیا ہو اور شاخیں کہ اسمین سے کٹی ہوں۔

عَرْد (فعف) سخت۔

عَرُد (فسعف) سخت۔

عَرَد (فعف) (س) بھاگ جانا۔

عَرِد (فعس) سخت اور کھوس ٹھہرا ہوا۔ کھڑا ہوا۔ کھڑا ہونیوالا۔ گدھا۔ کھڑا ہوا کیرو۔ گردن کی جڑ۔

عِرْدَاد (کسعفس) ہاتھی۔ ولاور سخت۔ کھوٹنا۔ یا اور لکڑی جس سے گھوڑے اور اونٹ کو باندھ دیں۔

عُرْدام (کسفس) بڑی شاخ کہ اُسپر چھوٹی چھوٹی شاخین ہون

عُرْوستہ (فسفف) زمین پر بچھا دینا - زمین پر دے مارنا -

عُرْدل (فسفف) بہت سخت - بہتے قد کا - اور کڑا -

عُرْدلتہ (فسفف) اکڑ کے پن کی چال سست چال کہ ہلتا جلتا گرتا پڑتا چلے -

عُرْدم (فسف) دلدار پورے بدن کا سخت جسمین گوشت کم ہو - ہر چیز سخت - گردن -

عُرْدمان (صسفسفس) سخت بدنکا بدخو یا موٹی گردن والا -

عُرْدمتہ (فسفف) سختی رکھنا پن

عُرْر (فف) کوہان کی چھوٹائی یا اُسکی کمی اور جاتا رہنا - خارش اونٹنی کا چھوٹے کوہان کا ہونا -

عُرْز (فف) ایک قسم کا چھوٹا سا درخت یزکا -

عُرْز (فف) (س) سخت ہو جانا -

عُرْز (فس) (ض) سخت کھینچنا -

عُرْز (فس) (ن) منقبض اور نرچ ہونا - ملامت و سرزنش کرنی سخت اور پر کار ہونا - ایک چیز کو مٹھی مین اس طرح چھپانا کہ اُسمین سے کچھ دکھائی دیوے اور اور ساری نہ دکھائی دے تاکہ لوگ اُسکے دیکھنے کے مشتاق ہون

عُرْزال (کسفس) شیر کا باسہ آدمی کہ پالیز کے کھیت پر نگہبان ہو - شیر کا اپنے رہنے کی جگہہ مین بچون کے لیئے گھونسلے کی مانند احاطہ بنایا ہوا - گوشت باقی رہا ہوا -

ایک چیز ہی جو ریشم کی بُنی ہوئی ہوتی ہی اور اُسمین چیزین رکھتے ہین - ایک چھوٹا سا گھر جو لڑائی کی جگہہ مین بادشاہون کے لیئے بناتے ہین - کھنبی کا توڑنیوالا - سانپ کی بانبی - تھوڑا سا اسباب درخت کی شاخ - درندے - آدمیون کا گروہ - بھاری حقیر ذلیل - توشہ دان کا منھہ - کوئی بات کہ جسکے لیئے آدمی کو پسند کرین اور خاص بنائین - شکاری کے جال مین شکار کے تکے

بوٹیاں جمع کی ہوئیں۔

عرزب (ضمف) کھردرا۔ سخت قوی۔ چکنا۔

عرزم (فتسف) ایک چیز گول سخت۔ محکم ہی۔ شیر۔

عرزم (کسمک) پرانا سانپ

عرزم (کسفت) شیر۔

عرس (فس) خیمہ کے بیچ میں کی چوب رسی۔ اونٹ کا چھوٹی عمر کا بچہ۔ ایک دیوار جو دو دیوار کے درمیان بنا کر نہ اوٹھا دیں اور پاٹے دیں تاکہ سر دیر گرم رہے

اعراس (ضفس) جمع۔

عرس البعیر عرسا (ن) اونٹ کی گردن کسکے بازو سے باندھ دی۔

عرس (فس) (ن) پھر جانا ہمیشہ خوش و خرم رہنا۔

عرس (کس) خاوند والی عورت جورو والا مرد۔ شیر مادہ ہو یا نر۔

اعراس (ضفس) جمع۔

ابن عرس نیولا کہ جسکے کان چھوٹے اور آنکھ کے پپوٹے اوندے ہوں۔

عرس (رفس) شادی کی مہمانی سونث ہی۔ اعراس (رفسفس) عرسات (رضفس) جمع۔

عرس (رفس) (ن) جماع کرنا۔

عرس (رفف) (س) حیران اور سرگشتہ ہونا۔ روکدینا۔ تکبر کرنا۔ بیخود ہونا۔ وحشت رکھنی۔

عرس (رفک) سرگشتہ شیر۔ ایک چیز کا لازم پکڑنے والا۔ ڈرنے والا۔

عرسی (رکسک) ایک رنگ ہی

عرش (رفس) تخت۔ بادشاہ کا تخت۔ جاہ و مرتبہ۔ ایک چیز کا رکن۔ گھر کی چھت۔ خیمہ۔ سائبان۔ ہر پوشش کہ سایہ کرے خانہ کعبہ۔ تخت رب العالمین کا۔

عروش (رفسفس) عرش (رضف) اعراش (رفسفس) عرشہ (رکف) جمع۔ قوم کا سردار اور تدبیر کرنے والا۔ محل۔ جنازہ۔ ملک۔ لکڑی جسے کوئیں کی بینڈھ پر رکھیں۔ پانوں کی بیٹھ۔ بانس کا سائبان لکڑی جسپر پانی کھینچنے والا کھڑا رہے

پرند جانور کا گھونسلہ۔
عرش البتمام چار ستارے
ہین چھوٹے۔
عرش (رفس) (ض ن) مچان
ٹانڈ بنانی۔
عرش الکلب کتا شکار
تک پسینے کے آجانے کے
سبب نہ پہنچ سکا۔
عرش (رفس) (ض ن) سرگشتہ و
متحیر ہونا۔ گھر کو بنانا۔ اقامت کرنی
عرش الوقود مجہولا برابر
ایندہن بھڑکا کیا۔
عرش بعزیمہ (س) قرضدار پر
سخت گیری کی۔
عرش (رفس و ف) (س) پھر جانا
قومی ہونا۔
عرش (رفس) گوشت کا ٹکڑا لینا
گردن کی ایکطرف ہین یا گردن
کی جڑ مین۔ یا ہڈی حلق کے
نزدیک کی کہ زبان کو قائم
رکھتی ہے۔ گھوڑے کی ایال
کے نیچے کے بال۔ کان۔ اونٹنی
تیار ہے سینے کی گویا کہ اسکے
سینے پر تخت بچھا ہوا ہی۔ مکہ معظمہ
یا اسکے آگے کے گھر۔ پانون
کی پیٹھ۔ انگلیون کے درمیان
مین جو کچھ ہو۔ عرشتہ (زفلف)
اعراش (رفسفس) جمع۔
عرص (رفس) کوندتی ہوئی بجلی
چمکنے والی۔ شہتیر جسپر کڑیان
رکھین یا کڑیا جسپر تختے کی چھت
بچھائی جاوے۔
عرص (رفس) (رض) آسمان کا
ہمیشہ بجلی اور کڑک سمیت رہنا۔
مضطرب ہونا۔ اونٹ کی گردنکو
اسکے بازو سے باندہنا۔
عرص (رف) (س) بجلی کا کوندنا
چمکنا۔ نشاط و شادمانی کرنی۔
گھاس مین سیلاب کے سبب بو ہو جانی
سیل کی جہت سے بو ہو جانی۔
عرصاف (کسفس) پٹھے کا
کوڑا۔ لبنا پٹھا۔ یا پٹھے کا ایک
ٹکڑا۔ تسمہ۔ کھاوہ کی سینچ جو
پالان کی ٹیڑہی لکڑی کے سیر
پر جڑ دیتے ہین اور وہ چار ہوتی
ہین۔ عراصیف (رفسکس) جمع۔

مادہ

یا دو لکڑیان جو کجاوہ کے دائین بائین باندہی جاتی ہین -

عِرْصَاعٌ مِنْ سَنَامِ الْبَعِیْر اونٹ کی پیٹھ کے منکوں کے کنارے

عِرْصَاعُ الْحَلْقُوْم ناک کے اندر کی دوہری ہڈیان

عُرْصَامٌ (کسفس) اعراصم (ضفسک) بمعنی عرصم (کسفت) دبلا پتلا - نرم - یا تیار اور سخت -

عُرْصَۃٌ (فسف) گھر کا صحن - انگنائی - سرا کی زمین - لڑائی کا میدان - عراص (کفس) عرصات (فقفس) اعراص (فسفس) جمع -

عُرْصَفٌ (فسف) ایک گھاس ہی یونانی -

عَرْصَفَۃٌ (فسفف) کھینچنا - ایک چیز کے لبنان مین دو ٹکڑے کرنے

عِرْصِمٌ (فسف) عرصم (فسف) بہت کھانے والا خرم و شادمان

عَرْصَمٌ (کسفت) دبلا پتلا - نرم قوی اور سخت - گوشت والا - لغات اضداد سے ہی - شیر -

عُرْصُوْفُ الْاِلِکَافِ وعُصْفُوْرُ الْاِلِکَافِ بمعنی عُرْصَافُ الْاِلِکَافِ پالان کی لکڑیان -

عُرْصُوْفَانٌ (ضسفسفس) دو لکڑیان ہل کی لکڑیونمین کی -

عُرْصُوْمٌ (ضسفسفس) بخیل - کمینہ

عُرْضٌ (فس) چوڑان لبنان کا مقابل - اسباب و متاع - چاندی اور سونے کے سوا ہر چیز -

عروض (ضفس) جمع - پہاڑ - یا پہاڑ کا منھ یا پہاڑ کا کنارہ - یا وہ جگہ کہ اس سے پہاڑ پر چڑھتے ہین - فراخی - وادی - میدان - لشکر - (اعراض (فسفس) جمع - رات کی ایک ساعت - ابر یا ابر کہ آسمان کے کنارے کو گھیرے - قصد و ہمت - گانو - اعراض (فسفس) جمع -

عرض (فس) (ض) ظاہر و آشکارا ہونا - ظاہر و آشکارا کرنا - کسی کے آگے ایک چیز پیش کرنی اور دکھانا - نمایان ہونا - پیش آنا - آفت پہنچنی - نامہ و نبشتہ کو آگے رکھنا -

ناخوشی کا پیش آنا - جانور کے
چوتڑ پر نشان کرنا - گھوڑے کا
سر اور گردن کو دوڑنے مین
ٹیڑھا کر چلنا - خرید و فروخت مین
دھوکا کھانا - دیوانگی - آدمی کا
بغیر بیمار پڑے مرجانا - ظاہر ہونا
جبکہ لام صلہ ہو - بیچنے کے لیئے کسی
ایک چیز پیش کرنی -

عَرَض (مذ) عروض (مذ) جمع
(ض) ظاہر و آشکارا ہونا - عرض
مین داخل ہونا - برتن کے عرض
مین لکڑی رکھنی -

عَرَضَت لَہُ الحاجۃ کسی کو
حاجت پیش آئی -

عَرَضَ لَہُ مِن حَقِّہٖ ثَوبًا اسکے
حق کے بدلے کپڑا پیش کیا -

عَرَضَ الشَّیءُ یعنے ایک چیز
کے کنارے پر پہنچ گیا -

عَرَضَ لِبَیتِہٖ اپنے اسباب
سے مبادلہ کیا -

عَرَضَ القَومَ عَلَی السَّیفِ
یعنے قوم کو مار ڈالا -

عَرَضَ عَلَی السَّوطِ کوڑے
سے مارا -

عَرَضَ الحَوضَ وَالقِربَۃَ حوض
یا مشک کو بھر دیا -

عَرَضَت الشَّاۃُ بکری بیماری
مین مرگئی -

عَرَضَ عَرَضَہٗ کسی طرف کا ارادہ کیا

عَرَضَ الجُندَ عَرَضَ عَینٍ لشکر کو کسی پر پیش کیا اور اسکے
حال کو دیکھا -

عَرَض (مذ) پہاڑ کا چہرہ -
پہاڑ کی جڑ - کنارہ - طرف - ندی
اور دریا کا بیچ - ہر چیز کا بیچ بہتر
اور بزرگ - بڑا - شریف
آدمی - قصد - ہمت - گردن کی
دونون جانبین - لمبے گھوڑے
اور بڑے اونٹ کی ایک قسم
کی رفتار -

عَرَضُ النَّاسِ عام آدمی -

عُرضُ اَستفارِ اونٹنی سفر کرو

نَظَرَ اِلَیہِ عَن عُرضٍ یعنے
گوشہ چشم سے دیکھا کن انکھیون
سے دیکھا - عراض (مذ) جسم

عُرض (مذ) اندام - ہر عضو

جسمین سے پسینا آوے - آدمی
کے بدن کی بدبو یا خوشبو - چیز
کی ذات - مرد کی آبرو اور عزت
جسکو نقصان و رخنہ سے بچاوین
جدی آبرو - یا حسب و شرف جسپر
فخر کرین - کبھی اُس سے آباؤ اجداد
مراد لیتے ہین - طبیعت - خوے
نیک - پوست - لشکر - وادی -
یا ایک نخلستان - جھاؤ - پہلو -
کڑوی گھاس کھاری مزہ کی -
وادی کا کنارہ - شہر کا کنارہ -
وادی کا گرد و نواح - شہر کا نواح
فضا - بڑا ابر - گھرا ابر - ٹڈی دل
جو کہ آدمیون کو ایک چھوٹی اور
ناچیز چیز پر فریب دے - عرضۃ
(کسف) مونث ہی -

عَرَض (فف) بیماری وغیرہ جو
آدمی کو لاحق ہوتی ہی - نقصان
مال و اسباب - مال بہت ہو یا تھوڑا
جہاد - لوٹ - لشکر - حرص - ہوا کا
عارضی چیز - اصطلاح منطقیین
مین جو چیز کہ دوسرے کے ساتھ
قائم ہو جیسے کپڑا رنگین رنگت

عرض ہی کہ کپڑے کے ساتھ قائم ہی
ایک چیز پر اُسکی غفلت مین آ پہنچنا -
کسی کے ہوا و عشق مین بے قصد
پھنس جانا -

سَہْمٌ عَرَضٌ وَحَجَرٌ عَرَضٌ تیر
یا پتھر جو دوسرے پر پھینکین اور
جا لگے -

عرض (س) چارے کی
بہتایت مین موٹا اور پر گوشت ہونا
ظاہر اور آشکارا ہونا - نمایان ہونا
پیش آنا - آفت پہنچنی -

عرض (نصف) گوشہ چشم - آنکھ کا
کونیا - کنارہ - ناحیہ -

عرض (کف) عراضۃ (نصف
ک) چوڑا ہونا -

عرضۃ (نصف) قصد - قوت -
ہمت - کشتی کا ایک داؤ ہی -

عُرْضَۃٌ لہ اُسکا ہمسر - عرضۃ للزوج
عورت جو خاوند پر قوی اور توانا ہو -
وہو عرضۃ للناس یعنی لوگونکے بُرا کہنے کو
چھیڑتا ہی کہ ہر ایک اُسکو بُرا کہتا ہی -
ناقۃ عُرْضَۃ آونٹنی جو نشاط کے
مارے ادھر اُدھر منہ اوٹھے چلے -

کن انکھیون سے دیکھنا - گوشہ چشم سے دیکھنا -

عَرضَنی (کفتف) سرکشی - اکڑکر چلنے والے کی چال - گوشہ چشم سے دیکھنا -

عرضی (فتف) ایک قسم کا کپڑا

عرضی (کفتفس) شادمانی خوشی

عرضی (ضفکت) جو کہ زین پر بیٹھ لسکے - اونٹ جو چلنے مین شوخی کرے کم مختی ہونیکے سبب

بَعیرٌ عُرضِیّ و ناقۃٌ عُرضِیّۃ سرکش - سخت چلنے مین شوخی کرنے والا -

عرضیۃ (ضفکتف) بیباکی سختی سرکشی -

عرط (فس) (ن) اونٹنی کا درخت کو اتنا کھانا کہ اُسکے دانت گر جاوین

کسی کی پیٹھ پیچھے برائی کرنی -

عرطبۃ (ضفتف) ڈھول - طنبورا - ڈھولک - طنبور - رود -

عرطۃ (فتف) یکسو ہونا - علیحدگی قبول کرنی -

عرطتہ (فتف) قوم سے یکسو ہونا - اور کنارہ پکڑنا اور لڑائی جھگڑے سے بیٹھ رہنا -

عرطل (فتف) گٹھیلا خوب لینا -

عرطلیل (فتفکس) بمعنی عرطل -

عرطنیثا (فتفکستس) درخت بجور مریم کی جڑ -

عرطویل (فتفکس) دیدار جوان

عرعار (فتفس) لڑکون کا ایک کھیل ہی - اِس لفظ سے لڑکے آواز کرتے ہین تاکہ اور لڑکے آجائین -

عرعر (فتف) سرو کا درخت جو ہمیشہ سبز رہتا ہی -

عرعر (فتفتس) ناک کے نتھنون کے بیچ کا پردا - پیڑو فلان - پیڑو کی جڑ - فلان کی جڑ -

رَکِبَ عُرعُرَۃً یعنی بدخو ہوگیا -

عرعرۃ (فتفف) شیشے کا سر بند سر کا چمڑا - لڑکونکا ایک کھلونا ہی -

عَرعَرَ عَینَہٗ آنکھ نکال ڈالی اُسکی - لہکانا حرکت دینا -

عرعرۃ (فتفتف) ہر چیز کا سر اور جہان سے وہ بلند ہو -

عُرف (ض ف) خوشبو۔ بوے ناخوش
ایک گھاس ہی۔
عرف (ض ف) گھوڑے کی
ایال کے بال کاٹنے۔ صبر اختیار کرنا
اقرار کرنا جبکہ صلہ لام اور ب ہو ہتھیلی
مین پھوڑا نکل آنا اس معنی مین
مجہولاً مستعمل ہوتا ہی۔
عرف (ک س) دیر مین پہچاننا۔
پہچان مین دیری۔ صبر۔
عرف (ض س) پہچانا ہوا۔ خوبصورتی
جوانمردی سخاوت داد دہش۔
دریا کی لہر۔ موج۔ پہچان۔ اقرار
گھوڑے کی ایال۔ مرغ کا
تاج۔ بلند ریگ تودہ۔ بلند جگہ
عرف (ض ف) اعراف (ض ف س جمع)
ایک قسم کی کھجور یا وہ کھجور جو پہلے
ہی پھل پھلی ہو۔ درخت ترنج۔
ریگ تودہ کی پشت کہ بلند نکل
آئی ہو۔ آگے پیچھے پے در پے
عرف (ض ف) خوشبو کو پھیلانا۔
عرفاء (ک س ف م) بجو۔ ایال دار
اونٹ۔ عرف (ض س) جمع۔
عرفات (ض ف س) ذی الحجہ کے
نویں دن مکہ معظمہ سے بارہ کوس پر
حاجیون کے ٹھہرنے کی جگہ۔
عرفاس (ک س ف س) اونٹنی جو سیر و
سفر پر خوب صابر ہو۔ شیر
عرفاص (ک س ف ص) کوڑا جس سے
ادب دیون۔ سیانجی کی چھڑی۔
اور بادشاہ جس سے سزا دیوے
یعنی دُرّہ۔ بیت۔ کوڑا۔ لنبی تانت
تانت کا لچھا جس سے کجاوہ
کی لکڑیون کی سرون کو باندھین
(اعرافیص ف ف س ک س جمع۔
عرفان (ک س ف ض) عرفۃ
(ک ف) عرفان (ک ک ت ف س)
پہچان لینا۔ پہلے انجان سمجھکر
پھر پہچان لینا۔
عرفان (ک ک ت ف س) بڑا جھینگا
ٹڈی کی مانند۔ یا ایک چھوٹا سا
کیڑا ہی۔
عرفۃ (ض ف) ہوا۔ ہاتھ کی
ہتھیلی کا زخم۔ سوال۔
عرفۃ (ک س ف) شناخت۔ پہچاننا
عرفۃ (ض ف) اونچی اونچی
ہوئی زمین جسپر خوب گھاس اگے

دو چیز کے درمیان کی حد فاصل۔
عرف (ضف) جمع۔ بلند ریگ تودہ
جاے بلند۔
عرفہ (ضفف) ذی الحجہ کے مہینے
نواں دن۔
عرفج (فسف) ایک درخت ہی۔
عرفجہ (فسفف) ایک درخت۔
عرفسیس (فسفکس) اونٹنیان
اور عورتین جو سخت اور دلاور ہون
عرفط (ضفسف) ایک قسم کا درخت
ہی خاردار۔ عرفطہ (ضفسفف)
ایک درخت۔
عرق (فس) ہڈی جسپر سے پھیلکر
گوشت کھالیا ہو۔ عراق (فسف)
جمع۔ یا ہڈی گوشت دار۔ پانیکو
لگا ہوا رستہ۔ راستہ جس سے
بہت آئے گئے ہون۔
عرق (فس) (ن) ہڈی پر کا
گوشت کھانا۔ چلنا۔ کم گوشت
ہو جانا۔ دبلا ہو جانا۔ اس معنی
مین مجہول لازم مستعمل ہی۔
عرق (کس) رگ۔ ریشے
درخت کی جڑ کے ریشے۔ عروق

(ضفس) اعراق (فسفس) عراق
(کفس) جمع۔ ہر ایک چیز کی اصل و
بن۔ شور زمین کہ جسمین کچھ پیدا نہو
اوسر زمین۔ شور زمین کہ جسمین
جھاؤ کے سوا کچھ پیدا نہو۔
دشوار گذار پہاڑ کہ صعوبت کے
سبب اوسپر چڑھ نسکین۔ چھوٹا
پہاڑ۔ لغات اضداد سے ہی۔
تن۔ دودھ۔ بہت بچے۔ ریت کا
ٹیلا سا ٹیکہ اجو لبنانی مین پھیلا ہوا ہو
یا بلند جگہہ۔ عروق (ضفس) جمع
زمین جسمین بہت سے درخت ہون
ہلدی۔ زرد چوبہ جس سے رنگتے ہین
پہاڑ کی حد اور کنارہ۔ ترش
گھاس باقی رہی ہوئی
عرق (ضف) حیوان کا پسینا
اور کبھی غیر حیوان مین بھی مجازاً
استعمال کرتے ہین۔ دیوار کی
سیل۔ خاک۔ یا تھوڑی سی خاک
دودھ۔ کھجور کے درختون کی قطار
کچی اینٹون کی قطار۔ دیوار کا ردا
پہاڑ کے نالے۔ اونٹون کی قطار
منقی۔ انجیر۔ گھوڑون کی ادا

عرق۔ رخال۔ فرار۔ یا عرق گوشت دار ہڈی اور عراق جسپر سے گوشت کھالیا ہو یا دونو نکے دونو ہین ۱۲
۱۲ معنے ہین ۱۲ مولوی حبیب الرحمن صاحب جمادی ۷۶

مادہ		
	پرندون کی قطار - ہر چیز کی قطار بنائی ہوئی - کھجور کا بوسیدہ چٹائی کھجور کے پتھے کی زنبیل - گھوڑے کی ڈگ	
	عَرَقُ الْجِلَال عطیہ جو دوستی کی نظر سے دیوین -	
	عَرَقُ الْجَبِین ماتھے کا پسینا	
	سکرات موت کی شدت و طلب جلال کی مشقت سے کنایہ ہے -	
	عُرَق (رف) (س) سست ہو جانا اونٹون سے نفع اوٹھانا - اور بچہ لینا - پسینا آنا -	
	لَین عَرَق دودہ کہ اونٹون پر لادا جاوے اور اونٹ کے پسینے کی بو سے بدمزہ ہو گیا ہو	
	عَرِق (ضف) بہت پسینے والا جسکو بہت پسینا آتا ہو -	
	عَرَقَاۃ (ففس) صاف پانی مال کی اصل - درخت کی جڑ کہ اس سے اور جڑین نکلین - اور یا عرقہ (کسف) کی جمع ہے -	
	عَرَقَاۃ (ففس) ڈول کی لکڑی	
	عَرَقَال (کسفس) ٹیڑھے رستے چلنے والا کہ سیدھے رستے نہ چلے -	
	عَرْقَبَہ (فسفف) کونچین کاٹنا یا اوٹھانا تاکہ گر پڑے یا اوٹھے - حیلہ کرنا -	
	عَرْقَہ (فسف) پہاڑ مین کا رستہ -	
	عِرْقَہ (کسف) جڑ - بنیاد - اصل مال - درخت کی جڑ کہ اس سے اور جڑین نکلین -	
	عَرَقَہ (ففف) لکڑی جو دو ستون کے عرض مین رکھی ہوئی ہو - چٹائی کا ایک رتوا - گھوڑون اور پرندون وغیرہ کی ایک قطار - کھجور کے پتھے کی زنبیل - درہ جس سے مارتے ہین - نواڑ جو خیمے کی گرداگرد لگاتے ہین - ڈور - رسی وغیرہ جس سے قیدیون کو باندھتے ہین عرق (رف) عرقات (رفففس) جمع - پہاڑ کی راہ - پہاڑ کی چوٹی جو آسمان مین نکلی ہوئی ہو -	
	عَرِقَہ (ضفف) بہت پسینے والا جسکو بہت پسینا آتا ہو -	
	عُرْقُدَہ (ضففف) سخت بٹا -	
	عَرْقَصا (ضسففسم) ورق -	

یا بربطوی اور وہ ایک گھاس ہی کہ اُسکی پتی سونف کی پتی کے برابر ہوتی ہی۔

عرقصہ (فسفف) پویہ دوڑنا۔ ناچنا۔ سانپ کی رفتار۔

عرقلہ (فسفف) توسط سے میلان کرنا۔ افراط تفریط کرنی۔

عرقل کلامہ بات سچی نکہی۔

عرقل علی فلان کسی پر کام کو ٹیڑہا کردیا۔ کلام غیر مستقیم کو کسی پر دائر کیا۔

عرقلی (فسفف) اینٹھ کر چلنے والے کی چال۔ متکبر کی چال۔

عرقوب (فسفس) آدمی کے ایڑی کا موٹا پٹھا۔ نالہ کا خم موڑ۔ حیلہ حجت کی شناخت۔

عرقوب الدابۃ چوپائے کے پانون کا پٹھا۔

عرقوب القطا ساق قطا۔

عرقوۃ (فسفف) زمین کا ہر یک پشتہ آسان گذار۔ سنگ تودہ گور کی مانند۔

عرقوۃ الدلو ڈول کی لکڑی۔

عرقوتان (فسفقفس) صلیب کی مانند دو لکڑیان ڈول کے عرض مین رکھی ہوئین۔ آپسمین دو لکڑیان ملی ہوئین کجاوہ کے اگاڑی اور پچھاڑیمین۔ عراقی (فسفسک) جمع۔

عرقیل (رکسکس) انڈے کی زردی

عرک (فک) جنگ وغیرہ مین اپنے حریفون کو خوب پچھاڑنیوالا خوب آزمودہ کار۔ اور جنگ مین سخت قوی۔ عرکون (فکفس) جمع۔ گٹھا ہوا ریت کہ جم کر سخت ہوگئی ہو۔ آواز۔ دریا کی دہار۔ سنجد ہار۔

عرک (فس) درندونکی پلیدی۔

عرک (فس) (ن) پوست وغیرہ کو ملنا۔ ایک چیز کو اتنا چھیلنا کہ محو ونا چیز ہو جاوے۔ بدی اور زمانہ کا کسی کو برانگیختہ کرنا۔ بارے دشتر کو اسکی کہنی کا کاٹنا اتنا کہ گوشت تک پہنچ جاوے زمانہ کا کسی کو پکا اور ہوشیار کر دینا۔ چوپائے کا گھاس کو چرنا۔

گوشمالی دینی۔

عَرْک (ض) عراک (ف) عرک (ن) (ن ض) حائض ہونا عورت کا۔

عَرَکَ الاِبِلُ فِی الحَمْضِ اونٹ کو کھٹی گھاس مین چھوڑ دیا کہ خوب کھاوے۔

عَرْک (ف) اسم مصدر عَرَک۔ واواز۔

عَرِک (س) ہمسرون کا خوب پچھاڑنے والا ہونا۔ سخت پچھاڑا جانا لڑائی مین۔

عَرَکَانِیَۃ (ففسکتف) بمعنی عَرَکَتِیَّہ یعنے چھنال عورت۔ بدکار۔ چھتیسی۔ زناکار۔

عَرْکَۃ (مسف) ایکبار۔ عرکات (ففس) جمع۔

عَرَکَۃ (مفف) خبیث و پلید بدبو

عَرْکَل (فسف) موٹی فلان دہلدہلی فلان۔ اونٹ قوی سخت۔ مرد جسیم۔ تیار۔ اونٹ جسکا بازو کھنی کی ڑگر سے چھلگیا ہو

عَرْکَلَۃ (فسفف) بہت موٹی عورت بھدی بدصورت۔

عَرْکَسَۃ (فسفف) چیز کو ایک دوسرے پر چننا اور جمع کرنا۔

عَرْکَل (فسف) دف۔ ڈھول

عَرْکِی (ففکت) ماہی گیر کشتیبان

عَرِک (ف) عروک (ففس) جمع

عَرْکِیَّہ (ففکت) زانیہ عورت۔ بدکار۔ چھنال چھتیسی۔ موٹی عورت سخت۔

عَرَم (فس) گڑھا۔ پانی کے اکٹھے ہونے کی جگہ۔ عرمان (فسفس) جمع۔ چکنائی۔ ہانڈی مین بچی ہوئی چیز۔

عَرَمَا وَاللّٰہِ بمعنی اَمَا وَاللّٰہِ۔

عَرْم (فس) (ن) ہڈی پر سے گوشت چھوڑانا۔ درخت کو چوپائے کا چبانا اور چیرنا۔ لڑکے مان کا دودھ پینا۔ کسی کو رنج و اذیت پہنچانی۔

عَرَامَۃ (فسف) عرام (ففس) (ن ک س) شدید و سخت ہونا۔ شوخ ہونا۔ لڑکے کا ناز کرنا اور ناز سے چلنا

خوش ہونا - اترانا یا سرگشتہ اور
تباہ ہونا - کھانے مین سے کچھ کھانا -
عَرَم (ف) سیاہی سپیدی ملی ہوئی
سیاہی و سپیدی کے نقطے لگانے
لب گوسپند پر ایک سپیدی ہوتی ہے
کچا گوشت - سنگ خوار جانور کا انڈا
عَرَمُ العَظم (س) نرم ہوگئی ہڈی
عرم (ف) ہر چیز سخت و درشت -
جو چیز کہ درمیان دو چیز کے حائل ہو
عرماء (فسفسم) مونث اعرم
(فسف) یعنی بکری جسکے ہونٹھ پر
سپیدی ہو - سانپ جسپر سیاہ
سپید نقطے ہون -
عَرماض (کسفس) گائے -
عرمۃ (فسف) ریت کے اکٹھے
ہونے کی جگہ -
عَرمۃُ الرَّجُل مرد کا قبیلہ اقربا
عرمۃ (فسف) بمعنی عرم (ف)
یعنی سپیدی سیاہی ملی ہوئی
عرمۃ (فکف) پانی کا بند - دو چیز
کے درمیان کی روک - عرم
(فک) جمع - جنگلی چوہا - روز کا بچھڑا
عرمۃ (ففف) آگ پر پکی ہوئی
چیز کی بو - کھلیان کہ اوڑایا نگیا ہو -
ریگ تودہ -
عَرمرم (رفسفف) سخت جو کچھ ہو -
بہت سا لشکر -
عرمس (کسک) بڑا پتھر مضبوط
اونٹنی -
عرمس (ففتف) مرد جو اپنے
کار دیار مین چالاک و رسا اور دانا ہو
عرمستہ (فسفف) نرمی اور کربڑ
پن کے بعد بدن کا مضبوط ہو جانا -
عرمض (فسفف) کانٹے دار درخت
ہر درخت جو کبھی بڑا نہ ہووے -
جھڑبیر یا چھوٹا سا درخت - پیلو کا
درخت - کائی - عرمضۃ (فسفف)
ایک درخت -
عرمض (کسک) خاردار درخت
عرمضۃ (فسفف) عرماض
(کسفس) پانی پر کائی جمنی -
عرن (ففف) بہت سا پانی -
آگ مین پکی ہوئی چیز کی بو -
دہوان - ایک درخت ہی جس سے
چمڑے کو دباغت دیتے ہین -
پکا ہوا گوشت - ایک بیماری ہی جو

چوپایہ کے پاؤں پانون مین لگتی ہی
اور بالون کو گرا دیتی ہی - یا چوپایہ
کے ہاتھ پانون کی پھٹن - یا ایک
سختی ہی جو گھوڑے کے ہاتھ
پانون کی کاپچی مین ہو جاتی ہی -
چوپایہ کو زخمی کرنا -

عَرَن (فک) جو قسائی یا گوشت
کے تقسیم کرنے والے کے ساتھ
ہوے یہانتک کہ وہ اُسے اونٹ کا
گوشت کھلا دے -

عِرن (فک) (رن ض) اونٹ
کے نکیل ڈالنی - اونٹ کی
ناک کا نکیل سے دکھنے لگنا -
اِس معنی مین مجہول لگ مستعمل ہی -

عُرن (رکس) آگ مین پکی ہوئی
چیز کی بو -

عُرناس (رکسف) کبوتر کی
مانند ایک جانور ہی - پہاڑ کی ناک
روئی کی پونیون کے کہنے
کی جگہہ - کتنی -

عُرنتہ (رفکف) چوپایہ جس کے
پانوٗ مین بل ہو - اور پانوٗن
کے بال جاتے رہے ہون -

عَرنتہ (رکسف) ناک کی رگین -

عَرنج - درخت کی جڑ جس سے کپڑے
دباغت دین - پلید مرد - مردونے
طاقتی سے گرا ہوا - کمزور -

عَرند (رضفس) سخت اور ٹھوس

عرندد (رفسف) سخت اور ٹھوس

عَرندس (رفسف) سخت قوی
اونٹ - پانی کی رو - شیر -

عَرندل (رفسف) بمعنی عرد ل
(رسف) یعنی سخت - کھرا اپنے تئین کا

عُرنین (رکسکس) ناک - یا ناک
کی سخت ہڈی - ناک کی جڑ - ہر چیز
کی بہتر اور اول - سردار اور شریف قوم

عُرو (رفس) (ن) کسی کو دبا لینا
احسان اور بھلائی چاہنے کے لیئے
آنا - جاڑے سے بخار آنا -
مجہولا - کسی پر ایک چیز نازل ہونی
مہمان کا میزبان کو گھیر لینا -
ایک چیز کے پکنے کے پیچھے
گمگین ہونا - کسی کا قصد کرنا -

عُرو (رکس) ناحیہ - کنایہ - وہ
شخص جو کہ امور مین اہتمام کرے

اعراء (صفص) جمع۔
عُرَاءٌ (صفقسم) تپ کی سردی۔
لرزہ۔ جھرجھری جو شروع لرزہ
مین آتی ہی۔ آفتاب کے زرد ہونے
سے لیکر رات تک جبکہ سردی ہوا جاوے
عروان (صنفص) ایک گھاس
ہی یا وہ درخت کہ اُسکا پتا جاڑے
مین نہ گرے۔
عروب (صفص) صاحب جمال
عورت خاوند کو دوست رکھنے والی
یا نافرمان عورت۔ یا خاوند کی عاشق
یا زبردستی سے خاوند کو دوست
رکھنے والی۔ یا بہت ہنسنے والی
عورت ہنسوکڑ۔ کھلو۔ باولی۔
عرب (صفص) جمع۔
عُرَبَاءُ (صفسقسم) ساتوان آسمان
عُرُوبَة (صفسف) عربی زبان ہونا
عروبیۃ (صفسکتف) عربی
زبان ہونا۔
عُرُوَة (صفسف) گوشہ۔ ڈول
اور آبخورہ کا دستہ۔ ڈنڈی۔
فرج کے درمیان کے گوشت
زائد مین کا گوشت ظاہر جو اب

سادائین باہین لگا رہتا ہی گو دیکھا
گردہ۔ بڑے بڑے اونچے
درختون کا جنگل۔ کانٹون دار
درخت۔ جھاؤ کے درخت کہ
قحط مین اونٹ کھاتے ہین
شیر۔ گنجے درخت آپسمین لپٹے
ہوے کہ جاڑے مین اونٹ
وہان رہین اور کھاوین۔ درخت
جسکا پتا جاڑے مین نکلے
ہر گھاس جو جاڑے مین ہوتی ہے
عمدہ مال جیسے گھوڑے شہر کا
گرداگرد سوا۔
عُرُوَة الثُّوب تکمہ۔
عُرُوج (صفص) (ن) بلند ہونا
چڑہنا۔ پانون مین چوٹ لگنی
اور لنگڑا ہو جانا۔
عُرُود (صفص) گھاس کا اونچا
اور بڑہنا۔ پتھر کو دور پھینکنا۔
عَرُوس (صفص) دولہا۔
دلھن جنکی نئی شادی ہوئی ہو۔
عرس (صفص) عرائس (صفسف) جمع
لَا عِطْرَ بَعْدَ عَرُوسٍ ایکمثل ہی
اُس شخص کے لیے بولتے ہین

کہ جس سے عمدہ چیزین نہ چھپائی جائین۔

عَرُوشَۃ (رفسنف) چوپائے پر سوار ہونا۔

عَرُوض (رفضس) اونٹنی جسکے پسینے مین اچھی بو آوے۔

عَرُوض (رفضس) مکہ و مدینہ۔ مکہ و مدینہ کا گرد۔ سواد۔ اونٹنی جسپر محنت نہ پڑے۔ شعر کے وزن شعر کے اول مصرع کا اخیر جزو اما یض (رفضکس) اما رض (رفضسک) جمع۔ کنارہ۔ گوشہ۔ پہاڑ مین کا راستہ۔ کلام کا مضمون چلنے کے وقت جو جگہہ کہ کسی کو پیش آوے بہت چیز۔ ابر طعام بکری۔ اونٹ جو چارا نہونے کے سبب کانٹے کھاوے۔ حاجت۔

عَرُوط (رفضس) اونٹنی جسکے درخت مکھاتے کھاتے دانت گر گئے ہون۔ عرط (رفضص) جمع۔

عَرُوف (رفضس) بڑا صابر و عروف (رفضنس) جمع۔

عَرُوفَۃ (رفضسف) داتا مرد۔ ہر چیز کا ماہر۔ کام کا پہچاننے والا۔

عَرُوق البیض ایک مکھی ہے جو عورتون کو موٹا کرتی ہے اسے مستعجلہ بھی کہتے ہین۔

عُرُوق الحُمَّر مجیثہ کہ جس سے کپڑے ریشم وغیرہ کو رنگتے ہین۔

عُرُوق الشَّجَر ملک کہ ایک پہاڑی درخت ہے۔

عُرُوق الصُّفر ہلدی۔ یا میران یا کرکم خرد یہہ سب ہلدی کی قسمین ہین

عُرُوق الکافُور زرنباد زرچوب

عَرُوکَۃ (رفضسف) اونٹنی کہ بغیر کوہان کے چھوٹے کے اسکی فربہی دریافت نہووے۔ اونٹنی جسکے کوہان کی چربی مین شک ہووے۔ عرک (رفضص) جمع۔

عَرُون (رفضس) چوپایہ جسکے ہاتھ پانون پھٹ گئے ہون اور بال اوڑ گئے ہون۔

عَرَہِل (کسفت) مضبوط اونٹنی

عَرَہم (رفسف) شیر۔

عَرَہلم (کسفک) شیر۔

عُرْهُوم (ضسفسس) مینھہ۔ جھاؤ کا درخت سوکھا ہوا۔ ہر چیز نازک و نرم۔ درخت انگور جب کہ اُسکا سبز ظاہر ہوا ہو۔	(ضفسف) جمع۔ جو چیز کہ درخت کھجور کے بیچنے کیوقت اُسمین سے بھاؤ سے الگ کرین۔ پیمانہ سرد ہوا۔
عُرْهُون (ضسفسس) ایک گھاس ہی یا وہ سپید کھنبی ہی۔ عراہین۔ (ضفسکس) جمع۔	عَرِیّہ (ضسنف) وہ عضو جو کہلے رہتے ہین جیسے ہاتھ پاؤن چہرہ۔
عُرَی (ضف) تکمہ۔	عَرِیج (ضکس) کمزور اونٹ۔
عَرِی (ضکت) سرد ہوا۔	عَرِیجاء (ضفسفسم) دوپہر اونٹون کا پانی پر آنا۔ کبھی دوپہر کو اور کبھی صبح کو۔ ہر روز ایکبار کھانا۔
عَرْی (ضس) (ض) پوشیدہ کرنا کسی کے پاس آنا۔	عَرِید (ضکس) دور۔ خوے۔
عَرِی (ضفت) عیب دار عورت۔	عَرِیر (ضکس) مسافر و بیگانی قوم کا۔
عَرِی (ضکت) سرد ہوا۔	عَرِیس (ضکسس) شیر کی خوابگاہ۔
عَرِی (ضس) ننگے زین کا گھوڑا گھوڑے ننگی پیٹھ کا۔ اعراء (ضفسفسم) جمع۔ ننگا پن عریانی۔	عَرِیسَہ (ضکسسف) بمعنی عریس۔
عَرِی (ضس) عَرِیَہ (ضسنف) (ن) ننگا ہو جانا۔	عَرِیش (ضکس) کجاوہ۔ انگور کی ٹٹی جسپر بیل چڑہتی ہی۔ ٹانڈ جیسے کہیتی والے کھیت مین بناتے ہین۔ شکار کی ٹٹی۔ عرش (ضفس) جمع۔ چارپایا پانچ کھجور کے پتون کا ایک جڑ سے نکلنا۔ چھپر۔ سائبان۔
عَرِیب (ضکس) بمعنی کوئی۔	عَرِیض (ضکس) چوڑا چکلا۔
عَرِیَہ (ضکت) سرد ہوا۔ کھجور کا درخت جو نہ پھلے۔ کھجور کا درخت جسکا پھل کھا لیا ہو۔ درخت جسکا میوہ محتاج کو دیدیا ہو۔ عرایا۔	

مادہ	
	بھیڑ کا بچہ ایک سال کا جو جفتی کے لیئے بوجہ اور ارادہ کرے۔
	عرضان (ضفسفس) جمع۔
	عَرِیضُ الْبِطَان فارغ البال دولتمند آدمی خصی بکرا۔
ع ر ض	دُعَاءٌ عَرِیضٌ بہت چوڑی چکلی دعا۔
ع ر ض	عَرِیض (کفتکس) جو کہ آدمیون کے آگے شر و فساد پھیلاوے۔
ع ر ض	جو کہ بیفائدہ کام کرے اور لغو کے درپے رہے۔
ع ر ض	عَرِیط (فکس) بچھو۔
ع ر ط	اُمُّ عَرِیط و اُمُّ الْعَرِیط بچھو۔
ع ر ف	عَرِیف (فکس) دانا و شناسندہ۔
ع ر ف	جو کہ اپنے یارون کو پہچانے۔
ع ر ف	کارگذار قوم۔ عرفاء (ضفقسم) جمع
ع ر ف	یا رئیس قوم۔
ع ر ق	عَرِیق (فکس) مرد جو کرم اور
ع ر ق	ناکسی سن صاحب عِرق ہو۔
ع ر ق	عُرَیقِصَاء (ضفسکفسم) عرقیصاء (ضفسکفسف) عرقصان (ضفسضفس) عرقصان (ضفسفس) بمعنی عُرقصاء۔
ع ر ق	عُرَیقطان (ضفسکفس) بمعنے

	عُرَیقطہ (ضفسکف)
	عریقطہ (ضفسکف) گٹھیلا مرد۔
	ایک جانور چھوٹا ہی۔ عریض اور سے ملنے والا گوہ گردان کی مانند۔
	عریک (فکس) گٹھیلا مرد۔
	عریکہ (فکسف) کوہان یا کوہان کا بچا ہوا عرانک (فضسک) جمع نفس۔ طبیعت و خو۔ نخوت تکبر۔
	عَرِیم (فکس) بلا و سختی۔
	عَرِین (فکس) جنگل۔ درخت دار جنگل۔ بن کہ شیر اور بھیڑیئے اور سانپ کے رہنے کی جگہ ہووے۔
	عرن (ضفس) جمع۔ خشک اور گلا ہوا درخت ببول کا۔ بہت سے درخت۔ گوشت ناخنہ کی آواز۔ گھر کا گروہ۔ شہر کا گروہ۔ کانٹا۔ سوسمار کابل۔ ارجمندی۔
	عَرِینَہ (فکسف) بیشہ جنگل۔ بن درختون کا جھنڈ کہ شیر اور بجو اور بھیڑیئے اور سانپ کے رہنے کی جگہ ہووے۔
	عَزَّ (فت) عزہ (کتف) عزازۃ (فضسف) (ض) ارجمند ہونا۔

لائق ہونا۔ آبرودار ہونا۔ خواری کے بعد قوی ہونا۔

عَزَّ الشَّیْءُ کمیاب ہوگئی چیز۔

عَزَّ الْمَاءُ پانی جاری ہوا۔

عَزَّتِ الْقُرْحَةُ زخم جاری ہوا۔

عَزَّ عَلَیَّ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا ثابت اور درست اور لازم اور دشوار ہوا مجھپر ایسا کرنا تیرا۔

عَزَّ (ف ک) صابر و شکیبا ہونا۔

عَزَّ (ک ت) عزت۔ آبرو۔ لیاقت روز کا مینھہ۔

عَزَاءٌ (ف س م) سخت برس۔ سال جس مین سختی ہو۔

عَزَاءٌ (ف س م) اسم + دعویٰ۔ مصدر + کسی کیطرف منسوب کرنا۔ اپنے تئین یا دوسرے کو کسی شخص کے ساتھ نسبت کرنا۔ نسب پدری

عَزَاءٌ (ف س م) صبر یا خوبی صبر۔

عَزَاءٌ (ف س م) (س) شکیبائی کرنی

عَزَازٌ (ف س م) سخت زمین۔

عَزَازَةٌ (ف ف س) ارجمندی۔ کثرت۔ قوت۔

عَزَّافٌ (ف س) ابر جسمین گڑگڑ ہو۔

عَزَاقَةٌ (ف ف س) سُرین۔ حلقۂ دُبر۔ گانڈ۔

عُزَّالٌ (ک س) سست۔

عَزَّالَانِ (ف ف س) عقاب کی دُم کیطرف مین دو بڑے پر۔

عُزَّامٌ (ف ف س) شیر۔

عَزَائِمُ (ف ف س) منتر یا وہ آیات قرانی کہ آفت رسیدون پر اچھے ہو جانے کی امید سے پڑھتے ہین

عَزَائِمُ اللّٰہِ خدا تعالیٰ کے فرائض کہ جنکو خدا تعالیٰ نے واجب کر دیا ہے۔

عَزَائِمُ الْمَغْفِرَةِ اعمال اور خصال کہ جنسے مغفرت اور بخشش لازم ہو جاوے۔

عُزَّبٌ (ف ف) مجرد آدمی۔ اعزاب (ف ف س) اعزاب (ف ف س) جمع۔

عَزَبَةٌ (ف س) زن نے شوہر۔ عورت بے خاوند۔

عَزَبَةٌ (ف س) رنڈاپا۔ عورت کا بے خاوند ہونا۔

عَزَبَةٌ (ف ف) عورت بے خاوند اعزاب (ف ف س) جمع۔

عَزَّةٌ (ک ف) آدمیون کے جھرمٹ

مادہ		
	عزون (کفس) عزی (کتف) جمع۔	عَرْفُ الْبَعِیْر اونٹ کے گلے کا
	عِزَّة (فتف) ہرن کا بچہ مادین۔	بوت کے وقت اوچھلنا۔
	عزة (کتف) عزت۔ آبرو۔ فیاضت	عَرْفُ الرِّیَاح ہوا کے جھونکوں
	غلبہ۔ قوت۔ شدت۔	کی آواز۔
	عَزْج (فس) (ن) دور کرنا۔	عرف (ضس) کبوتر طوقی۔
	جماع کرنا۔ زمین کو پہلے سے کھودنا	عَرْق (فس) (ض) عروق
	عَزْد (فس) (ف) جماع کرنا۔	(ضفس) دوڑنے میں شتابی
عزز	عَزْز (فس) (ن) گھاس کا مونڈ	کرنی۔ بھلائی کو کسی سے روکنا
عزز	جبکہ جنگل سے کاٹ کر بیچی جاوے	مارنے میں مبالغہ کرنا۔
عزز	ملامت کرنی۔ مدد کرنی۔ روکنا۔	عرق (فس) (ض) زمین کھودنی
عزز	جماع کرنا۔ کسی کو زبردستی ایک	عرق (ففت) (س) کسی کو
۳۱۰	کام پر معین کرنا۔ مقدمہ دین اور	چمٹ جانا۔ اور لازم پکڑنا۔
عزط	فرائض اور احکام پر آگاہ ہونا۔	عرق (ضفض) گیہون کو ہوا سے
عزز	عَزْط (فس) نکاح۔	صاف کرنے والا۔ آدمی اونٹ بد خو
عزف	عزط (فس) (ن) جماع کرنا۔	عرق (فک) بدخو۔ کم ہمت کمینہ
عزف	عَزْعَز (فس فس) بھیڑیے کے	عَزْل (ففت) بیکاری۔ نے
عزف	لیئے ڈانٹ کا کلمہ ہے۔	سامانی۔ نے ہتھیاری نہتھاپن
عزس	عزعزة (فسففت) بھیڑیے کو	عزل (ضس) جو چیز کہ بیت
عزف	ڈانٹنا۔ غالب ہونا۔	المال میں پیشگی آوے بعیر تولنے
مدر	عَزْف (ضس) اپسری کی آواز۔	اور پر کھنے کے وقت ادا تک۔
	کھیل کود۔	عَزْل (فس) (ض) یکسو کرنا
	عزف (فس) (ض) کھانے	جدا کرنا۔ بیگار کرنا۔ عورت سے
	پینے پر ہجانا۔	صحبت کرنے کے وقت باہر نکالنا

		ماده
منزل ہونا تاکہ نطفہ نہ ٹھہرے۔	علیہم السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم	
عُزُل (ضفض) مرد کے ہتھیار نہتھا	دین اور زمخشری کے نزدیک اولوالعزم	
اعزال (ضفس) جمع۔	صاحبان کوشش وثبات وصبر دین	
عزلاء (سفسم) سرین۔ منھ	یا نوح اور ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب	
گانڈ۔ مشک۔ پکھال چھاگل وغیرہ	اور یوسف اور ایوب اور موسی اور	
مین سے پانی گرنے کی جگھہ۔	داؤد اور عیسی علی نبینا وعلیہم السلام مین	
مشک کا دہانہ۔ توشہ دان کا منھ	**عزم** (فس) **عزمان** (سفسفر)	
عزالی (فسف) جمع۔	**عزیکم** (فکس) **عزیمۃ** (فکسف)	
عُزلۃ (فسفف) نکاح۔ جماع کرنا	(ض) کسی پر قصد کرنا اور اسپر دل	
عُزلۃ (ضسف) دوری۔ گوشہ	رکھنا۔ اور کوشش کرنی۔ سوگند	
نشینی۔	دینی۔ قسم دینی۔ جھاڑ پھونک کرنے	۲۱۱
عُزلۃ (ضفف) چوتڑ کی ہڈی جو	والے کا منتر پڑہنا۔ عامل کا	
زمین کو لگتی ہی۔	عزیمت پڑہنا۔ سخت دور ہونا۔	
عَزم (فف) آدمی جو دوستی مین	واجب کرنا۔	
مضبوط اور صحیح اور ثابت ہو۔	**عزمۃ** (کسف) **اُمّ عزمۃ** کون	
عزم (کس) **اُمّ العزم** کون۔	**عزمی** (کسکت) کہلی بیچنے والا	
عزم (فس) قصد و آہنگ۔	وعدے کا سچا۔	
ارادہ۔ منقی کا تقل۔ عزم ضف جمع۔	**عزوب** (ضفس) **عزب**	
اُلوالعزم پیغمبرون مین سے	(فس) (ن ض) زمین کا خالی	
وے کہ جنھون نے اپنے عہد کئے	ویران اور اوجاڑ ہونا۔ پوشیدہ	
ہوے اور سپرد کئے ہوے امور پر	ہونا۔ دور ہوجانا۔ جانا۔ دور ہونا۔	
قصد اور کوشش کی ہو یا وے	**عزب طُہرُ المرأۃ** عورت کا	
حضرات نوح اور ابراہیم اور موسی	خاوند جب حیض سے پاک ہو تو چلا گیا	

عزوبۃ (منصف) بمعنی عزبۃ (منصف) یعنی بے خاوند عورت اور بے عورت مرد۔

عزوبۃ (منصف) چراگاہ دور گھاس کیطرف لیجانا رستہ یعنی دور کا رستہ۔

لہ عزو — عزوۃ (کسف) نسبت۔ دعوی۔

لہ ع ب — عزور (منصف) بدخلق۔ اپنی جورو کے حق میں بغیرت۔ بدخلق۔

لہ ع ز — عزوز (منفس) اونٹنی جسکے تھنوں کے سوراخ تنگ و باریک ہوں

لہ ع ز ن — عزر (منفض) جمع —

۳۱۴ — عزوز (منفس) عزاز (کفس ن) اونٹنی کے تھنوں کے سوراخ کا تنگ ہونا۔ ایک دوسرے پہ غلبت میں غالب آنا۔

ع ع ز ف — عزوف (منفس) دلتنگ۔ ایک چیز سے منہ موڑے ہوئے

ع ع ز ف — عزوف (منفس ض) ایک چیز سے کراہیت کرنی اور اس سے ملول ہونا۔ باز رکھنا۔

ع ع ز ق — عزوق (منفس) پستہ کے درخت کا پھلکا اس بیجین کہ جسمیں

لسکے پھل میں گری نہو اور یہہ بات عنت کے کام آتا ہی یا ایک درخت کا پھل ہی کہ کھٹا جس سے زبان اینٹھے

عزوم (منفس) بہت بڈہا۔ اونٹنی بڑی عمر کی کہ جسمیں کچھ تھوڑی سی قوت ہووے

عزہ (کس) مرد جو طرب اور جماع کو دوست نرکھے یا ناکس یا وہ جو اپنے یار کا کینہ نہ چھپاوے عزاۃ (کفس) عزہون (کسفس) جمع

عزہاۃ (کسفس) بوڑہیل جسکا دل لڑکپن پہ مائل و راغب ہو۔

عزہل (کسک نسف) دودلہ مرد مضطرب کبوتر یا کبوتر کا بچہ۔ وعزہل (کسکس) گذر جانے والا۔ سبقت پکڑنیوالا

عزہل (کسفت) ہر چیز سے فارغ

عزہول (منفس) گذر جانے والا۔ بڑہکر چلنے والا۔ اونٹ چھوڑا ہوا۔

عزہی (کسکت) عزہاۃ (کسفس) عزہاوۃ (کسفسف) عزہی (کسک) عزہو (کسفس) عزہوۃ (کسفسف) عزہانی

(ضنضفسکت) بمعنی عزہ۔

عزوی (فسنف) ایک کلمہ ہی کہ پیار اور محبت مین بولتے ہین۔

عزی (فنس) (رض) کسی کو ایک چیز کی طرف بلانا۔

عزی (فنتف) ارجمند عورت۔ لائق عورت کمیاب اور پسندیدہ۔ عورت جسکو طبیعت تیار کرتی ہو۔ اعز کا مونث۔

عزیب (فکس) مجرد آدمی۔ مرد جو اپنے اہل و مال سے دور ہووے اونٹ اور بکری کہ چراگاہ مین اپنے مالک سے دور نکل جاوے۔

عزیتہ (کسف) نسبت و دعوی۔

عزیز (فکس) کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔ عزائز (فنسک) کی جمع۔

عزیر (ضنفس) ایک پیغمبر کا نام علیہ السلام۔

عزیز (فکس) ارجمند لائق کمیاب۔ نا موجود۔ صفات باری تعالی مین سے ایک صفت ہی۔ بزرگ گرامی۔

عزاز (فکس) **اعزازہ** (فکسف) **اعزۃ** (فکتف) اعزا و (فکتفنم جمع) ایک سرمہ ہی۔ غالب۔ پادشاہ۔

عزیزۃ (فکسف) عقاب۔

عزیزی (ضنفسفس) گھوڑے کا پٹھا۔ گھوڑے کے پٹھے کا سیر

عزیزیان (ضنفسکفس) عزیز اور ان (ضنفسنفس) تثنیہ ہی۔

عزیف (فکس) جنگل کی آواز یعنی بھنبھناہٹ جو جنگل مین رات کو سنی جاتی ہی۔ پری کا آواز کرنا۔

عزیق (فکس) ہموار زمین نرم و پست۔

عزیم (فکس) دشمن سخت قوی اور عزیمۃ (فکسف) کی جمع ہی۔

عس (فت) **عسس** (رفت) (ان) پاسبانی کے لیئے رات کو پھرنا۔ روند پھرنا۔ اونٹنی کا کسی کے سامنے دودھ نہ دینا۔

عس خبرہ اسکی خبر نکلی ظاہر ہوئی۔

عس القوم قوم کو تھوڑی چیز کھلانی۔

عست الناقہ اونٹنی اکیلی چری

عزی
عزی
عزی
عزیز
عزیز
عزیز
عزیز
عزیز
عزیز
عس
عس
عس
۳۱۳
۱۲۱۲
۱۲

عسس	عُسّ (ضت) بڑا پیالہ۔ عساس (کفس) جمع۔
عسی	عَسّ و بَسّ جد و جہد۔ کوشش چنانچہ کہتے ہین جی بالمال ہین عسّ و بسّ یعنی لایا مال اپنے جد جہد سے۔
عشا	عُسّاء (ضفم) بڑا پیالہ۔
عشر	عَسّاری (ضفسف) پیچھے در آگے پیچھے۔
عشق	عساریات (ضفسکفس) پراگندہ پریشان۔ چنانچہ کہتے ہین ذہنبوا عساریات یعنی گیئے پراگندہ و پریشان
عص	عَسّاس (قفس) بھیڑیا۔
عصب	عَسّاس (کفس) گیر۔ ابزور زبردستی۔
عصب	عُسّاف (ضفس) طاعون زدہ اونٹنی۔
عصب	عُسّاقیل (ضفسکس) ایک قسم کی سپید کھبنی بڑی عسقل (ضفسف)
عصب	عسقول (ضفسفس) ایک کھبنی۔ ابر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے پہٹا ہوا بادل۔
عصب	عُسّال (قفس) شہد توڑنیوالا بہت لہکتا ہوا نیزہ۔
	عسالۃ (قفسف) شہد کی مکھی۔ شہد کی جگہ۔ شہد کی مکھی کا جمع کیا ہوا شہد۔
	عسب (فس) منی نطفہ نر کا نسل۔ فرزند۔
	عسب (فس) (ن) نر کا مادہ پر چڑھنا۔ جفتی کھانا۔ نر کو جفتی کے لیئے کرایہ دینا۔ نر کو کرایہ دینا۔
	عسب (فک) سر جسمین درسے کنگھی نہ ہوئی ہو۔
	عُسّار (کسفس) بجو کا بچہ بھیڑیئے سے۔ بھیڑیئے کا بچہ۔
	عسبارۃ (کسفسف) بمعنی عسبار
	عسبتہ (فسف) پہاڑمین کی پھٹن۔ دراڑ۔
	عسبر (ضسف) چیتا۔
	عسبرۃ (ضسفف) مونث عسبر (ضسف) تیز رو اونٹنی اصیل و نجیب
	عسبق (کسک) ایک کڑوا درخت ہی جو زخم کے علاج مین کام آتا ہی۔
	عسبلۃ (فسفف) آدمیون کی

۱۲ عسس ورت اس کو جو شب کو پاسبانی کرتا ہو یعنی دودہ والا وغیرہ

۱۲ ۱۲ ۱۲

آپسمیں آمد و رفت اور انکا تردد۔
عسیبور (مصنفس) کتے کا پلا
بھیڑیئے کے پیٹ سے۔
عسیبورۃ (مصنفسف) بمعنی عسیبور
(مصنفس) اونٹنی شتاب رو و
چالاک۔ چنی ہوئی پسندیدہ اونٹنی
عسیج (فف) (س) اونٹوں کا
خارش کھانے سے بیمار ہوجانا
عسیج (فس) (ن) رفتار میں
گردن اوٹھا کر چلنا۔
عسجد (فسف) زر یعنی سونا ہر قسم
کے جواہرات جیسے موتی یاقوت
نیلم ہیرا زمرد جنی لعل پکراج فیروزہ
عقیق درنجف دہان فرنگ تانبا
وغیرہ۔ سخت اونٹ جسیم۔
عسجدیۃ (فسفکتف) اونٹ کے
بچے بڑے بڑے۔ اونٹ جسیم
سونا لدا ہوا ہو۔ اونٹ بادشاہوں
کی سواری کے یعنی سانڈنی
عسجر (فسف) نمک۔
عسجرۃ (فسفف) بدی و پلیدی
خوب دیکھنا۔ اونٹ کا ہمیشہ سفر
سفر میں رہنا۔ گوشت پر نمک چھڑکنا

عسجمۃ (فسفف) عجلی و شتابی
ہلکا پن۔
عسد (فس) ارض ہموار کرنے جانا
رسی کو سخت بٹنا۔ جماع کرنا لگنا۔
عسر (فک) دشوار کام پیچیدہ
مشکل۔
یوم عسر سخت دن یا بدن
جاجۃ عسر سخت حاجت۔
بعیر عسر اونٹنی جو دوڑنے کے
وقت دم اوٹھا دے۔
عسر بین العسر بڑا بخل
عسر (فس) جن کا ایک قبیلہ ہے
یا ایک زمین ہے جسمیں جن رہتے ہیں
عسر (فف) دشواری بدخوئی
نجیلی کنجوسی
عسر علیہ الامر عسرا (س)
مشکل ہوا اسپر کام۔
عسرت الید دونوں ہاتھوں
سے برابر کام کیا۔
عسر (مصنس) دشواری وقت
آسانی کی ضد۔ رک عسر
(مس ونصن) عسارۃ (نصسف)
دشوار ہونا۔

مادہ		
ع س ر	عَسَرَتِ الْمَرْأَةُ	دشوار ہوا عورت کو جننا۔
	وَعَسُرَ الزَّمَانُ	زمانہ تنگ اور سخت ہوا۔
	وَعَسُرَ فِي الْبَطْنِ	بند پڑ گیا مشکل ہوا نکلنا پیٹ میں کی چیز کا۔
	وَعَسَّرَ عَلَيْهِ	اُسکے خلاف کیا۔
	عَسَرَ الْغَرِيمَ عُسْرًا (ض ن)	قرضدار سے تنگدستی میں قرض مانگا۔
	عَسَرَنِي فُلَانٌ	بائیں طرف سے آیا
	عَسَرَتِ الْمَرْأَةُ	عورت نے دشواری سے بچہ جنا
	عَسَرَ الْوَالِدُ مِنْ مَالِ وَلَدِهِ	مشکل سے لیا باپ نے مال اپنی اولاد سے۔
	عَسِرَ (ض نفس) عَسَرًا (ض)	دُم اوٹھا کر دوڑنا اور بائیں طرف سے آنا۔
	عَسِرَاءُ (فسفسم)	عورت جو بائیں ہاتھ سے کام کرے کبھی عورت عقاب جسکے بازو کی نوک سے پر سفید ہوں۔ عقاب جسکی بائیں طرف کے پر بہ نسبت دائیں طرف کے

		زائد ہوں۔ بازو کے پر جنکی نوکیں سفید ہوں۔
ع س ر ۲	عُسَرٌ	(فسفف) شیر
	عُسْرَةٌ	(ففف) بازو کے پر جنکی نوکیں سفید ہوں۔
ع س ر ۳	عُسْرَةٌ	(فسفف) تنگی و دشواری
	عُسْرَى	(فسفف) تنگی۔ دشواری عذاب یا امر دشوار۔
	عُسَيْرَى	(فسفف) ایک ساگ ہی۔
	عُسْطَةٌ	(فسفف) کلام نادرست
	عُسْطُوسٌ	(فضفس) بیت کے درخت کی مانند ایک درخت ہی۔ یا آتش پرستوں کا پادری لغت رومیہ میں۔
	عُسْعَاسٌ	(فسفس) بھیڑیا یا سراب
	عُسْعُسٌ	(فسفف) بھیڑیا۔ خار پشت۔ سیئی عساعس فسفسک جمع
	عُسْعُسٌ	(فسفس) سودا کدر پر ہے ہوکے والے۔
	عُسْعُسَةٌ	(فسفف) رات کا اندھیری ہو جانا۔ رات کا آخر ہونا لغات اضداد سے ہی۔ بھیڑیئے کا رات کو پھرنا۔ ابر کا زمین کے نزدیک ہونا۔ کام کو تیز اور گول مول

خلط ملط کرنا - کسی چیز کو حرکت دینا
عسف (فس) دم مرگ - نزع -
دم اخیر - بڑا پیالہ -
ناقۃ بہا عسفات طاعون
کی ماری ہوئی اونٹنی کہ قریب المرگ ہو
عسف من الطریق عسفا
(ض) کورا ہا ہو گیا - رستے سے
اور طرف کو ہو لیا - زمین پہ ہاتھ
پانوں مارے -
عسف (فس) (ض) ستم کرنا -
کسی سے خدمت چاہنی نگاہبانی
کرنی - راتون کو گھومنا -
عسق (ف) دشواری - بدخوئی
تنگ خوئی - اول شب کی تاریکی -
جھاڑ کی ٹہنی سوکھی ہوئی ورنا کارہ -
عسق به (س) حریص ہوا -
ایک چیز کا ہو کا کیا - کسیکو چمٹا -
اور ساتھ ہو لیا - ایک چیز کی
طلب مین اصرار کیا -
عسقت الناقۃ علی الفحل
اونٹنی نر کے پاس آئی جفتی
کے لیئے -
عسق (ضفص) قرمندار پہ سختی

کرنے والا - اونٹ وغیرہ کو جفتی
دلا دینے والا -
عسق (فک) بدخو سخت مزاج مرد
عسقیۃ (فسقف) رونے کیوقت
آنکھ سے آنسو نہ نکلنا اور پتھرا جانا
اور آنسوؤن کا خشک ہو جانا -
عسقیۃ (کسکف) انگور کا چھوٹا
سا گچھا - بڑے گچھے کی جڑ سے
بدا ہوا - عسقب (کسک) عساقب
(ففسک) جمع -
عسقد (فنصف) لبنانے ڈول
احمق - گبدا - کڑے ہاتھ پانو کا -
عسقفۃ (فسقف) آنکھ سے
آنسو نہ نکلنا - خلاف گریہ - آنکھ کا
نے آب ہونا - آنکھ کا رونے کے
لیئے ارادہ کرنا اور آنسو نہ نکلنا -
امر خیر پہ قصد کرنا اور اُسکو نکرنا -
اور یہہ متعدی ہوتا ہی فی کے ساتھ
عسقلان الراس سر کا
اعلا یعنی چندیا -
عسقلۃ (فسقف) وہ جگہہ کہ
اُسمین سختی اور سفید پتھر
ہون - شراب کا چمکنا -

۱ عسف
۲ عسف
۳ عسف
۴ عسقد
۵ عسقفۃ
۶ عسقل
۱۲۱۲
۱۲
۱
یعنی جب اسکا
صلہ فی ہوگا
تو متعدی ہوگا
مولوی

عسک (رفف) (رس) چپکنا۔ لازم ہونا۔

عسکۃ (رکسکف) چھوٹا سا گچھا انگور کا بڑے گچھے میں ملا ہوا۔

عسکر (رسف) لشکر۔ فوج۔ گروہ۔ ہر چیز بہت سی۔ رات کی تاریکی اندھیرا۔

عسکرۃ (رسسفف) رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔ قوم کا اکٹھا ہونا۔ یا سختی میں پڑنا۔ لشکری ہو جانا۔ لشکر کو آمادہ کرنا سختی خشک سالی۔

عسل مال کا قائم رکھنے والا۔

عسل (رف) جاری پانی کا بلبلا اور بہاؤ۔ دھار۔ شہد۔ یا شبنم اور تھوڑی سی نمی کہ کلیو پر یا چھنوا وغیرہ پر اکٹھی ہو۔ یعنی ترنجبین اور شیر خشت۔ اعسال (رسسفس) عسل (رفض) عسول (رفسفس) عسلان (رسسفس) جمع۔ ذکر جمیل۔ ثنا۔ تعریف۔ تیز رو اونٹنی۔ کھجور کا شیرہ۔ عرفط کا گوند۔ سرعت رفتار۔

عسل اللبنی ایک خوشبو ہے کہ اسے میعۂ سائلہ کہتے ہیں ایک درخت سے نکلتا ہے اور اسکی مومی ہوتی

عسل الرمث موتی کی مانند ایک سپید چیز ہے۔

عسل (رفف) سخت مارنیوالا چالاک دست۔

عسلۃ (رفف) کچھ تھوڑا سا شہد۔ بیخ و بن۔

ابو عسلۃ بھیڑیا۔

عسلج (رسسف) نرم شاخ خم کھائی ہوئی سبز جو کہ پہلے نکلے۔ نازک قد نرم۔

عسلج (رفسفف) طعام پاکیزہ۔ یا پتلا کھانا۔

عسلجۃ (رسسفف) درخت پر نرم نرم شاخیں چھوٹنی

عسلطۃ (رسسفف) بیہودہ کلام کلام کی نادرستی۔

عسلق (رسسف) شراب۔ بھیڑیا۔ شیر۔ شتر مرغ۔ ہر شکاری درندہ۔ بدسرشت۔ بداخلاق

چالاک - لمبی گردن کا - لومڑی

عسالق (فسک) جمع - عسلق (کسک) عسالق (ضفسک) بمعنے عسلق (سف)

عسلوج (ضسفس) عسلوجۃ (ضسفسف) بمعنی عسلوج -

عسلوجۃ النبات کوارگندل لڑکی نرم نازک بدن -

عسلی (فسکت) یہودیون کی علامت و نشان -

عسم (سف) ایک یہودی ہے کہ جس کے ہاتھ پانون ٹیڑھے ہو جاتے ہین -

عسم (سف) (س) ہاتھ کی ہتھیلیون کا خشک ہونا اور ٹیڑھا ہو جانا -

عسم (فس) (ض) طمع و حرص کرنی - لالچ کرنا -

عسم (فس) عسوم (ضفس) (ض) کسب کرنا - آنکھ کا آلسو ٹپکانا آنکھ کا بند ہونا - کام مین کوشش کرنی - فوج مین بیبا کا دھس جانا اور ملجانا -

عسما و (فسفسم) مونث اعسم یعنی وہ عورت جس کے ہاتھ پانون ٹیڑھے ہون -

عسمان (فسفس) چوپایہ کی ایک قسم کی دوڑ -

عسمۃ (فسف) ایکبار رکھانا جو خشک نان کا ٹکڑا - عسم (فس جمع)

عسمۃ (فسف) نان خشک کا بھورا

عسمطۃ (فسسف) ایک چیز کو ایک چیز مین ملانا -

عسمی (فسکت) اپنے امور کو نیک و درست کرنے والا - اپنے امور کو خراب کرنے والا - لغات اضداد سے ہے - فریب دینے والا -

عسن (فس) بالون کی لمبائی یا خوبصورتی - سپیدی کی خوبی -

عسن (کس) موٹاپا - پرانی چربی -

عسن (فک) تھوڑے چارہ پر کفایت کرنے والا چوپایہ -

عسن (ضفس) (س) پانی

اور چارہ کا ہضم ہو جانا۔
عسنج (ف فتح) شتر مرغ نر۔
عسنق (ف فتح ن) نصف پورے بدن کا اچھا خوبصورت۔
عسو (ف) شمع۔
عسور (ف) عسور (ض ض ت)
عسی (ض ک ت) عسا (ف ن ف ن) (ن) بڑی عمر کا ہونا۔ گھاس کا سخت ہو جانا اور سوکھ جانا۔ گھاس خوب بڑھنا۔ رات کا خوب اندھیری ہونا۔
عسور (ض ض ت) (ن) ہاتھ کا کام سے سخت ہونا۔
عسوب (ف ض) بڑا سردار۔
عسود (ک س ف) چھپکلی نر۔ سخت سانپ۔ آدمی وغیرہ مضبوط قوی۔
عسودۃ (ک س ف ت) ایک سپید چھوٹا کیڑا ہی کہ اسکی کنیت بنت النقا ہی اس سے کواری خوبصورت لڑکیون کی انگلیون کو تشبیہ دیتے ہین۔ عسادد (ف س ک) عسودات (ک س ف ض ت جمع)

عسوس (ف ض س) اونٹنی اکیلی چرنے والی۔ بھیڑیا۔ کم شیر اونٹنی اونٹنی کہ جب تک آدمیون سے علیحدہ نہووے دودہ نہ دیوے یا اونٹنی کہ جسوقت اوٹھائی جاوے تو پھرے اور بعد پھرنے کے دودہ دیوے۔ اونٹنی جو دودہ دینے مین بدی کرے۔ اونٹنی کہ جسکو آزمادین کہ آیا دودہ کی ہی یا نہین۔ عورت کہ مردون سے نے پاک ہو۔ مرد جسمین خیر و برکت کم ہو۔ مرد جو رات کو شکار کو ڈھونڈھے اور شکار کرے۔
عشوف (ف ض س) بڑا ظالم نے را
عسوفۃ (ف ض ف س) عساف (ف ض س) اونٹ کا طاعون کی بیماری سے قریب المرگ ہونا۔ اور گلا کا پینے لگنا اور سانس پھولنی۔ طلب مطلوب مین رات کو گھومنا۔
عشول (ف ض س) ہلتا ہوا نیزہ لہکتا ہوا نیزہ۔ نیک آدمی اچھا آدمی عسل (ف ض) جمع۔

عسوم (ضفس) نان خشک کا بھورا قلت و کمی۔
عسی (رفف) (رس) نہایت بڑی عمر کا ہونا۔
عسی (رفف) افعال مقاربہ مین کا ایک فعل ہی معنے اُسکے قریب ہی اور اُس سے فقط ماضی کے صیغے نکلتے ہین۔ امر مطلوب کی امیدواری اور امر مکروہ کے ڈرانے کے لیئے بھی آتا ہی۔ شک و یقین کے لیئے بھی آتا ہی۔ کھجور کا پیٹھا۔
عسیب (فکس) دم کی ہڈی دگرنے کی جڑ کی ہڈی یا جہان سے بال دم کے اوگتے ہین۔ بانکا اوپر کا رخ۔ کھجور کا پیٹھا کہ جسپر پتی نہو۔ یا پتی نہ لگی ہو۔
عسیبۃ (فکسف) ایک ہڈی یا ایک کھجور کا پیٹھا نے پتی کا
عسبان (ضفسفس) جمع۔
عسیر (فکس) دشوار۔
بغیر عسیر اونٹنی کہ جسپر پہلی سواری کی ہو۔ اونٹنی جو پہلے سال مین حاملہ نہووے۔ دم اوٹھا کر دوڑنے والی اونٹنی۔
عسیرۃ (فکسف) اونٹنی جو سال اول مین حاملہ نہووے۔
عسیف (فکس) مزدور۔ خلام پیر فانی۔ عسفاء (ضفففس) جمع۔
عسیقۃ (فکسف) شراب جسمین پانی بہت ہونا کارہ۔
عسیل (فکس) بہت سخت مارنے والا۔ تیز دست عطار کی چھاڑو۔ ہاتھی کا ذکر۔ اونٹ کا ذکر۔ عسل (ضفس) جمع۔
عسیلۃ (ضفسفس) نطفہ۔ آب مرد۔ جماع کی لذت کہ جسے شہد سے تشبیہ دیتے ہین۔
عشّ (رفت) تھوڑی سی بخشش تھوڑا۔ کم گوشت مرد۔ دبلا پتلا لمبے قد کا جسکے ہاتھ پاؤن پتلے پتلے ہون۔ سانڈ جو اونٹنی کی خواہش سے اوسپر چڑھے اور زبردستی نکرے۔
عشّ (فت) (ن) دبلا پتلا ہونا باریک ہونا۔ ڈھیر مٹھا۔ جمع کرنا۔

مارنا - کپڑے کا پیوند لگانا سخاد کو
کم کرنا - پرند جانور کا اپنے گھونسلے
کو لازم پکڑنا - کسب کرنا - دوسرے
کے گھر میں اوترنا تاکہ اون پر
جگہہ تنگ ہو جاوے اور وے
اُس جگہہ سے کوچ کریں -

وجا ہو مِن عَشَّشَ وتَعَشَّشَ
یعنے لایا اُسکو اپنے تمام کوشش سے

عُشّ (رضت) پرند جانور کا
گھونسلہ جو شاخ درخت پر گھاس
پھوس ٹوٹی پھوٹی لکڑیون کا
بنایا ہو - اور وکُن (رفس) اور
وکر (رفس) اُس گھونسلے کو
کہتے ہین کہ دیوار اور پہاڑ مین ہو
اور انحوص (رضسقس) اور اوجی
(رضسکت) وہ جو زمین مین ہو
یعنے بل کھوری - عشّشہ (رفک)
عشاش (رکفس) اعشاش
(رضسقس) جمع -

عُشّ (رفک) جسے توندا
آوے یا جسے راتکو اور دن کو
کم سوجھائی دے یا نابینا -

عَشا (رفف) شب کوری یا عام ہے
یعنے رات دن ہر وقت کم سوجھنا -

عَشا (رکفس) رات کی اول
تاریکی جو مغرب اور عشا کے درمیان
مین ہو یا زوال آفتاب سے
طلوع فجر تک -

صَلاتا العِشا و نماز مغرب
اور نماز عشا -

عَشا (رفسم) رات کا کھانا

اعشیۃ (رفسکف) جمع -

عَشایۃ (رفسف) گیاہ ناکی -

عُشار (رفقس) دسوان حصہ
لینے والا -

عَشار (رضفس) دس دس -

عَشارِب (رضفسک) شیر -

عَشارۃ (رضفسف) ہر چیز کا
دسوان حصہ -

عَشارم (رضفسک) تیر نشانے
سے گذرنیوالا شیر -

عُشاری (رضفسکت) دس
ہاتھہ کا کپڑا -

عشاریات (رضفسکتفس)
پراگندہ و متفرق چنانچہ کہتے ہین
وہ ہوا عشاریات یعنی گئے تتر بتر

		ماوہ
عُشّان (منتفس) بمعنی عُشّانۃ	پانون پتلے پتلے ہون - کھردہری اور خشک زمین -	
عشانۃ (منفسف) جو کچھ کھجورون مین سے خراب گر پڑی ہون	**عشجب** (رفسف) لڑیڑے بدن کا مرد -	
عُشانق (ضفسک) لمبے قد کم گوشت -	**عشجدۃ** (رضفسف) ینھہ کا ہلکا بڑا	
عشاوۃ (ففسف) رتوندا - اندلہا پن -	**عشد** (رفس) ایک چیز کو جمع کرنا -	
عشب (ضفس) گیلی گھاس -	**عشر** (رفس) دس عورتین -	
عیال عشب عیال بزرگ کہ جسمین چھوٹے بچے نہون -	**عشر** (رفس) (رض) دس مین سے ایک لینا یا نو پر ایک زیادہ کر دینا - دسوان ہونا - مال مین سے دسوان حصہ لینا -	
عشبۃ (ففف) زمین جس مین بہت سی گھاس ہو -	**عشر** (رکس) اونٹ کے دو مرتبے کے پانی پینے کے بیچ کی مدت کہ وہ آٹھ دن مین اس لیئے کہ اول روز یا دسوین روز پانی پیتے ہین - دسوان ٹکڑا -	۳۲۳
عشبۃ (رفف) بڑی عمر کی اونٹنی ٹھنگنا مرد - بدصورت عورت ٹھنگنی پست قد کی - بڑہا جسکا بڑہاپے سے کوب نکل گیا ہو - نہایت بوڑہا قریب المرگ -	**عشر** (رضس) دسوان حصہ عشر (رضفس) اعشار (رفسفس) جمع - اونٹنی جسکے تہنو نمین تھوڑا دودہ اوترے -	
عشۃ (رفتف) کھجور کے درخت کا کم شاخ اور باریک تنہ کا ہونا - باریک شاخ کا درخت جو ویرانہ مین اوگا ہو - دبلی پتلی لمبے قد کی عورت - یا عورت جسکے ہاتھ	**عشر** (رضس) عشور (رضفس) (رض) مال مین سے دسوان حصہ لینا -	
	عشر (رضف) ایک درخت جسمین	

مادہ

آگ جلدی لگتی ہی اور لوگ چقماق کے لیئے اور کسی درخت کو نہین قبول کرتے اور اُس سے گل تکیئے بناتے ہین ایک مشہور شکر جو شکوفہ اور اُسکی شاخ مین سے نکلتی ہی اور اُسمین ایک طرح کی تلخی ہوتی ہی - ہر مہینے کی تین راتین جو نوین سے پیچھے آتین ہین -

ع ع ش ر ۱ عشرا (ضفتحہ) حاملہ اونٹنی جسکے حمل کو دس یا آٹھ مہینے گذرے ہون - اونٹنی جسکو بچہ جنے کے بعد عورتون کی مانند خون آوے

ع ش ر ا ن عشران (ضفکسفس) تثنیہ ہی - عشر اوات (ضفکسفس) عشار (کفس) جمع - یا عشار (کفس) وہ اونٹنیان کہ اُن مین سے کچھ تو بچہ دے چکی ہون اور کچھ گابھن ہون اور اُنکے بچہ جننے کا انتظار ہو - پہاڑ کا سرا -

ع ش ر ب عشرب (رفسف) تیر نشانہ سے گذر جانے والا شیر - ہر چیز کہ سخت روان ہو -

عشرب (رفتف) بمعنی عشرب

عشرة (رفسف) دس مرد -

عشرة (رکسف) میل - ملاؤ - آمیزش - خوشدلی -

عشرة (رففف) دس -

عشرة (ضففف) درخت - یا درخت عشر کا گوند عشرات (ضففس) جمع

عشرق (رکسک) ایک گھاس ہی

عشرقة (رفسفف) گھاس کا سبز اور تر ہونا

عشرم (رفسف) سخت و درشت -

عشرم (رففف) تیر نشانہ سے گذر جانے والا خیگلی شیر -

عشرون (رکسفس) بیس -

عشز (رفس) گھر دہرے بدنکا پر گوشت -

عشزان (رضفففس) لنگڑاتے ہوئے چلنا - ہاتھ کی لاٹھی پر سہارا کرنا -

عشزب (رفسف) سخت کڑے بدن کا شیر -

عشزب (رففف) بمعنی عشزب

عشزن (رففف) سخت پیدائیش کا

عشزنة (رفسففف) خلاف کرنا

عشط (رفس) (رض) سخت کھینچنا

عشعش (ضفعش) پرند جانور وغیرہ کے گھونسلے ایک دوسرے کے نیچے

عشق (کس) فریفتہ ہونا - یا دوستی یا محبت مین حد سے گذر جانا خواہ پاک محبت ہو خواہ ناپاک - یا کثرت محبت سے معشوق کے عیوب پر نظر نہ پڑنی یا ایک وسواسی مرض ہی کہ بسبب پسند آجانے کسی صورت تک کے آدمی اس مین مبتلا ہو جاتا ہی -

عشق (کس) (س) کسی پر عاشق ہو جانا - دل آ جانا - فریفتہ ہونا عشق کرنا - کسی سے دوستی کا غالب ہو جانا - کسی کے ساتھ پھنس جانا -

عشق (ضفض) درخت ریحان کو جمانے مین اچھے اور برابر کرنے والے -

عشقۃ (ففف) ایک درخت ہی کہ سبز ہوتا ہی اور پھر باریک اور زرد ہو جاتا ہی - عشق (ففف) جمع

عشم (ففف) امید - حرص - ہوکا خشک روٹی یا خراب روٹی

عشم (ففف) (س) خشک ہونا - حریص ہونا - ہوکا کرنا -

عشم (ضفض) ایک درخت ہی -

عشماء (ففسفم) گرد ناک زمین زمین جسمین خشک درخت بہت سے اور ترکم ہون -

عشمۃ (ففف) حرص - ہوکا لاغری کے سبب خشکی - بڈھا بڑی عمر کا مرد ہو یا عورت - کبڑا قدم پاس پاس رکھنے والا خشک روٹی کا ٹکڑا - بڑھاپا - ستھرا بہترین - خاصہ -

عشن (فس) (ن) اپنی خواہش سے کہنا - تخمین کرنا -

عشنج (ففنف) ترش رہے بدخوئے -

عشنز (ففسف) سخت اور کھردرے کھرے بدن کا - ہر چیز بزرگ - بڑی -

عشنزرۃ (ففسففف) سونٹ عشنزر (ففسف)

عشنط (ففنف) خوب لدنا یا مرد پر گوشت - نازک - اچھے بدنکا

مادہ		
ع ص ا	عصا	لکڑی - مونث آتا ہی - عصوان (تثنیہ) - اعصی (جمع) - اعصاء (تنصیم) - عصی (ضکت)
ع ص ب	عصب	جمع - زبان - ساق کی ہڈی -
ع ص ب ب	عصابۃ	عورت کے سر بند - مسلمانون کا گروہ
ع ص ا	عصاہ	اپنی جگہہ پر پہنچ گیا - اقامت کی - خیمہ کہڑا کیا
ع ص ا	عصا	(رف) (ن) چوب دستی سے مارنا - ہانڈی بازی مین کسی پر غالب آنا - پٹی باندہنا -
ع ص ا	عصا	(رف) (س) عصا بنانا -
ع ص ب	عصاب	(رفقس) کاٹنے والا -
ع ص ب	عصاب	(رکفس) ایک چیز کو پنجے سے پکڑنا - وہ شی جس سے کہ سوائے سر کے سب بدن باندہا جاوے - سر بند - رسی جس سے اونٹنی کی رانون کو دوہنے کے لیئے باندہین -
ع ص ب ۃ	عصابۃ	(رکفسف) ایک قسم کا سرخ بادل جو خشک سالی مین ظاہر ہوتا ہی - پٹی - سر بند - پگڑی آدمیون اور گھوڑون اور پرندن کی جماعت دس سے چالیس تک
ع ص ا ب	عصائب	(رفسکف) جمع -
ع ص ا ج	عصاخ	(رضفسکف) سخت کھردرا موٹا دلدار -
ع ص ا د	عصاود	(رفسکس) پیاسے گہرا ابر - گہٹا - اونٹ اوپر تلے کرتے ہوئے - سخت اندہیاری
ع ص ا د ا ل ک	عصاود الکلام	پیچیدہ کلام -
ع ص ا ر	عصار	(رکفس) گرد و غبار - وقت -
ع ص ا ر	عصار	(رفقس) انگور وغیرہ کو نچوڑنے والا -
ع ص ا ر	عصار	(رضفس) پانی وغیرہ جو نچوڑنے سے نکلے - نچوڑی ہوئی چیز -
ع ص ا ر ۃ	عصارۃ	(رضفسف) بمعنی عصار
ک ر ی م ال ع ص ا ر ۃ	کریم العصارۃ	مرد جو سوال کے وقت سخی ہو -
ع ص ا ف ۃ	عصافۃ	(رضفسف) جو چیز کہ خوشہ مین سے مثل پتی وغیرہ کے گر پڑے
ع ص ا ف ی ر	عصافیر	(رفسکس) ایک درخت ہی جسکا نام مکن رای مثلی ہی اور عصافیر کی مانند اسکی صورت ہوتی ہی اور پارس مین بہت ہوتا ہی -
ع ص ا ف ی ر ال ث ع ل ب	عصافیر الثعلب	پالان کی میخین

آتے ہین ۱۲ واللہ اعلم

ہوتے ہین مخصوص بالسین و مخصوص بالصاد یا بالکسر یعنی سین کے ساتھ مخصوص اور عصاد کے ساتھ مخصوص یا دونون لغت بطور خود دونون ضمہ کے ساتھ

عصافیا (فسکفسم) بمعنی عصافیۃ
عصافیۃ (فسکف) شور وغل فریاد۔ غل غپاڑا۔
عصافیل (فسکس) آندھیان
عصال (کفس) ٹیڑھا ٹیڑھا تیر
عصام (فس) کتے کی گردن کا پٹا۔ اعصام (فسفس) جمع۔
عصام (کفس) بند مشک بند ہین تسمہ جس سے مشک کو اوٹھاوین سر پہ۔ دم کی باریک طرف۔ اعصمۃ (فسکف) جمع۔ کجاوہ کی رسی کہ اونٹ کے تنگ مین باندہ دیتے ہین۔ برتن کا دستہ جس سے اُسے ہاتھ مین لٹکا لیتے ہین۔ اعصمۃ (فسکف) عصم (ضفض) عصام (کفس) جمع۔
عصب (فس) درخت پیچک یعنی ایک روئیدگی ہی جو درخت پر لپٹ جاتی ہی۔ ایک قسم کی چادر واحد و جمع برابر ہی۔ ایک قسم کا سرخ ابر کہ خشک سالی مین ظاہر ہوتا ہی۔
عصب (فس) (ض) لپیٹنا۔ ٹہنا۔ باندہنا۔ ملانا۔ منضم کرنا۔ درخت کی متفرق ٹہنیون کو اکٹھا کرنا تاکہ لکڑی سے اُنکے پتے گرائے جائین۔ بوک اور بید وغیرہ کے خصیئے باندہ دیتے ہین یہان تک کہ نئے کھینچے گرپڑین۔ افق کا سرخ ہوجانا۔ شفق پھولنی۔ اونٹنی کی دونون رانون کو دوہنے کے لیئے باندہ دینا۔ غبار وغیرہ سے دانتون کا میلا ہونا۔ یا کرکرا ہونا۔ سر پہ پٹی باندہنی۔ کاتنا۔ کسی چیز کو پنجہ سے پکڑنا تشنگی وغیرہ سے تھوک کا منھ مین خشک ہوجانا۔ احاطہ کرنا۔ ایک چیز کو لازم پکڑنا۔ ایک چیز پہ قدرت پانا۔ عروض بحر وافر مین مفاعلتن کے لام کو ساکن کرنا۔ اور اُسکو مفاعیلن کرلینا۔
عصب (فس) (ض س) اکٹھا ہونا۔
عصب (ف) مفاصل کے پٹھے۔ درخت پیچک یہہ ایک روئیدگی ہی کہ درخت پر لپٹ جاتی ہی

عصفت ۲
عصفر ۲
۳۲۹
عصفل ۲
عصم ۲
عصب ۵
۱۲

قوم میں کے برگزیدہ لوگ عصبۃ (ففف) ایک پٹھا۔ اعضاب (فسفس جمع عَصَبُ اللَّحم گوشت پٹھوں سے بھر گیا۔

عصبۃ (فسف) آدمیوں گھوڑوں پرندجانوروں کی دس سے چالیس تک کی جماعت۔

عصبۃ (کسف) عمامہ باندھنے کی ہیأت۔

عصبۃ (ففف) بیٹے۔ دوہیال کے مرد باپ کیطرف کے رشتہ دار مرد۔ مرد کی قوم کہ جس کے لیئے بچ کریں۔ ایک شخص کے دور کے رشتہ دار جو اُسکے وارث ہوں۔

عصب عصب (فسفسف) نہایت گرم دن یا سخت دن۔

عصد (فس) آب مرد۔

عصد (فس) (ض) پلٹنا۔ جماع کرنا۔ کسی کو ایک کام پر زبردستی معین کرنا۔

عصد (فف) عصود (ضفس) (ان س) اونٹوں کا مرجانا۔

عصر (فس) رات اور دن۔ دن کا اخیر آفتاب کے سرخ ہونے تک شفق پھوٹنے تک۔ صبح کا وقت۔ شام۔ نماز عصر۔ قید خانہ۔ گروہ۔ قبیلہ۔ مینھ جو ریزان ہو۔ بخشش۔ بزرگ نسب۔

عصر (فس) (ض) عطیہ دینا۔ نچوڑنا۔ یا ایک چیز کو اپنے ہاتھ سے نچوڑنا۔ باز رکھنا۔ پناہ لینی چھوٹنا۔ رہائی پانی۔ دوہنا۔

عصر (فس) جاے پناہ۔ جاے رہائی۔ زمانہ۔ وقت۔

عصر (ضفس) وقت۔ زمانہ۔ عصور (ضفس) اعصار (فسفس) اعصر (فسفس) عصر (ضفس) جمع نماز عصر۔

عصر (ففف) جاے پناہ۔ جاے رہائی۔ گرو۔

عُصَار (کسفس) بمعنی عصور (کسفس)

عُصْران (فسفس) رات اور دن صبح کا وقت۔ شام۔ نماز فجر۔ نماز عصر

عصرۃ (ففف) بہت سا غبار۔

عصرۃ (فسف) ایکدرخت ہی پڑا۔

عُصرۃ (رفسف) پناہ - چھپنے کی جگہ - آفاب -

عصعص (رصنصف) بدرے کے چوتڑ کا گوشت - یا دنبے کی جڑ - دنبہ کی ہڈی - مرد کم خیر - بدخو - گانٹھ سا آدمی مضبوط -

عصعصۃ (رفسفف) بین دُم کی دردنا کی -

عُصف (رفس) سبز ہری کھیتی کی پتی بھس -

عَصف (رفس) (ن ض) پکے ہوئے کھیت کو کاٹنا -

عَصف (رفس) (ض) ہوا کا سخت چلنا - اپنے اہل وعیال کے لیئے کمانا یا محنت مزدوری کرنی - مائل ہونا - دوڑنا - سرعت کرنی - ہلاک ہونا -

عُصفۃ الخمر شراب کی بو -

عُصفر (رصنصف) ایک گھاس ہی کہ سخت گوشت کو زرد اور نرم کر دیتی ہی اسکے بیج کو قرطم کہتے ہین - رنگ سرخ -

عصفرۃ (رفسفف) کپڑے کو عصفر سے رنگنا -

عُصفور (رصنصفس) چڑا - ہندی ہودہ مین ایک لکڑی ہی کہ اور لکڑیون کے کنارے اسمین پیچ کیے جاوین - یا پالان کی لکڑیان جنسے خنوے سرون کو باندہ دیتے ہین - ایک لکڑی کہ پالان کا سر اس سے بند ہا ہووے - موے پیشانی کے اوگنے کی جگہ کی اصل - گھوڑے کی پیشانی کی ہڈی اُبھری ہوئی - دماغ کے نیچے کا ٹکڑا کہ بسبب جھلی کے علیحدہ ہوتا ہی - گھوڑے کی پیشانی کا ستارہ کہ نیچے کو تھوتھنی کی طرف بڑھگیا ہو - کتاب - کشتی کی بیخ - بادشاہ سردار -

عصفورۃ (رصنصفف) چڑیا -

عُصفور الکاف وہ لکڑی جو پشما گندھ کے درمیان باندہین

عصفوران (رصنصفس) گھوڑے کے دونون جبڑون کی ہڈیان -

مادہ		
	عصفوری (ضنسفسکت)	عصلدّ (نسف) سخت - کھردرا -
	دو کوہان کا اونٹ -	عصلود (ضنسفس) کھردرا سخت
	عصقول (ضنسفس) ہڈا -	عصم (ضفس) حنا اور قطران اور
	عصل (رف) (ویکسر) انتڑی	خضاب وغیرہ کا جو ہاتھ پانون
	اعصال (ضنسفس) جمع - دفلی گھاس	مین اثر باقی رہے - بازوے آہو
	گھوڑے کی دم کی کجی جو پٹھے تک	وغیرہ کی سفیدی - اعصام (ضنسفس جمع
	پہنچے - ٹیڑھا پن سختی کے ساتھ	عصم (رفس) (رض) کسب کرنا - کمانا
	ایک درخت ہے جسکے کھانے سے	عصم النظی (اس) ہرن وغیرہ
۱ عصف	اونٹ کا پیٹ چل پڑتا ہے - دانت	کے ہاتھ سفید ہوئے -
۲ عصقل	اور پنڈلی کی کجی -	عصمہ (ضسف) آہو وغیرہ کے
۳ عصل	عصل (رفک) جو چیز کہ ٹیڑھی اور	بازو کی سپیدی - ہرن اور نر کوہی
۳۳۲	اور سخت ہو - کجی دم -	کے ہاتھ پانون کا سپید ہوجانا
ع ص ب	امرأۃ عصلاء نے گوشت عورت	کتے کا پٹھا - اعصام (ضنسفس جمع)
ع ص ل	عصلب (ضنسفس) قوی کھردرے	عصمہ (کسف) گردن بند آہنی
ع ص م	بدن کا بڑے جثہ کا - لمبے قد کا	ہیکل عصم (کف) جمع - اعصم (ضنسفس
ع ص م ہ	بیڈول بیہنگم -	عصمہ (ففف) جمع الجمع - گناہ
ع ص ل ہ	عصلبۃ (ضنسفف) غصہ کی سختی -	وغیرہ سے باز رکھنا اور نگاہ رکھنا -
ع ص ل ی	عصلبی (ضنسفکت) عصلوب	کسی کیطرف چنگل مارنا - جسوقت
ع ص ل و ب	(ضنسفس) قوی کھردرے	کہ صلہ اسکا آئی ہو جیسے عصم الیہ
ع ص ل ہ	بدن کا بڑے جثہ کا -	مشک کے لیئے عصام بنانا -
ع ص ل ح	عصلۃ (رفکف) ٹیڑھا درخت -	یعنی جسکو کندھے مین ڈالکر
	عصلح (ففف) مرد جسکی	اوٹھاتے ہین - کسی کو گناہ
	پنڈلیان ٹیڑھی ہون -	اور خوف سے باز رکھنا -

عُصْمُور (ضمتین) کوئین کی گھرنی یا اسکا ڈول۔

عُصْنُصَّی (ضمتین) سست لزم۔

عُصْوَاد (کسفس) نہایت بدخو مرد یا عورت۔ شریر۔ فسادی۔ شرّی۔ بعض کے نزدیک عصواد کے معنے عورت کم گوشت کے بھی آتے ہین۔ وقعوانی عصواد پڑ گئے وہ بڑے سخت کام مین۔ عصاوید (ففسکس) جمع۔

عُصُوب (ضمتین) دانتون کا میلا پن کہ غبار وغیرہ کے سبب ہو۔ اونٹنی جو بغیر پاؤن باندہے وہی نجاوے۔ بدصورت عورت۔ یا عورت جسکا پیچھا ہلکا ہو یعنے چوڑی ذری سے ہون۔ یَوْمٌ عَصُوْد بنادن۔

عُصُود (کسفت) نازک بدن عورت کا منی سی نازک نازک ہاتھ پاؤن کی۔

رَکِبَ عِصْوَدَّة اپنی خوشی چلا گیا

عُصُودَة (ضسفف) فریاد کرنی۔ کشش کرنی۔ کھینچ رہنا۔

عُصُوف (ضفس) تیز ہوا۔ تیز رو جانور۔ تیزی۔ شراب۔

عُصُوْل (ضضس) (ن) خمیدہ ہونا۔ ٹیڑہا ہونا۔ کج کرنا۔

عُصُوم (ضفس) بہت کھانیوالا

عُصَی (ضکت) بازو کی ہڈیان۔

عَصِی (کفت) نافرمان۔

عَصِی (فس) (ض) معصیتہ (فسکف) نافرمانی کرنی۔

عِصْیَان (کسفس) نافرمانی نافرمانی کرنی۔ عدول حکمی کرنی۔

عَصِیب (فکس) پھیپھڑا۔ یا پلٹی ہوئین انتڑیان اور بھنی ہوئین۔ اعصبۃ (فسکف) عصب (ضفس) جمع۔ دن بہت گرم یا سخت دن۔

عَصِید (کسف) جو کہ شر و فساد کی طرف متہم ہو۔ جسکو علت لاحق ہو

عَصِیدَة (فکسف) ایک قسم کا کھانا ہی کہ میٹھا ہوتا ہی۔

عَصِیر (فکس) نچوڑا ہوا۔ پانی

مادہ		
ع ص ف		وغیرہ جو بچوڑنے سے نکلے۔
ع ص ف	عَصِیفَۃ (ف ک س ف)	پتون کا گچھا جسمین کلی نکلے۔
ع ص ف	عُصَیفِرَۃ (ض ف ک س ف)	گل خیرو زرد کلی کا۔
ع ص م	عُصَیم (ض ف ک س)	پسینا میں کچیل پیشاب کہ اونٹ کی ران پر خشک ہو کر جماوے۔ سیاہ بال جو اونٹ کے پشم گرنے کے بعد نکل آوین۔
ع ض ف		ہر چیز کا بقیہ۔ بچی کچی چیز۔ ہاتھ پر خضاب وغیرہ کا اثر باقی رہا ہوا۔
ع ض ض	عَضَّ (ف ت) عَضِیض (ف ک س)	(س ف) منھ سے کاٹنا۔ یا زبان سے پکڑنا۔ ایک چیز کو لازم پکڑنا۔ زور سے کاٹ کھانا عقلمند اور ذی ہوش ہونا۔
ع ض ض	عَضُّ الزَّمَان	زمانہ کی سختی۔
ع ض ض	عَضُّ الحَرب	لڑائی کی سختی یا یہہ دونون ظاہر مجمہ سے ہین اور عَضُّ الاَسنَان یعنے دانت سے کاٹنا۔ یہہ ضاد مجمہ سے ہی۔
ع ض ض	عَضّ (ض ت)	آٹا کہ جسے اونٹ کو کھلاتے ہین۔ جو نے ملاؤ۔ نے ملاؤ گیہون خالص۔ ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔ درخت کی موٹی جڑ جو زمین مین ہو۔ یا ٹوٹی ہوئی گٹھلی آٹا۔ جَو۔ لکڑیون کے چھلکے ایک جگہہ اکٹھے کئے ہوئے۔ سوکھی ہوئی گھاس۔ ایک قسم کا چوپایہ بلکا چارا یعنی سانی جسکو کھجور کی ٹوٹی ہوئی گٹھلیون اور بھس اور کھلی وغیرہ سے بناتے ہین۔
ع ض ض	عَضّ (ک ت)	بدخوے۔ خوش تقریر زبان آور بدصورت۔ حریف جو ایک چیز پر قادر ہو بخیل۔ مرد سخت۔ عقلمند رسا۔ عضوض (ض ض جمع) چھوٹے کانٹے کا درخت۔ یا درخت تلخ اور عوسج اور بیری اور سیال اور سرخ اور عرفط اور ببول اور شبہان اور کنھبل ہی۔ قفل یا دروازے کی بلی جو کھل نسکے۔ اعضاض (ف ض ض) جمع۔
ع ض ض	عَضَّاب (ف ض ض)	خوب گالیان دینے والا مرد۔
ع ض ض	عُضَاد (ض ض)	کوتاہ قامت۔

۳۴ اور ترکسوسا کی ہے کہتے ہین ایسے ہی عرب مین کہجور کی گٹھلیون اور کھل وغیرہ سے بناتے ہین اور اسکو عضف کہتے ہین ۱۲ مولوی محمد حبیب الحسن صاحب عفی عنہ ۱۲

مندر اسا آدمی - بدصورت اور کھردرے اور سخت بازو کی عورت -

عَضَاد (رفس) گھنگنا مرد اور عورت ولد ار پر کار بازو کا -

عضاد (کفس) بازو بند - ایک ٹیڑھے سر کا لوہا درانتی کی مانند جس سے اونٹ والے درخت کے ٹہنے اونٹ کے پاس جھکا دیتے ہیں اور اسکو داؤ کہتے ہیں - بازوے شتر مرغ کا داغ -

عِضَادَةُ الْكَتِفِ شئ کیجانب

عِضَادَتَا الْبَابِ دروازے کے دونوں بازو ہیں -

اِمْرَاَةٌ عُضَادَةٌ بدعورت سخت بازو کی -

عَضارِس (رفسفسک) بمعنے عضرس (رفسف) یعنی گورخر - جاڑا برف - ٹھنڈا پانی - اوس پڑا ہوا پتا

عَضارِط (رضفسک) نوکر - خدمتگار جو صرف پیٹ بھراؤ کھانے پر خدمت کرے - مزدور -

عضارطی (رضفسکت) ڈھیلا اور نرم کس - کون -

عَضارِیط (رفسکس) بغل کے دو گوشت کے ٹکڑوں کے درمیان کی رگیں -

عَضاض (رفس) جو چیز کہ منھ سے کاٹی اور کھائی جاوے - کھانے کی چیز - درخت اوکھڑا ہوا شئ قلیل -

عضاض (رضفس) ناک کی جڑ اور کے پاس -

عضاض (رضتفس) بمعنی عضاض

عضاض (رکفس) آپسمین ایک دوسرے کو کاٹ کھانا - گھوڑے کا کاٹ کھانا - گزیدگی

اور یہہ قول وہو عضاض فی عدیش یعنی وہ زمانہ کی سختی کاٹنے پر خوب صابر ہے -

عضاضی (رضفسک) نازک و نرم مرد - چارہ کھایا ہوا موٹا اونٹ

عَضافِج (رضفسک) بہت کھردرا پر گوشت دلدار -

داء عُضال (رضفس) سخت بیماری جس سے طبیب عاجز ہو جائیں -

امر عُضال امر دشوار -

عضام (کفس) گھوڑے اور اونٹ کی جام کی جڑ۔

عضاہ (کفس) سب سے بڑا درخت۔ یا وہ درخت خط ہی یا ہر درخت خاردار یا خاردار بڑا لمبا چکلا درخت۔ کیکر کی مانند۔

عضاہ (کفس) عضون (کفس) عضوات (کفس) جمع

عضاہی (کفسکت) عضہی (کسکت) عضاہ کھانے والا۔

عضاہیہ (کفسکتف) عضوی (کفکت) عضوتیہ (کفکتف) عضاہ کھانے والا اونٹ

عضب (فس) شمشیر یا شمشیر بران۔ مرد تیز سخن۔ چرب زبان چھوٹے سے سر کا لڑکا۔ پچھڑا جسکے سنگ ٹیڑھے نکلین ہون۔

عضب (فس) (ض) قطع کرنا۔ دشنام دینا۔ پکڑنا۔ مارنا طعنے تشنے دینے ضعیف کرنا پھر جانا۔ پرانا ہو جانا۔ اونٹنی اور بکری کو عضباء کرنا یعنی کان چیر دینا۔ کہنہ ہو جانا پرانا پڑ جانا

عضب (رفف) اوس (سینگ ٹوٹا ہونا۔ کان چرا ہونا۔

عضباء (فسفسم) کان چری ہوئی اونٹنی۔ گھوڑے کا کان جسکا کٹاؤ چوتھائی کان سے گذر گیا ہو

عضبل (فسف) سخت ٹھوس

عضہ (کف) جھوٹ۔ بہتان۔ جادو۔ سخن چینی۔ کسی کی بات مین بات نکالنی۔ عضون (کفس جمع) اسکی اصل عضہۃ تھی ہ کو گرا دیا۔

عضد (فس) بازو کہنی اور شانہ کے درمیان مین ہی۔ ناحیہ۔ کنارہ مددگار۔ قوت بازو۔ اعضاد (فسفس) جمع۔ کھجور کے درختون کی قطار

عضدان (کسفس) جمع۔ جسقدر درخت مین سے کاٹا جاوے

عضد (فس) عضود (فضفس) مدد کرنی۔ بازو پر مارنا۔ بازو مین درد ہونا مجہولاً۔ پالان کا اونٹ کے بازو کو زخمی کرنا۔ ایک چیز کو بازو پر باندھنا۔ سخت و قوی بازو ہونا۔ سانڈ اونٹ کا مادین کو بازو پکڑ کر بٹھانا۔

عَضَد (رفس) (ض) درخت کا ٹنا۔ عَضَد (ضس) عَضَد (کس) عَضَد (فک) عَضَد (رفض) عَضَد (ضض) سب معنے عَضَد	بہت اوٹھاتی ہے عضارس (ضفسک) عضارس (رفسک) جمع۔	عضد
عَضَد (رفف) کٹا ہوا درخت۔ بازو شتر کی ایک بیماری ہے۔ چوپایہ کے بازو کا درد۔	عَضَرَس (رکسک) خطم کا درخت۔ بند پانی ٹھہرا ہوا۔	عضرس
عَضَدَۃ الابل (رس) اونٹ کے بازو میں درد ہونا۔	عَضرط (رکسک) خصیوں اور دُبر کا پیچ۔ حلقۂ دُبر۔ سُرین۔ یا بالائے دُبر پر ہڈی نکلی ہوئی۔ لیکر جو ذکر سے لیکر دُبر تک ہے یعنے سیون۔	عضرط
عَضَد (فک) جو کہ دو بازو کے درمیان کے نزدیک ہو۔ بازو کا درد مند جسکا بازو دُکھتا ہو۔ گدا جو باد بینوں کو جوانب واطراف سے جمع کرتا ہو۔	عَضرط (رضسف) نوکر جو صرف پیٹ بھراؤ کھانے پر خدمت کرے مزدور۔ عضارط (رفسکس) عضارط (رفسکف) جمع کمینہ۔ خادم۔ کسی کے پیچھے دوڑنے والا۔ عضارط (رفسکس) جمع	
عَضَدَۃ (رکف) ہاتھ جسکا بازو کوتاہ ہو۔		
عَضَر (رفس) عَضمور (رضفس) (ان) آشکارا کرنا۔ ظاہر کرنا۔ باتکو کھولکر بیان اور زبان پر لے آنا۔	عَضرفوط (رسفضفس) ایک چھوٹا سا سپید نازک کیڑا کہ جس سے عورتوں کی انگلیوں کو تشبیہ دیتے ہیں۔ یا چھپکلی نر کہ جنات کے چوپایوں میں سے ہے۔ عضارف (رفسکس) عضرفوطات (رسفضفسفس) جمع۔ عضیرف (رضفسک) عضیرلیف (رضفسکس) تصغیر۔	
عَضرَۃ (رفسف) گورخر۔ جاڑا پانی کا اولا۔ ٹھنڈا اور میٹھا پانی برف۔ پتا جسپر صبح کو تری ہو۔ یا پتا پانی کی تہ میں کنکریوں سے لپٹا ہو۔ ایک گھاس ہے جسکی سبزی سفیدی مائل ہوتی ہے اور ترکیو	عَضرَوط (رضسفس) گلا۔ نرخرہ	

۱ یہ قاعدہ ہے کہ تمامی کی تصغیر میں حرف خامس کو حذف کردیتے ہیں جیسے عضرفوط کا مادہ عضرفط ہے تصغیر میں

۲ صرف نحو میں ط کو کہتے ہیں مولوی محمد یحییٰ صاحب عفی عنہ

مزدور۔ خادم کسی کے پیچھے دوڑنیوالا

۱ عَضَر (فس) (ض) باز کہنا چبانا

۲ عَضَط (فس) (ض) وقت جماع کے گوز لگانا۔

۳ عَضْقُوط (فسفس) بمعنی عضر فوط

۴ عَضَل (فس) عَضُول (فضس) (ن) تنگ کرنا۔ کسی پر کام کا دشوار ہونا۔

عَضَل (فس) عَضْل (کس) عَضْلان (کسفس) عورت کو خاوند کرنے سے زبردستی باز کہنا۔

عَضَل (ف) جنگلی چوہا۔ عضلان (کسفس) جمع۔

عَضَل (ف) (س) عضلہ ناک ہونا یا پنڈلی کے پٹھے کا دلدار ہونا۔

عَضَل (ک) عضلہ ناک۔

عَضَل (کس) عقلمند مرد۔ بہت سخت۔

عَضْلَة (فسف) بلا و سختی عضل (ضف) عضل (فسجم)۔

عَضْلَة (ففف) پٹھا یا سخت گوشت۔ بازو اور پنڈلی کی مچھلیاں جنکو عضلہ کہتے ہین۔ ہر گوشت کہ پٹھے مین پر اور مجتمع ہو عضل (ففف) عضلات (ففضس) جمع۔

۵ عَضَم (فس) کمان کا قبضہ عضام (کفس) جمع۔ نشانہ کا سرا پیلچہ جس سے گیہون پاک وصاف کرتے ہین اور اُسے انگلیون کی مانند بناتے ہین اونٹ اور گھوڑے کا دگزہ۔ اعضمہ (فسکف) عضم (فسس) جمع۔ پہاڑی بکرا۔ ہل کے پھالی کی لکڑی کہ جسکے سرے پر لوہا ہوتا ہی۔ پہاڑ مین ایک لکیر جسکا رنگ پہاڑ کے رنگ کے مخالف ہو۔

عَضَمَجَة (فسفف) مادین لونڈی۔

عَضَمَر (ففتف) بخیل تنگ دل بدخو

عَضَمَر (ففتف) شیر۔ ہر چیز سخت۔ بخیل۔

عَضَمَزَة (ففتفف) بخیل عورت نہایت بڑھیا جسکا اوپلا سا منھ اور موٹی موٹی باچھین ہون خوب عقلمند عورت بڑے رخسار کی کمینی عورت ٹھنگنے قد کی۔

عَضَمُور (فسفس) کوئین کی گھرنی

عضنک (رقفتف) دلدار سخت۔ بڑی اور پر گوشت کس تھلتھلاتی ہوئی۔ عورت جسکے موٹاپے اور بھاری پن کے سبب اُسکی رانین آپسمیں گھسکساتی ہون۔ عورت جسکی فلان بڑی ہو اور چوتڑ موٹے موٹے

عضنکۃ (رقفتف) بمعنی عضنک (رفتف) اور موٹی عورت بہنگی بنڈ دل

عُضو (رفس) اندام۔ بدن۔ ہر گوشت جو ہڈی مین جوڑا ہوا ہو تلغے جوڑ

اعضاء (رفسفسم) جمع۔

عضو (رفس) (ن) جدا کرنا اور جوڑ جوڑ الگ کرنا۔

عضو (رفنت) بالباس ہونا۔ خوشحال ہونا۔ دال روٹی سے خوش ہونا۔

عضوب (رفنفس) (ک) چرب زبان ہونا۔ تلوار کا تیز ہونا۔

عضوض (رفنفس) جو چیز کہ مُنھ سے کاٹی جاوے۔ کھانے کے لائق چیز۔ کاٹنے والا۔ کمان جسکا چلہ قبضہ پر چسپیدہ ہو۔ مشقت مین ڈالنے والا۔ عورت جسکی فلان تنگ ہو۔ بلا عقلمند۔ زمانہ سخت اور کاٹنے والا۔ ملک جسپر بہت سا ظلم وستم ہوا ہو۔ چھوٹے سے مُنھ کا کوان جسکی تھاہ دور ہو۔ اندارا کوان۔ عضض (رضف)

عِضاض (رکفس) جمع۔

عضوم (رفضس) اونٹنی سخت بدن کی مضبوط۔

عضہ (رفس) **عضیہۃ** (رفکسف)

عضہۃ (رکسف) جھوٹ بولنا۔ جادو کرنا۔ سخن چینی کرنی۔ باتین بات نکالنی۔ کانٹون دار درخت کھانا

عضہ (رفف) (رس) عضاہ کھانے سے اونٹون کا بیمار ہو جانا۔ اونٹون کا عضاہ کو چرنا۔ جھوٹ کہنا۔ تہمت کرنی۔ کسی پر جھوٹ باندہنا اور وہ کہنا جو اُسمین نہین ہے عضاہ کو قطع کرنا۔

عضہ (رکف) خاردار درخت بزرگ اور لبنات جیسے ببول وغیرہ۔

بعیر عضہ عضاہ کھانے والا اونٹ۔

عضہۃ (رکفف) عضاۃ ناک زمین

عضہلۃ (رفسفف) ہر شیشے کے

سر کو باندھنا۔

عُضید (فعل) کھجور کی قطار عضدان (کسفس) جمع۔ کھجور کا درخت چھوٹا جسپر ہاتھ پہنچے۔

عضیض (فعل) مرد کا ہم عمر اور ہمسر منہ سے کاٹ کھانا۔

عُضیل (فعل) کمینہ۔ بدخو۔

عضیلہ (فعلسف) پٹھا یا ہر سخت گوشت

عضیوط (کسفس) جو کہ وقت جماع کے حدث کردے اور ہگدے

عضیہہ (فعلسف) (ف) جھوٹ بولنا سخن چینی کرنی (ن) عضاہ کو کاٹنا۔

عطط (فعت) (ن) درازی میں کپڑے کو چیرنا اور جدا کرنا۔ کسی کو زمین پر پچھاڑ دینا اور اسپر غالب آنا۔

عطا (فعسم) بخشش جو چیز کہ بخشی جاوے۔ اعطیہ (فعسف) جمع

عطا (فعسم) آپسمیں لینا دینا

عطا کرنا۔

عطار (فعتفس) خوشبو بیچنے والا گندھی

عطارہ (فعتفسف) وہ کہ بازار میں اعتبار اور ساکھ رکھتا ہو۔

عطارہ (فعتفسف) عطر سازی عطاری

عطارد (فعتفسک) دوسرے آسمان پر کا ایک ستارہ ہی۔

عطاس (فعتفس) صبح چھینک

عطاش (فعتفس) پیاس کی بیماری جسکے سبب آدمی سیراب نہو جیسے استسقاء۔ پیاس کی شدت۔

عطاط (فعتفس) مرد دلاور تندرست

عطاف (فعتفس) تلوار۔ چادر۔ عطف (فعتس) جمع۔

عطاف (فعتفس) جال کہ جسمیں تیر ہی لکڑی ہو قمار کا تیر کہ اور تیروں سے مائل ہو اور فائز المرام نکلے یا تیر جس سے نہ فائدہ ہو نہ نقصان۔

عطان (فعتفس) گوبر۔ نمک۔ جسے چمڑے پر چھڑکیں تاکہ خراب اور سڑنے نپاوے یعنی کھاری۔

عطان (فعتفس) قوم جو اونٹ بیچو عطن (فعتس) اونٹ لانے کی جگہ

عطب (فعتس) نرمی و نازکی۔ روئی۔

عطب (فعتس) (ن) روئی کا نرم اور نازک ہونا۔

عرب کی رسم ہی کہ اونٹوں کو پانی پلا کر بٹھا دیتے ہیں ۱۲ مولوی محمد حبیب الرحمن صاحب مدظلہ ۱۲ ۱۲

عطب (ض س) روئی۔
عطب (ف ف) (س) ہلاک ہو جانا اونٹ اور گھوڑے کا چلنے سے رہجانا اور تھک جانا۔
عطبۃ (ض س ف) لتہ کہ جس سے آگ سلگائیں۔ تھوڑیسی روئی۔
عطبل (ض س ف) جوان خوب صورت عورت۔ پوری پیدائش کی تنومند گول ہاتھ پانوں کے پر گوشت لمبی گردن والی
عطبول (ض س ف) عطبولۃ (ض س ف ف) عیطبول (ف ف ض س) بمعنے عطبل
عطابل (ف ف ک) (ع ط ا ب ل) (ف ک س) جمع۔
عطر (ف ک) خوشبو ملے ہوئے
عطر لگائے ہوئے۔ **عطرۃ** (ف ک ف) ہونث۔ **عطرات** (ف ک ف س) جمع۔
عطر (ف ف) (س) خوشبودار ہونا۔
عطر (ک س) خوشبو۔ **عطور** (ض ف س) جمع
عطرۃ (ف ک ف) جوکہ بازار میں ساکھ اور اعتبار رکھتا ہو۔
عطرد (ف ف ک) سخت اور دشوار سیر سریع۔ روش رستہ مقبول

اور برگزیدہ مرد۔ لمبی رسی۔ ایام دراز۔ نیزہ تیز۔ سال تمام۔
عطردۃ (ض س ف ف) نگاہ رکھنا۔ ایک چیز کے لیئے ساز و سامان کرنا اور آمادہ ہونا۔
عطرد (ض س ف س) ساز و سامان یا ساز و سامان کی خوشخبری۔
عطروس (ض س ف س) اس لفظ کے کچھ معنے کسی لغوی نے نہیں بیان کئے۔
عطس (ف س) **عطوس** (ض ف س) **عطاس** (ض ف س) (ن) مرجانا چھینکنا۔ صبح کا پھٹنا
عطسۃ (ف س ف) چھینک۔ مشابہ و مانند۔ مثل۔
عطش (ف ف) پیاسا۔
عطش (ف ف) (س) پیاسا ہونا
عطش (ف ک) پیاسا۔ کم پانی کی جگہ۔
عطش (ض ف) پیاسا۔
عطش (ض س) **عطوش** (ض ف س) (ن) کسی پر پیاس کا ہجوم
عطشان (ض س ف) پیاسا۔

عطشی (رفسف) عطشانة (رفسف) مونث عطاش (رکس) عطشی (رفسف) عطاشی (رفسف) عطشانا (رصفسفس) جمع - ایک چیز کا حریص - عطشان نطشان اتباع ہین سے ہی -

عطشة (رکف) پیاسی عورت - عطشات (رفسفس) جمع -

عطط (رصف) بیونتی ہوئین اور قطع کی ہوئین چادرین -

عطعط (رصفس) بکری کا ایک برس کا بچہ یا بھیڑ کا بچہ یا گدہے کا بچہ -

عطعطة (رفسفف) لڑائی وغیرہ مین پے در پے آواز کرنی - یا آپسمین ملجانا قوم کا اُس آواز مین یا نڈرون کی آواز کی نقل کہ جب وہ کسی قوم پر غالب ہووین اور عیط عیط کہین - آواز کرنی -

عطعطة (رفسفف) تکرار کے ساتھ عیط عیط کہنا -

عطفت (رفس) (رض) میلان کرنا - مہربانی کرنی - تکیہ کو دوہرا کرنا - کسی پر حملہ کرنا اور پھر آنا - لکڑی کو خم دینا - کپڑے کو لپیٹنا - ایک کلام کو دوسرے پر عطف کرنا جیسے زید آیا اور عمر گیا - اول یعنی زید آیا معطوف علیہ ہی اور دوسرا یعنی عمر گیا معطوف ہی -

عطف (رکس) کنارہ - جانب -

عطفا الرجل مرد کے دونون پہلو - جانب - بغل -

عطف القوس کمان کا گوشہ -

عطف الطریق رستے کا کنارہ -

وہو ینظر فی عطفہ یعنے وہ اپنے لباس مین اپنے سینے اور شانے کی طرف دیکھتا ہی -

عطف (رفف) پلک کی دراڑی -

عطفة (رسف) ایک سنکا ہی جادو کا کہ جس سے عورتین اپنے مردونکو اوُر عورتون سے بند کردیتی ہین

وہ درخت جسپر انگور کی بیل چڑہائی ہو -

عطفة (رکسف) انگور کی شاخین کہ درخت پر لٹکی ہون - درخت عصبتہ

عطفة (رفف) ایک شاخ

		ماده
برگ کی گھاس ہی کہ درخت پر لپٹتی ہی اور اُسے گائیں کھاتی ہین۔	**عطلة** (صنعف) بیکاری۔ عورتکا نے زیور پن۔	
عطل (رفف) کالبد۔ کھجور ونکا گچھا۔ اعطال (رفعفس) جمع۔ گردن۔ خالی۔	**عطلس** (رفففف) لمبے قدکا۔	ع ط ل
عطم (رفس) پشم رنگین تومی ہوئی	**عطلس**	ع ط ل س
عطم (رفف) عاطم اور عطیم کی جمع ہی بمعنے ہلاک شدہ۔	**عطم**	ع ط م
عطل (رصفف) نے زیور عورت۔ گھوڑا اونٹ بغیر گردنی کے اور نے رسّی اور نے داغ و نشان ہو۔ نے سامان و نے سلاح مرد۔ نھتھا آدمی۔ اعطال (رفعفس) جمع۔ چوکہ مال سے خالی ہو۔ نے ادب	**عطمس** (رصفس) بمعنے عیطموس (رصففعفس) عورت خوبصورت نکلتے ہوئے قد کی گٹھیلے ہاتھ پانون کی۔	ع ط م س
قوس عطل نے چلّے کی کمان	**عطمس**	ع ط م س
عطل (رفف) **عطول** (رصفس) عورت کا نے زیور رہنا۔ مرد کا مونچھ نا ہونا۔ مال سے خالی ہونا۔ ادب سے خالی ہونا۔ اگرچہ اس لفظ کا اصل استعمال زیور سے خالی ہونے مین ہی لیکن ہر ایک چیز سے خالی ہونے مین استعمال کیا جاتا ہی۔	**عطن** (رفف) حوض پر اونٹون کی خوابگاہ۔ بکریون کی خوابگاہ۔ پانی کے پاس۔ اعطان (رفعفس) جمع اور اَعْطَان صرف پانی ہی پر ہوتے ہین۔ رجل عطن بہت اونٹون والا مرد۔ فرس عطن تو انگر۔ ضربوا العطن یعنی سیراب ہوکر پانی پر جگہ پکڑی۔	۳۴۳
عطلة (رفف) اب جھے بدن کی اونٹنی برگزیدہ اونٹنی۔ دودھ دینے والی بکری۔ دودھیل بکری۔ ڈول جسکا تسمہ ٹوٹا ہو اور کونا پھٹا ہوا ہو	**عطن** (رفف) رس، چمڑے کو پکانے کے لیے چھال وغیرہ مین ڈالا جانا یہان تک کہ وہ بدبودار ہو اور سڑ جاوے۔ یا چمڑے کو پانی چھڑک کر دفن کرنا تاکہ پشم نرم ہو	

اور اوکھڑ جاسے -

عَطَن (رض) **عطون** (رضنصر) اونٹون کا سیراب ہوکر عطن مین سونا - چمڑے کو دباغت کے لیئے مٹکے ناند وغیرہ مین رکھنا - یا بھگا کر چمڑے کو دفن کر دینا - تاکہ اُس سے بال جھڑ جائین - اونٹنی کا پانی پیکر عطن مین پھر لوٹ آنا اور پھر اُسے پانی پر لانا -

عَطَنَة (رفف) اسم مصدر ہے اعطان کا یعنی اونٹون کو عطن پر چھوڑنا - گروہ کہ اونٹون کو عطن مین لاسے ہون -

عَطَو (رفس) (ن) ہاتھ سے پکڑنا - سر دست اوٹھا لینا - لینے دینے مین غالب آنا - ہرن کہ درخت کیطرف کھانے کے لیئے گردن بڑھائے -

عطو (نفت) ہرن کہ درخت کیطرف کھانے کے لیئے گردن بڑھائے -

عَطُوب (رضنفس) روئی کا نرم و نازک ہونا -

عَطُود (رفتف) سخت - ہر چیز دشوار مشقت کے ساتھ جلدی کی چال جھپٹ - دوڑ - روشن رستہ کہ جسمین جہان چاہے جاوے - شریف اور نیک مرد - لمبا پہاڑ اور رون - تیز تیزہ - پورا کامل برس -

عَطُوس (رفتفس) سوت -

عَطُوف (رفتس) اونٹنی جو شتر بچہ کی کھال پر کہ گھاس پر کر کے بنائی جاوے مہربانی کرنے اور اِس ذریعہ سے دودھ دین - جال کہ جسمین لکڑی ہی لکڑی ہو - قمار کا تیر کہ سب تیرون پر مائل ہو اور فائز المرام نکلے - تیر سے فائدہ و سے نقصان - یا تیر جسے قمار باز بار بار روکین - یا مرتبہ بعد اُخری ڈالین - چادر - عطف (رضنجمع)

عَطُون (رضنفس) بمعنی عُطّان -

عطون (رفنفس) عطن مین اونٹ سوئے ہوئے -

عَطُوی (رسنف) کمان نرم -

عَطِیَّة (رفکتف) بخشش - سخاوت بخشا ہوا عطایا (رفنفس) جمع -

عُطَید (فعیل) بمعنی عَطُوف۔

عُطَیف (فعیل) نرم خو فرمانبردار عورت جسمین نخوت نہو۔

عُطَیل (فعیل) تر کھجور کے درخت کا خوشہ۔

عُطَین (فعیل) چمڑا کہ دباغت کے لیئے دباغت کے برتن مین چھوڑین اور نرم کرین۔ بڑی بوٹ کا بڑا ہوا چمڑا۔ مرد جسکا بدن موٹا ہوا ہو۔

عُطَینۃ (فعیلۃ) مرد جسکا بدن موٹا ہوا ہو۔

عَطْ (فتح) عطوان گھاس کے کھانے سے پیٹ کی سوجن۔

عَطْ (فتح) (ن) عَطْظ (مصدر) کسی کو جنگ مین سختی پہنچنی کسی کو زمین سے لگا دینا۔

عَطَا (فتح) (س) عیطون گھاس کے کھانے کے سبب اونٹ کا پیٹ سوج جانا۔

عَطَاءَۃ (فتح) ایک قسم کا چوپایہ ہی چھپکلی کی مانند۔

عَطَارَۃ (فتح) شراب سے پوری اور اسطلا۔

عِطَارِی (کسر) مٹی سے۔

عَطَاظ (فتح) ایک دوسرے کو کاٹنا آپسمین سختی کرنی۔ جنگ کی سختی اور شدت و مشقت۔

عِطَال (کسر) تضمین کرنی اور کہا گیا کہ قافیہ کو مکرر لانا۔ کتون اور ٹڈیون وغیرہ کا جفتی کے لیئے مادین کے پیچھے پیچھے لگا پھرنا

عِظَام (کسر) بڑا بزرگ۔

عُظَام (ضم) بڑا بزرگ۔

عُظَامَۃ (ضم) چھوٹا سا تکیہ جسے عورتین سر پر بڑا دکھلانے کے لیئے باندھتی ہین۔

عُظَامَۃ (ضم) بزرگی و بزرگ منشی۔ نخوت۔ ناز۔ گردن کشی چھوٹا تکیہ جسے عورتین سر پر بڑا دکھانے کے لیئے باندھتی ہین۔

عَظَایَۃ (فتح) چھپکلی کی مانند ایک چوپایہ ہی چھپکلی۔ عظاء (کسر) جمع۔

عَظَب (فتح) خشک جگہ مین اوترنے والا۔

عَظَب (فتح) (ض) سرعت سے

مادہ	
	پرندہ کا دُم ہلانا۔
	عظب (ن ض) **عظوب** (ن ض) لازم پکڑنا۔ اور صبر کرنا اپنے مال پر قیام کرنا یعنی اُسکی خبر گیری کرنی۔ جلد کا خشک ہو جانا۔ کام کرتے کرتے ہاتھ کا خشک ہو جانا
۱ عظب	**عظب** (ف س) ایک چیز کو لازم پکڑنا۔ اور اُسپر صبر اختیار کرنا۔
۲ وعظا	ہوٹا ہو جانا۔
۳ عظاظا	**عظظة** (ک ف) نرم نرم ہاتھوں سے نصیحت دینی۔
۴ عظر	**عظظة** (ف ف) جنگ کی سختی اور شدت
۳ ۴ ۶	**عظر** (ف ف) (س) ناپسند کہنا۔ بہرنا
۵ عظر	**عظر** (ف ف) (اسم) حمل۔
۶ عظظ	**عرق العظر** ایک گل ہی جسکے سبب اونٹنیاں حاملہ ہوتی ہیں
۷ عظلم	**عظرب** (ک س ک) چھوٹا سا سانپ
۸ عظل	**عظرة** (ف ف) اونٹنی کہ حاملہ نہووے۔ اونٹنی کہ حاملہ ہووے
۹ عظمہ	لغات امداد سے ہی۔
	عظرم (ک س ک) شیر کا گوبر۔
مد	**عظعظة** (ن ض ف) **عظاظا** (ک س ف) تیر کا لرزنا اور اُسکا تھرکتے ہوئے اور بل کھاتے ہوئے جانا۔ نامرد اور بزدل کا صف معرکہ سے پیچھے ہٹ جانا۔ پہاڑ پر چڑھ جانا۔ چوپایہ کا دُم کو ہلانا اور سنبھلے بجھائے دل سے جانا۔ اور کو نصیحت دینی اور اپنے تئین نہ دینی۔ جیسے شل مشہور اور کو نصیحت اپکو فضیحت
	عظل (ف ف) **عظل** (ف س) **عظول** (ض ض س) کتوں کا جفتی میں ایک دوسرے پر سوار ہونا۔
	عظل (ض ض) جنکو علت اُنبہ ہو جو کہ شر و فساد پر متہم ہوں۔
	عظلام (ک س ف س) گرد و غبار۔
	عظلم (ک س ک) اندھیری رات۔ شیرہ درخت۔ یا ایک گھاس ہی جس سے رنگتے ہیں۔ یا وہ وسمہ اور نیل ہی۔
	عظلمة (ن ض ف) تاریکی۔
	جراد عظلی بمعنے عاظل (ف ک) یعنی ٹڈیاں اوپر تلے بیٹھی ہوئیں۔
	عظم (ف س) ہڈی۔ اعظم بمنصفر عظام (ک ف س) عظامة (ک ف ف) جمع

اور اعظم (مصدر) ہمیشہ اعضا بھی آتا ہے۔

عظم (ک ح ل) نے تسمہ اور نعل سامان پالان کی لکڑی **عظم** الفقار ان ہل کا چوڑا تختہ۔

عظم (مص) ان کتے کو ہڈی کھلانی۔ بدن کی ہڈی پر مارنا۔

عظم (ص ح) ایک کھیل ہے اور وہ اسطرح پر ہوتا ہے کہ لڑکے سپید ہڈی کو رات میں ایک طرف پھینک دیتے ہیں اور پھر اسے ہر ایک الگ الگ ڈھونڈھنے جاتا ہے۔

عظم (مص) بزرگی۔ بڑائی۔ زیادتی اور بیشتری۔ جماعت کثیر

عظم الامر کام کا معظم **عظم الشئی** چیز کا اکثر۔

عظم الطریق میانہ اور کشادہ اور فراخ راہ۔

عظم (ک) **عظامۃ** (مصدر ک) بزرگ اور کلان ہونا۔ بزرگی بڑائی۔

عظمات القوم قوم کے سردار اور معتبر لوگ۔

عظمۃ (مصدر) چھوٹا سا تکیہ جسے عورتیں سر پر بون کی بڑائی دکھانے کو باندھتی ہیں۔

عظمۃ (ک ف) عورت جو بڑے ذکر کی حریص اور مشتاق ہو۔

عظمۃ (ف ف) بزرگی۔ ناز۔ گردن کشی اور غرور و نخوت۔

عظمۃ اللسان زبان میں سے جو چیز کہ دلدار اور موٹی ہو۔

عظمۃ الساعد جو چیز کہ کھٹی کے متصل گندی اور غضلناک ہو۔

عظمۃ الذراع بازو کی دلداری اور پٹھا کاری۔

عظموت (ف ف ض) بزرگی خود نمائی۔ ناز۔ گردن کشی۔ بزرگ منشی۔ نخوت۔

عظمی (مصدر) کبوتر جسکا رنگ سپیدی مائل ہو۔

عظاہ (ن) تلخے کسی کو بڑا اور قبیح کہنا۔ یا زہر کھلا کر ہلاک کیا نیکی سے پھیر دیا۔ غیبت کی یا کسی چیز کو زبان سے پکڑا۔ کھڑا کہنا۔

عظور (رفعس) پشکم ہر ایک شتر اب سے کہ کوئی سی ہو۔ عظر (ظ جمع)

عظیان (رسفس) اونٹ جسکا عزیلہ ان گھاس کھانے کے سبب پیٹ سوج گیا ہو۔

عظیب الخلق (رکسس) بدی لاش کا مرد

عظیب الخلق (رفسس) بدخو مرد

عظیر (رکسفت) ٹھنگنا۔ قوی سخت بدنگا۔ تند۔ چنچپا۔ منقبض۔ بدخو۔ سرکہ پیشانی۔

عظیم (رفکس) بزرگ۔ کلان۔ موٹا۔ امیر۔ حاکم۔ باریتعالی کی صفات مین سے ایک صفت ہی اس معنی مین کہ جسکی قدر حدود عقل سے متجاوز ہو یہانتک کہ اسکی کنہہ اور حقیقت متصور نہو۔

عظیمۃ (رکسف) سختی۔ بلا۔ سخت

عظیوط (رکسفس) جو کہ وقت جماع کے حدث کردے۔ یا وہ جو قبل از دخول منزل ہو جاوے یعنے دہوتی مین انزل ہو۔

عظیوطۃ (رکسفسف) جنگلی چوہا

عف (رفت) پارسا۔ عفۃ (رفف) عفۃ (رفسف جمع) عف (رفت) عفاف (رفس) عفافۃ (رفسف) عفۃ (رکف) (ض) حرام سے رک رہنا۔ اور پارسائی کرنی۔ دودہ کا پستان مین جمع ہو آنا۔ یا اسمین باقی رہنا۔

عفا (رفت) گدہے کا بچہ۔ زمین اور شہر جسمین کسی کی طمع نہو۔

عفاء (رفسم) خاک سپیدی جو آنکھ کی سیاہی پر ہو۔ مینھہ۔ گدہے کا بچہ۔ پوشیدگی۔ ناپدیدگی۔

عفاء (رکفسم) پشم شتر اور شتر مرغ کے پر۔

ابو العفاء گدہا۔

عفار (رفس) درخت جس سے آگ لیتے ہین۔ عفارۃ (رفسف) ایک درخت۔ روٹی بغیر سالن کے کھجور کے درختون کو نر دینا اور آراستہ امد پیراستہ کرنا۔ ستو بغیر شیرینی کے گھلا ہوا۔

عفار (رفتفس) جو خرما دین کو نرد ے۔

عفارۃ (رفسف) پلیدی خبثی

		ماوہ
عُفَارِیَۃ (ضفسکف) سخت پلید مرد قوی شیر سخت پیدائش کا۔	عَفَاق (کفس) اونٹنی کو بہت دوڑانا۔ تیز و سریع چلنا۔	ع ف ق
عُفَاز (ققس) چار مغز۔ اخروٹ	عُفَاقَۃ (فتفسف) کون۔	ع ف ق
عَفَازَۃ (فتفسف) زمین کا ٹیلا۔	عُفَال (فضسک) قطام کے وزن پر عورتوں کے حقیر گالی ہے۔	ع ف ل
عَفَازَۃ (ضفسف) روئی کا بار۔	عَفَانُ الشَّیْءِ (ف) چیز کا وقت۔	ع ف ن
عَفَاش (کفس) فساد۔	عَفَاوَۃ (فتفسف) ہانڈی وغیرہ مین طعام کے اوپر کی چیز جیسے روغن وغیرہ۔ اوپر اوپر کا عمدہ شوربا باقی رہا ہوا کھانا کہ جو ہانڈی کی پیندی مین ہو۔ کھانا جسے لڑکے بطور ہدیہ کے بھیجین یعنی اینڈ کلھیا کا کھانا	ع ف و
عَفَاش (ضفس) گھنی ڈاڑھی والا آدمی۔		ع ف ش
عَفَاشَۃ (ضفسف) ہیچ لوگ۔		ع ف ش
عَفَاص (کفس) چمڑے کا ٹکڑا جس سے برتن وغیرہ کے سر کو باندھین اور برتن وغیرہ چیز کا ہو یا غیر چمڑے کا کہ جس مین کھانے پینے کی چیز رکھتے ہین قارورہ کا غلاف۔		ع ف ص
عَفَاطَۃ (فتفس) کلام مین عاجز۔		ع ف ط
عَفَاطَۃ (فتفسف) بیہودا باتین کرنے والی عورت۔		ع ف ط
عَفَاطِی (کفسک) جو کہ کلام مین عاجز و درماندہ ہو۔		ع ف ط
عَفَاف (کفس) دارو۔	عَفَاہِیَۃ (ضفسکف) موٹا پہ کا گٹھیلا	ع ف ہ
عَفَافَۃ (ضفسف) دودھ جو پستان مین باقی رہا ہو۔	عَفْت (فس) ہڈی کو توڑنا۔ بغیر جدا کرنے کے توڑنا کسی کے ہاتھ کو مروڑنا۔ لکنت کے سبب بات کو توڑ توڑ کہنا۔ عربیت مین تکلف کرنا۔	ع ف ت

اور یہ عفا بہ مضمر العین سے معنی مین ہے۔ مولوی محمد حسین صاحب

عفف

عفت

عفج

عفد

عفر

۱۲

۳۵۰

عفصۃ (ضفت) پستان مین بچا ہوا دودہ - نہایت بڈہا - ایک مچھلی ہی چھوٹی سپید رنگ بغیر چھلکے کی جب اُسے پکاتے ہین تو اُسمین چاول کا مزہ ہوتا ہی -

عفتان (کتفس) قوی مرد موٹا یا پر گوشت گول بدن کا - یا سخت پیدایش کا طاقت دار -

عفتانی (کتفسکت) بمعنی عفتان

عفج (رفس) (رض) مارنا - جماع کرنا وہوس کا کپڑے کو پیڑے پر مارنا - قوم لوط کا فعل یعنی اغلام کرنا -

عفج (رکس) آدمی گھوڑے درندہ کی انتڑی کہ کھانا معدہ سے اُسمین آجاتا ہی - اعفاج (رفسس) جمع

عفج (رفت) (رس) مرد کی انتڑی کا بزرگ اور موٹا ہونا -

عفجۃ (رکف) چھوٹا حوض کہ بڑے حوضون کے پہلو مین ہو اور جب حوض کا پانی بلند ہو اور اُسمین سے بہ نکلے تو اُسمین سے پیوین اور لیوین جیسے چھوٹا بچہ -

عفد (رفس) کبوتر - یا ایک پرندہ ہی کبوتر کی مانند -

عفد (رفس) عفدان (رفضس) (رض) دونون پانؤ نکو جوڑ کر کودنا -

عفر (رفس) (رن) خاک مین لٹانا - خاک مین آلودہ کرنا - یا خاک کے نیچے دفن کرنا - کسی کو زمین پر مارنا -

عفر (رکس) بڑا نہیت مرد فہیم و غاباز - سخت شیر - نر سؤر یا عام ہی یا سؤر کا بچہ یعنی گھنیا -

عفر (رضس) مہینے کی ساتوین آٹھوین نوین رات - دلیر - مرد چست و چالاک - موٹا سخت بدن کا قوی مرد - اعفار (رفسس) عفار (رکفس) جمع -

عفر (رفت) خاک - خاک کا چہرہ - اعفار (رفسس) جمع - پہلا پانی جو کھیت کو دیوین چند تیر جنھین تخاط الشیطان کہتے ہین اور وہ دوپہر کی گرمی مین جو کچھ نچار رات سے تلملاتے ہوئے نظر آتے ہین - سختگی - اشکال یعنی مشکل پن -

عفر (رفت) ہرن کا سپید سرخی مائل ہونا یا سرخ پشت اور سپید شکم ہونا - بلا سبب یعنی سے آتا ہی -

		ماده
عُفر (رضف) زمانہ وقت - مہینہ -	شیر کا پچھاڑ ڈالنا -	
عِفر (رگت) مرد پلید -	**عِفرِفرة** (رفسفسف) پلید شیر پیشہ	
عُفراء (رفسفسم) مونث اعفر (سفید عورت - مہینے کی تیرہویں	**عِفرِن** (رکفس) پلید شیر پیشہ	ع ف ر
زمین بے نشان ویران یا زمین کہ	**عِفرناة** (رفسفسف) سخت اور	ع ف ر ن
سیراب نہوئی ہو - بکری جسکی سپیدی	بکھرے ہری شیرنی - قوی اونٹنی - غول	ع ف ر ن ا
پشم پر سرخی غالب ہو عفر (رضس جمع)	**عِفرِنس** (رفسف) سخت اور قوی	ع ف ر ن س
عُفرات (رکسفس) پلید مرد فریبی	شیر سخت اونٹ - موٹی اور دلاور	
سیج سر کے بال -	گردن والا -	
عِفرة (رکسف) پلید عورت - مونث	**عِفرِنی** (رفسف) سخت بدنکا شیر -	ع ف ر ن ی
عفر (رکس) گردن شیر کے بال -	مضبوط پیدائش کی شیرنی -	ع ف ر
مرغ کی گردن کے بال -	**عِفرِنیة** (رضفسکسف) خبیث مرد	ن ی
عُفرة (رضسف) ہرن کی پشت	فریبی - ٹڈی کے بال - چیتے کے بال	۳۵۱
کی سرخی سپیدی مائل - شیر اور	**عِفری** (رکسکت) بڑا خبیث مرد فریبی	
مرغے کی گدی کے بال - غیر خالص	**عِفری** (رفسف) مرغے کی	
یعنے ملگجی -	گردن کے بال - آدمی کی گتی	
عُفرة البرد جاڑے کا شروع -	کے بال چوپائے کی پیشانی کے بال	
عفرة (رضفسف) جاڑے کا شروع -	**عِفریت** (رفسکس) ہر چیز کو	
عُفرة الحر گرمی کی سختی -	نہایت پر پہنچانے والا - مرد جو	
عفرجع (رفسف) بدخو بدسیرت مرد -	امور میں چالاک اور رسا اور انمیں مبالغہ	
عفرس (رکسک) قوی توانا شیر -	کرنے والا اور عقلمند ہو - عفریتة	
عفرسته (رفسسف) کسی کو زمین پر	(رکسف) مونث ہی - عفریت	
پچھاڑنا اور اسپر غالب ہونا کسیکو	نفریت اتباع سے ہی - دیو سخت	
	قوی ہیکل دلیر خبیث مرد فریبی -	

ع ف ض

عفز (فس) قوی شیر سخت پیدائش کا۔
عفریتہ (کسکف) پلید مرد فریبی ہر چیز مین مبالغہ کرنے والا ستمگار سخت پیدائش کا۔ شیر بختی شیر اور مرغ کی گردن کے بال۔ آدمی کی گدی کے بال۔ چوپایہ کی پیشانی کے بال۔ چندیا کے بال۔
شیطان عفریتہ (کسکف) دیو سخت قوی ہیکل دلیر۔
عفرین (کفتکس) سخت پیدا شیر کی شیرنی شیر۔ شیر کا جنگل۔ ایک چھوٹا سا جانور ہی جو بن دیوار کی نرم خاک مین رہتا ہی چھپکلی کی مانند ایک چھوٹا سا جانور ہی اور سوار کے مقابل آتا ہی اور دم سے مارتا ہی۔ مرد کا جثہ۔ قوی ضابطہ عقلمند رسا۔ ہر ایک چیز کو نہایت بہ پہنچانے والا۔
عفز (فس) چار مغز نیشکر جسے کھاتے ہین۔
عفز (فس) (ن) مرد کا اپنی بیوی سے کھیلنا۔ اونٹ کو سلانا۔
عفزر (فسف) سابق سریع

شتاب۔ مرد جوامر باطل مین بہت شور و غوغا کرے۔
عفش (فس) (ن) بازو کھنچنا خوار و حقیر کرنا۔ زور سے دفع کرنا ہانکنا۔ پانوٗن سے کسی کے سرین پر لات مارنی یا ٹھوکر۔
عفش (فس) (ض) جمع کرنا۔
عفشال (کسفس) شوخ مرد نڈر
عفشج (کسف) لینا پرکار دار۔
عفشل (فسف) ثقیل اور لیچڑ اور بدخو جس کی صحبت سے ناخوش ہون
عفشلیل (فسفکس) ثقیل اور لیچڑ اور بدخو نہایت بڈھا لڑبڑا
پشم والا کنبل بچھونا یا زین بچھو
عفض (فس) مازو جس سے سیاہی بناتے ہین۔ یا ایک درخت ہی بلوط کا ایک سال بلوط کا پھل دیتا ہی اور ایکسال مازو کا۔
عفض (فس) (ض) لوکھاڑنا۔
عفض فلانا غالب آیا فلانے پر کشتی مین۔
عفض یدہ پنجہ مڑوڑا اسکا
عفض جاریہ مجامع کیا

اسکی لونڈی سے۔

وعفص القارورۃ شیشے کے منھ کو چمڑے سے باندھا۔

وعقص الشئی دوہرا کیا اس شئی کو اور پامال کیا۔

عقص (ف ک) بکٹھا۔

عقص (ف ف) ناک کی پیچیدگی اور گرفتگی۔

عقضج (ف ف) **عضاج** (ک ف س) **عاضہ** (ف ف ک) سوکھا گڑھا اور سوکھا کرڑے گوشت کا۔

لغات اضداد سے ہے۔

عقط (ف ف) بکری کے ناک کا سنک بیٹھنا۔

عقط (ف ک) گوز مارنے والا۔

عقط (ف س) **عقیط** (ف ک س) **عقطان** (ف ق س) (ض) گوز مارنا۔ کلام میں عاجز رہنا۔ دونوں لیوں سے پڑپڑی بجانا۔ کریوں کو بلانا اور انکی صاف کردینی کہ دینی۔ چرواہے کا کریوں کو اس روش پر ہانکنا کہ وہ چھینکیں۔

عقطلۃ (ف ف ل) ایک چیز کو ایک چیز میں ملانا اور خلط ملط کرنا۔

عقیطی (ک س ت) جو کہ کلام میں عاجز و درماندہ ہو۔ ع عقیط

عقف (ف ف) کیلے کی پھلی۔ ع عقیف

عقفۃ (ف ف ف) کیلا کھانا۔ ع عقف

عقف (ف ض) اپنی خوشی غالب ہوجانا اور پھر چلا آنا۔ ع عقف

وعقفہ بالسوط مارا اسکو کوڑے سے۔ ع عقف

وعقفہ عن الامر روکدیا اسکو کاروبار سے اور بند کردیا اسکا ارادہ

وعقفت الابل عقفا و عقوقا ترتر ہوگئے اونٹ چراگاہ میں چھوڑنیکے بعد گرگ دنیز **عقف** تھوڑا سا سو کر جاگ اوٹھنا۔ گوز لگانا۔ کام کو مضبوط نکرنا۔ گدھے کا بہت جفتی کرنا۔ اونٹوں کا پانی پر بہت آنا جانا۔ اور بہت رجوع کرنا۔ ایک چیز کو جمع کرنا۔ مارنا۔ ہوا کا ایک چیز کو پراگندہ کرنا۔ اونٹنی کو بہت دوہنا جلدی چلنا۔ بھیٹ کر چلنا۔

عقف (ف ف) گھاٹ پر اونٹوں

	کی آمد و رفت۔
۱ عفق	**عُفق** (ض ض) مکھی۔
۲ عفقس	**عُفقہ** (ف س) غیبت۔ ایک کھیل ہی جسمین خاک جمع کرین۔
۳ عفک	**ماعفقسہ** کیا بد خلق ہی وہ نیکخو ہونے کے بعد۔
۴ عفکل	**عفک** (ف ض) کلام کو مضبوط نکرنا اور ناپسندیدہ بات کہنی کسی کو حاجت سے رد کدینا۔ کسکی حق مین تمام ٹوٹا کرنا بہت دلیل مین ڈالنا۔ آجکل آجکل کرنا۔
۵ عفل	سخت احمق ہو جانا۔
۱۲ ۱۲ ۱۲	**عفک** (ف ک) احمق۔
۳۵۴	**عفکا** (ف س) اونٹنی کہ جسمین تھوڑیسی سرکشی ہو۔
	عفکل (ف س) احمق۔
	عفل (ف) مادین کی فتح اور وہ ایک چیز ہی جو عورت اور اونٹنی کی فرج سے نکلتی ہی اوذرہ کی مانند کہ مردون کے خصیہ مین ہوتا ہی یعنے فتح ایک بیماری ہی فتق کی کہ جس سے انتڑیان مردون کے خصیے مین چلی آتین ہین اور عورتون کی فرج مین۔ بوک اور بیل کے پانوٗن مین چربی کی کثرت۔ اِس لفظ کا استعمال اکثر خصی مین کرتے ہین۔ دبر اور کیر کے درمیان کی سیون۔ بوک کے دونون خصیون اور اُسکے گرداگرد کی چربی۔ بوک اور بکری کی فربہی اور موٹاپے اور دُبلے پن کے دیکھنے کے لیئے ہاتھ پھیرنے کی جگہ۔
	عفل (ف س) عورت کا بیماری عفلہ مین مبتلا ہونا۔
	عفلا (ف س) عورت اور اونٹنی کہ جسکی کس سے فتح نکلا ہو۔
	عفلاۃ (ف س) ہنسی کے وقت ہو ٹھونکا لوٹنا۔
	عفلۃ (ف ف) مادین کی فتح اوذرہ ایک چیز ہی کہ جو عورت اور اونٹنی کی فرج مین سے نکلتی ہی اُذرہ کی مانند کہ مردون کے خصیے مین ہوتا ہی اور فتح ایک بیماری ہی فتق کی کہ جس سے انتڑیان مردون کے خصیے مین چلی آتین ہین اور عورتون

		ماده
ا کی فرج مین -	عفنجر (ففنصف) احمق - گیدا -	
عفلط (کسک) احمق -	دلدار - شتاب رو اور سریع اونٹنی -	
عفلط (ففتف) عفلیط (کسکس) احمق -	عفنجش (ففنصف) اکھڑ مرد بدمزاج	
عفلطہ (فنصفف) آمیختہ کرنا -	عفنجل (ففنصف) بدخو لیچڑ گران جان کہ جسکی صحبت کو ناخوش رکھین - بہت بیہودہ اور فضول بکنے والا -	ع ع ف ل ط
عفلق (فنصف) کس جو فراخ ہو - سست - پر گوشت - احمق عورت بدزبان بدکردار -	عفنش (ففتف) بڑی عمر کا بڈھا مرد - گھنی داڑھی والا -	ع ف ق
عفلقہ (فنصفف) احمق عورت بدزبان بدکردار -	عفنش العثنین مرد جسکی بھوین ہوتی ہون -	ع ف ن ش
عفلوق (فنصفس) احمق کم عقل	عفنشہ (فنصفف) داڑھی کا گھنا اور انبوہ دار ہونا -	ع ف ن ش ہ
عفن (فک) گوشت جسکا بو اور مزہ بدلگیا ہو - ہر چیز گلی سڑی - رسی گلی سڑی خراب کہ پانی سے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی -	عفنشل (ففنصف) بمعنی عفنش - یعنے گران جان بوجھل -	ع ف ن ش ل
عفن (فس) عفون (فنصفس) (ان) پہاڑ پر چڑھنا - گوشت کا سڑ جانا -	عفنط (ففتف) کمینہ بدخو - دانستہ الارض کہ ایک جانور ہی -	ع ف ن ط
عفن (ففتف) عفونۃ (فنصفف) (س) رسی کا پانی کے سبب گل سڑ جانا اتنا کہ ہاتھ لگانے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر ہاتھ مین آجاے -	عفنقش (ففنصف) بدخو - کمینہ ابری اور سخت خو کا -	ع ف ن ق ش
	عفو (فس) سب سے زیادہ پاک مال - ہر چیز چنی ہوئی اور عمدہ اور تحفہ مال کی زیادتی - اچھی چراگاہ - نیکوئی اور احسان -	ع ف و

مادہ		
ع ف و	پینے سے بچا ہوا پانی - جگہ جو کسی کے قبضہ میں نہ ہوئی ہو - گدھے کا بچہ	چیز کے نشان کو ناپدید کر دینا - بخشدینا گناہ سے درگذر کرنا - مستحق عذاب کو عذاب نکرنا -
ع ف و	عفوۃ (ن) اونٹ کی پشم کا بہت اور لمبا ہونا یہاں تک کہ اسکے سرین کو ڈھانک لیوے - ایسا ہی چارا وغیرہ کا بڑھنا - ایک چیز کو جمع کر دینا - لازم اور متعدی دونوں ہے گھر کا ناپدید ہو جانا - ہوا کا گھر کو خاک سے پوشید کر دینا - زکوۃ نہ لینی - ہوا کا ایک چیز کے نشان کو ناپدید کر دینا -	عفو اللہ خدا تعالیٰ کا قصور معاف کرنا - لکھے کو مٹانا - بھلائی اور احسان کسی سے چاہنا کسی کا حال نیک ہونا - موٹا ہو جانا -
ع ف ف	عفوف (ن) مرجانا اور ایک چیز کا اثر جاتا رہنا - ہلاک ہونا - نیست و نابود ہو جانا - پانی کا صاف اور روشن ہونا - کسی پر علم میں زیادہ ہونا - یہہ معنے جب کہ علی صلہ ہو - صوف کو قطع کرنا - اچھا اچھا شوربا لینا - کچھ ہانڈی کی پیندی میں چھوڑ دینا - زکوۃ نہ لینی - ہوا کا ایک	عفوف (ضفت) بہت معاف کر دینے والا خطا سے درگذر کرنے والا - صفات باری تعالیٰ میں سے ایک صفت ہے -
ع ف ف		عفوۃ (ضفت) برابر اور موافق کرنا - ساری چیز لینی -
ع ف ف		عفوۃ (فسف) دیت خونبہا - دیگ کا چھاک یا ہانڈی میں طعام کے اوپر کی چیز گھی وغیرہ -
ع ف و		عفوۃ (کسف) ہر چیز کا برگزیدہ - گدھے کا بچہ مادین - اچھی چراگاہ -
ع ف و		عفوصۃ (ضفصف) کڑواہٹ - مزہ کی تیزی - بکٹاپن -
ع ف و		عفوثۃ (ضفصف) بدبو -
ع ف ی		عفیثۃ (فکسف) تبابہ کہ ایک قسم کا حلوا ہے -

مادہ

عفیر[1] (فعیل) جلتے ریت پر دھوپ مین خشک کیا ہوا گوشت - گھولے ہوئے ستو بغیر مٹھاس کے یا بغیر گھولے ہوے ستو - روکھی روٹی بغیر سالن کی - عورت جو ہمسایہ کو کچھ نہ دیوے -

عفیرۃ (فعیلۃ) گوہ گردان جانور کی گولی - عورت جو کسی کو تحفہ ہدیہ نہ بھیجے -

عفیط[2] (فعیل) بکری کی ناک کا سنک رینٹھہ -

عفیف[3] (فعیل) پارسا نیکبخت -

عفیفۃ (فعیلۃ) پارسا عورت ہونے شے - اعفاء (فعیتسم) **عفائف** (فعیسک) **عفیفات** (فعیلفس جمع)

عفیقان[4] (فعیلفس) عرفج کی مانند ایک گھاس ہی -

عفیک[5] (فعیل) بڑبکا احمق -

عق[6] (فت) ماں باپ کا نافرمان اور انکو دکھ دینے والا - شگاف پھٹن -

عق (فت) (ن) کپڑے کو چیرنا بچہ کا عقیقہ کرنا - سات دن کے بچے پر قربانی کرنی - آسمان کیطرف تیر پھینکنا - ماں باپ کو ستانا -

عق (ضت) کڑوا پانی -

عق[7] (کت) زمین مین گہرا گڑہا -

عقاب (فعقس) ایک پرند جانور ہی - اعقب (افعس) جمع قلت - عقبان (فعسفس) جمع کثرت کوئین کے اندر کا پتھر جو ڈول کو پھاڑ ڈالے - بڑا پتھر کہ پہاڑ مین سے زینے کی سیڑھی کی مانند باہر نکل آیا ہو - ایک چیز نور کے مشابہ جو چوپائے کے پانوٗن مین نکل آوے یعنی پہاڑی ڈورا جو حلقہ گوشوارہ کے سوراخ مین ہوتا ہی - حوض کی نالی جس سے پانی آوے - کوئین کی منڈیہ پر ایک پتھر جس پر سقا کھڑا ہو کر پانی کھینچے - عرب کے چند گھوڑون کا نام - بڑا جھنڈا - ٹیلا - ہر ایک زمین کی بلندی جو بہت بلند نہووے -

عقاب عقنباۃ (فعفسس) **وعقاب عبنقاۃ** (فعفس)

ع عف
ع عفط
ع عفف
ع عفف
ع عفف
ع عفف
ع عفف

۳۵۶
۱۲۱۲
۱۲

وعقاب بعنقاۃ (مفسفس) عقاب تیز چنگال اور عقاب کی جمع اعقب اسوجہ سے آتی ہے کہ مونث ہے۔

عقاب (کفس) شکنجے میں کھینچنا پیوند لگانا۔

عقاۃ (رفس) گھر کا گرداگرد۔

عقب منزل پڑاؤ اور اترنے کی جگہ۔

عقار (رفس) زمین پانی وغیرہ

عقر گھاس جو مواشی کو خستہ و مجروح کردے۔ بہترین گھاس منزل

عقرب کھجور کا درخت۔ رنگ سرخ گہرا

عقار (رفس) اسباب۔ عمدہ سامان اسباب جو عید بقرعید کو استعمال کریں۔ ہر خشک چیز۔

عقار (رمفس) شراب۔ ایک قسم کا رنگین کپڑا۔

عقار (رمتفس) ایک تر گھاس ہے

کلأ عقار گھاس کہ جو چوپایہ کو زخمی کردے۔

عقار (رمفس) گھاس جس سے علاج کریں۔ دوائیں۔ درخت۔

عقاقیر (رمفسکس) جمع

حدید جید العقاقیر اصیل اور اچھا لوہا۔

عقارب (رمفسک) سخن چینیان سختیان۔

عقارب الساعۃ جاڑے کی سختی۔

عقاری (رمفسف) کوبج کٹے ہوئے گھوڑے۔

عقاص (رمفس) بکریون کی ایک بیماری ہے۔

عقاص (رکفس) ڈورا کہ جس سے زلف باندھیں۔

عقاف (رمفس) بکریون کی ٹانگون کی ایک بیماری ہے جس کے سبب اسکی ٹانگیں ٹیڑی ہوجاتی ہیں۔

عقاقۃ (رمتفسف) کبڑی لکڑی جس سے ایک چیز کو کھینچیں۔ چوگان

عقاق (رفسک) نافرمان ماں باپ کا آزار۔ اسم ہے عقوق کا

عقاق (رفس کفس) اونٹنی کا حمل

عقاق (رمفس) کرتا اور بکھاری

عقاق (رفس) عقوق (رمفس) عقوق (رفف) (رن) اونٹنی کا حاملہ ہوجانا

عقال (رکفس) اونٹون اور بکریون

کی برس بھر کی زکوۃ ۔ جوان اونٹ
رسی جس سے اونٹ کی ساق اور
موڑے کو آپسمین باندہ دیتے ہین ۔
عِقَل (ضفل) جمع ۔
عُقال (ضقفس) چوپایہ کے پانو
کی ایک بیماری ہی کہ جب چلتا ہی ایک
ساعت لنگ کرتا ہی پھر اچھا ہو جاتا ہی
یا یہہ بیماری خاص گھوڑے کیلئے ہی ۔
عُقام (ضفس) جنگ سخت ۔ اور
سخت بدخو مرد ۔
عَقام (فقس) مرد جسکے فرزند نہو
بانجھ عورت ۔ عقام (ضففسم) جمع
داؤ عقام بیماری کہ اچھی نہو حرب
عقام سخت لڑائی رجل عقام بدخو مرد
ناقۃ عقام اونٹنی جسکے کچلیان نکلی
ہون اور گٹھیلا بدن ہو ونیز عقام
ایک مچھلی ہے یا دریائی سانپ ۔
عُقّان النخیل جو پیر کہ کھجور
کی جڑ سے پھوٹ نکلے ۔ ایسا ہی
عُقّان الکرم
عُقب (ضفس) چوپایہ کی روش
اور دوگ کہ پہلی ٹانگ کے پیچھے لاوے
بیٹا ۔ پوتا ۔ ایڑی ۔ جہت و سمت ۔

چنانچہ مسافر سے کہتے ہین ۔ مِن
اَیْنَ عُقْبُکَ یعنی کدہر سے آیا ۔
عَقب (فس) **عقوب** (فعسر
ن) کمان پر پے لپیٹنی ۔ ایڑی
پر مارنا ۔ کسی کا خلیفہ ہونا ۔
عقب فلان علی فلانۃ فلانی پر
فلانا آیا اُسکے خاوند کے بعد ۔ درخت کا
خشک پتے کے بعد سبز پتے
نکال لانا ۔ جیسے عقب الشجر
عَقب (ضفس) کام کا انجام اور
بولتے ہین کہ جئت فی عقب الشہر
یعنی آیا مین تمام مہینے کے گذر
جانے کے پیچھے ۔
عَقِب (فکف) بیٹا ۔ پوتا ۔ ایڑی
اعقاب (فسفس) جمع ۔
عَقِبُ الشَّہر مہینے مین جو کچھ
تھوڑا سا باقی رہا ہو ۔
عقبان (فسفس) کام کا انجام
ہر چیز کا آخر ۔
عقبۃ (فسف) ایک قسم کے
ہودہ کے منقش کپڑے ۔ سبزہ
کہ خشک پتے کے پیچھے نکلے ۔
عقبۃ (کسف) مہینے مین ایکساد

ایک کام کو کرنا۔

عقبۃ (ضفعف) نوبت یعنی باری قیدی کا بدلا۔ رات اور دن اسلیئے کہ ایک دوسرے کے پیچھے آتے ہین۔ جو کھانا کہ عاریت مانگی ہوئی ہانڈی کی پیندی مین مالک دیگ کو بھیجین۔ ہر چیز کا باقی رہا ہوا۔ اور نشان۔

عُقْبَۃُ الطَّائِر پرندے کے چڑھنے اور اوترنے کی مسافت۔

عُقْبَۃُ الشَّیْطَان ایک قسم کی نشست جو کتے کی نشست کے مشابہ ہی۔

عَقَبَۃ (ففف) پہاڑ پر دشواری سے چڑھنے کی جگہ۔ پگڈنڈی۔

عقاب (کفس) جمع۔ پٹھا جس سے چلہ بناوین اور رسی بٹین۔ **عقب** (ففف) جمع۔ مثلاً **عقبات** (ففس جمع)

عَقِبَہ (ضفکف) پیروی پیچھے آنیوالا۔

عَقِیْل (فسفس) بیاری کا بقیہ۔ بدہ جو تپ کے بعد منھ پر نکل آوے۔ بقیہ دشمنی۔ عشق کا بقیہ سختی کا بقیہ۔ **عقابیل** (فسفکس جمع)

عَقِیْلَہ (ضسفسف) بمعنی عقیل

عَقِیْبی (ضسفسف) کام کا بدلا اور حق ایک چیز کا بدل۔

عَقَّہ (فتف) آسمان مین لمبی بجلی کوندنے والی۔ زمین مین گہرا گڑھا

عَقَّہ (ضتف) ایک چیز جس سے لڑکے کھیلتے ہین۔

عَقَّہ (کتف) بمعنی عق (کت) اور چوہا کے بچون کے بال جو مان کے پیٹ سے ساتھ لیئے نکلتے ہین یا عقہ خاص ہر گدہون اور آدمیون کے لیئے عقق (کف) جمع۔

عُقَد (ضفس) پیچان۔ راے۔ فکر۔ زاد۔ قوی پشت۔ مروڑ بستہ زبان۔ طاق جو مکان مین بناتے ہین۔ اعقاد (فسفس) جمع

ھُوَ اَھْلُ الْحَلِّ وَالْعَقْدِ یعنے وہ لوگون کا معتمد علیہ ہی۔

عَقَد (فسس) (ض) کسی کو طرف پناہ دیجانا۔ باندھنا۔ بدی کا آمادہ ہونا۔ شمار کرنا۔ بہنے والی چیز کا گاڑھا ہونا۔ گابھا اور دودار کرنا۔ اونٹنی کا حمل کے سبب دم کو گرہ دینا

لہ جیسے عقد عقبہ الیہ ۱۲ محمد حبیب الرحمن

بغیر استثنا کی قسم کھانا۔ ڈاڑھی لپیٹنا۔	کھجور کا خوشہ۔ گھاس کہ اونٹ کو
عقد (کس) گلوبند۔ جائل۔	کفایت کرے۔ جو چیز کہ مرد کو
موتیون کا ہار۔ عقود (جمع)	کافی ہو۔ امد بس۔ کتے کا ذکر۔
عقد (فف) ریگ تودہ اوپر سے	ہر شے میں کہ جسمیں فراخی اور زیادتی ہو
جما ہوا۔ عقدۃ (فقف) ایک ریگ	۔ نکاح اور بیع اور ہر چیز کا وجوب
تودہ۔ زبان کی لکنت۔ زبان کا	اور لزوم۔ چراگاہ کا گوشہ۔
لکنت زدہ ہونا۔ کتیا کی حیض	اونٹ جو درخت کی طرف مضطر ہو
کے وقت لینڈی جوڑ جانی۔	۔ ٹوٹے ہاتھ کی ٹیڑھی بندش۔
عقد (فک) جو کہ کلام میں زبان	**عقدۃ** (فقف) زبان کی جڑ۔
بستہ ہو۔ ریگ تودہ اوپر سے	**عقر** (فس) گھوڑے اور اونٹ
جما ہوا۔ ٹھنگنے قد کا اونٹ محنتی	کے پاؤن میں شگاف کی مانند
سخت بیٹھ والا۔ ایک درخت جسکا	ایک نشان ہی۔ ہر ایک چیز
پتا زخم کو بھر دیتا ہی۔	کی بنیاد۔ اور اصل۔ دو چیز کے
عقدا (فسقسم) لونڈی بکری	درمیان کا ہر شگاف۔ کودنے
کہ گویا دم اسکی گرہ بندھی ہوئی ہی	والے کے پاؤن کے درمیان
عقدان (فقفس) ایک کھجور ہی	کی کشادگی۔ منزل محل۔ یا
عقدۃ (منصف) حکومت۔	ویران محل۔ سفید ابر کا ٹکڑا یا ابر
شہر پر قابو پانا۔ گرہ۔ عقد (ضف	کہ آفتاب کے سامنے پیدا ہووے
جمع) باغی۔ زمین وغیرہ کہ مالک	اور چشمہ آفتاب اور اسکے گرد
اسکا اسکی ملکیت کا اعتقاد	گرد کو ڈھانک لیوے یا ابر کہ
رکھے۔ گرہ باندھنے کی جگہ۔	گوشہ آسمان سے اوٹھے اور
قوم کے درمیان عہد اور پیمان	دور سے گرج کی آواز سنی جاوے
بندھا ہوا۔ سخت ناک بیگ۔	اور نمایان نہووے۔ بناء بلند

لعقر
۱۲

اونچے اونچے محل - ہر چیز سفید -
عقر (ف ض) شکار کے پیچھے پڑنا - گھاس کو چرنا - ناگہان ڈر کر سکتہ مین آجانا اور پھر حرکت کی قدرت نہ رہنی یا تحیر و سرگشتہ ہوجانا اور پاؤن کا پیچھے لگنے
عقر (ض) **عقار** (ف ض) کھیتی
عقارہ (نصف) (ض) عورت کا بانجھ ہونا - زخمی اور مجروح کرنا - چوپایہ کا کھونچ کاٹنا - اونٹ کو قبر پہ ذبح کرنا - کھجور کے درخت کا سر کاٹنا - چوپایہ کی پیٹھ کو زخمی کرنا - پیٹھ لگا دینا - ہر درخت کو قطع کرنا کوئی ہو - چلنے سے روکنا -
عقر (ض ف) مہر جو شبیہ وطی مین یا وطی عقب مین واجب ہووے عورت کا مہر - قوم کے اوترنے کی جگہ - حوض کا دنیالہ یا چوپایہ کی اسمین پانی پینے کی جگہ -
اعقار (ض ف جمع) آگ کا بیج اور اسکے اجتماع کی جگہ - گھر کا بیچ اور اسکی اصل - خوبش - بگزیدہ اور اچھی گھاس - ہر چیز کے درمیان کا شگاف - ابیات قصیدہ مین سے اچھی بیت - مرد جسکے فرزند نہوا ہو - نے فرزند مرغی کا پہلا انڈا یا پچھلا انڈا - اس لفظ کو اس چیز مین کہ نادر ہوتی ہے - اور اس عطیہ مین کہ ایکبار اس جگہ سے اتفاق پڑے کہ وہان سے توقع نہووے اور اور ایسی ہی جگہہ مین استعمال کرتے ہین -
عقر (ض ف) پانچ پین -
عقر (ض ف) عورت کو ترک جماع سے آزمانا کہ آیا بکرہ ہے یا نہین
عقر (ض ف ک) آخر کار فائدہ مند نہونا - عورت کا بانجھ ہونا - کھجور کی چھال کو اوکھاڑنا اور اسکی چربی کو لینا -
عقر (ف ک) پرند جسکے پر کسی آفت پڑنے کے سبب زمین -
عقر (ض ف) زمین جو چوپایہ کی پیٹھ زخمی کردے - مرد اونٹ کو تھکا دینے کے سبب خستہ اور زخمی کرنے والا -
عقر الدار قوم کے اوترنے

		ماده
کی جگہہ چوپال —	سَرَحَ عُقَرَةً زین جو اونٹ کی پیٹھہ کو زخمی کردے —	
عَقرَبٌ (نفسف) بچھو۔ عقارب (نفسک) جمع۔ عقربۃ (نفسف) مونث ہی۔ چپلی کا تسمہ ایک تسمہ جس سے چوپائے کی دمچی کو زین سے باندہ دیتے ہین —	رَجُلٌ عُقَرَةٌ مرد جو اونٹون کو زخمی کردے اور تہکا دے	
	اِمرَاَةٌ عُقَرَةٌ عورت جسکی رحم مین بیماری ہو —	
آسمان مین ایک برج ہی — دانشمند لونڈی اچھی خدمت کرنے والی	عُقَرٌ اَطَلُ (نفسف) استخوانی —	
قلاب کی مانند ایک لوہا ہی جسے زین مین لٹکاتے ہین —	عُقَرِیٌّ (نفسف) عرب مین عورت کو کہتے ہین عقری حلقی یعنی نگوڑی سرمنڈی۔ یہہ ایک کوسنا ہی —	
عَقرَبُ الیَمَانِ سخت جاڑا اسلیئے کہ اونٹ کے بچون کو نقصان پہنچاتا ہی —	یا عقری حائض کو کہتے ہین —	
عَقرَابٌ (نفسفتم) عقرب کی مونث	عُقَرِیٌّ (نفسف) زمین پانی وغیرہ	۳۶۳
عَقرَبَانٌ (نفسفتنفس) ایک چھوٹا سا جانور ہی جو کان مین گھسجاتا ہی۔ بچھو یا نر بچھو —	عَقَصَ (نفس) (ن) پیچہ نتی وغیرہ کا آپسمین نزدیک نزدیک چلنا چیونٹیون کا قطار باندہکر چلنا	۱۲
عُقَرَةٌ (نفسف) عورت وغیرہ کا بانجہ پن —	عُقَصٌ (نفس) ایک ساگ ہی۔ انگور کی شاخون کے سرے پیلو کا پھل —	
عُقَرَةٌ (نفک) ڈرتی ہوئی اونٹنی اونٹنی کہ عقر مین سے پانی چوے	عُقشُ العُودِ عُقشًا (نفس) (ن) لکڑی کو ٹیڑہا کیا ونیز عقش اکہٹا کرنا —	
عَقِرَةٌ (نفسف) کاٹ کھانیوالا ذی روح ہو یا غیر ذی روح —	عُقصٌ (نفف) (نس) بجو وافرین میم مفاعلتن کو اُسکے لام ساکن	۱۲

ماده

کر دینے کے بعد خدف کر دینا۔
بدخو ہونا۔ بکری کے سینگ کا پیچیدہ ہونا
عقص (ضفص) اوجھہ بخیل مرد۔
عقص (فک) ریگ تودہ اوپر تلے جما ہوا سخت جسمین راہ ندارد ہو۔ بخیل مرد۔ بدخو۔
عقص (فس) (رض) بالون کو گوندھنا۔ بٹنا۔
عقصا (فسفسم) مونث اعقص (فسفف)
عقصتہ (کسف) بال بٹے ہوئے اور گندھے ہوئے عقص (ک ف) جمع۔
عُقصتہ القرن حیوان کے سینگ کی گرہ پیچیدگی۔
عُقط (فس) (ف) پگڑی کو سخت باندھنا۔ پگڑی کی سخت بندش۔
عقعق (فسف) ایک ابلق پرندہ ہی کوے کی قسم سے آواز اسکی مین قاف ہی فارسی مین اسے عکہ کہتے ہین جیسا کوا حرام ہی وہ بھی حرام ہی۔
عقف (فس) لونڈھی۔
عقف (فس) (ض) خم دینا۔

عقفا (فسفسم) ٹیڑھا لوٹا جسکی نوکین مڑی ہوئی ہون۔ ایک گھاس ہی جو سداب کے مشابہ ہی بکری کو مار ڈالتی ہی اور اونٹ کو کچھہ ضرر نہین پہنچاتی اسے عقیقاء (فسفسفسم) بھی کہتے ہین۔
عقفان (فسفس) سرخ چیونٹی کا دادا اور کالی چیونٹیون کے دادا کو فارز کہتے ہین۔
عقفتہ (فسفف) بلا اور سختی کا کسی کو خاک پر پچھاڑنا۔ اور ہلاک کرنا
عقفتہ (فسفف) نیک خوئی کے پیچھے خو کو بد کر دینا۔
عُقق (ضف) حاملہ اونٹنی۔
عقاق (کف) جمع۔
عقق (ضف) برق کہ ابر کے درمیان تڑکے۔ ماں باپ کا نافرمان اور آزار دینے والا۔
عقق (ف ف) ماں باپ کو ستانیوالا۔ پیٹ کا حمل۔ نافرمان پہٹنا۔ پھٹ جانا۔
عقل (فس) خود دانش و دریافت۔ یا اشیا کی صفات

جیسے بھلائی - برائی - اور کمال فی
نقصان کی دریافت یا مطلق موجود کا
علم اُسی قوت کے سبب سے کہ
جو قبیح اور حسن مین تمیز کرنے
والی ہی یا اُن معانی اور علوم کے
سبب سے کہ جو ذہن مین مجتمع
ہین اور اُن سے اغراض و مصالح
انجام پذیر ہین یا حرکات و کلام
کی ہیات تک کے سبب کہ
انسان کو حاصل ہی یا عقل ایک
جوہر لطیف اور نور روحانی ہی کہ
جس سے نفس علوم بدیہی اور
نظریہ کو ادراک کرتا ہی اور اُس نور
کے وجود کا شروع لڑکے کے
ختنہ کے وقت سے ہوتا ہی اور
پھر برابر بڑہتا جاتا ہی یہانتک کہ
بچہ کا بلوغ کمال کو پہنچ جاوے -
عقول (نفس) جمع - دیت و خونبہا
پناہ - قلعہ - دل - جاے پناہ
سرخ کپڑا کہ ہودہ پر ڈالتے ہین
یا ایک قسم کا کپڑے کا نقش -
عقل (نس) رین ن) دوا کا
کسی کے پیٹ مین قبض کر دینا -

دریافت کرنا - جاننا - نجاننے کی
ضد - سمجھنا - اونٹ کی پنڈلی اور
مونڈے کو آپس مین باندہ دینا - مقتول
کی دیت و خونبہا دینا - کسی کی
طرف سے دیت دینی - قصاص
کو دیت کے سبب چھوڑ دینا -
ایک قسم کا تصرف تصرفات شعر
سے اور وہ یا و مفاعیلن کا دور
کر دینا ہی - دیت کو آپس مین قسمت کرنا
عقل (نس) **عقول** (نضس)
(نس) ہرن کا پہاڑ پر چڑہنا -
اور اُسپر پناہ لینی - سایہ کا نصف
انتہا کے وقت قائم ہونا -
کسی کیطرف پناہ ڈھونڈھنی -
اونٹ کا عاقول گھاس کو کھانا -
شعر سے بیچ سے کسی کو زمین پر
پچھاڑ دینا - عورت کا اپنے
بالون مین کنگھی کرنا -
عقل (نف) (رس) اونٹ کے
پانون کی موڑائی اور اُسکے
گھٹنون کا آپس مین لگنا -
عقلاء (نسفسم) اونٹنی جسکی
ٹانگین مڑی ہوئی ہون -

عقلۃ (صنسف) اشکال رمل مین سے ایک شکل اسکی صورت ⁝ یہہ ہی ـ کشتی کے بیچون مین سے ایک بیچ ہی ـ

عقم (رفس) سرخ کنبل یا سرخ کپڑا ایک قسم کا رنگ ـ نقش ـ دو چیز کے درمیان کا حاجب و حاجز و حائل ـ

عقم (رفس) عقم (رفف) عقم (رضنس) (رس ض ن ک) عورت کا بانج ہونا اور اسکے رحم کا منی کو قبول نکرنا ـ

عقم (رفف) (رس) خاموش ہوجانا

عقم (رضنس) بانج پن ـ رحم مین ایک شکستگی ہی جس کے سبب حاملہ نہو سکے ـ

عقمۃ (کسف) بمعنی عقم (رفس) رنگ ـ نقش ـ

عقمۃ (رفف) ایک نالہ ہی ـ

عقمۃ القمر چاند کا پھر آنا ـ

عقمت مفاصلہ اسکے بدن کے جوڑ خشک ہوگئے ـ

عقمی (رضسکت) شرف آبائی کے سبب بزرگ قدر مرد ـ جوانمرد ـ مخفی و ملتبس و پوشیدہ ـ اور غریب کلام

عقنصرۃ (رفسسف) زمین پر گراکر مار ڈالنا ـ

عقنقس (رفسسف) اکھڑ مرد بدخو بری اور دشوار خو ـ

عقنقصۃ (رفسسف) ایک چھوٹا سا جانور ہی ـ

عقنقل (رفسسف) بڑا بزرگ نالہ وسیع ـ اوپر تلے جما ہوا ریگ تودہ گوہ کی انتڑی ـ بڑا پیالہ بزرگ ـ تلوار

عقاقل (رفسسک) جمع ـ

عقو (رفس) (ن) کوئین کو کھودنا پھر اسکی جانب سے پانی پہنچنا یا چپ و راست سے کوئین کو پانی کے لیے کھودنا ـ جھنڈے کا اونچا ہونا ـ ایک امر کو ناپسند اور مکروہ کہنا ـ باز رکھنا ـ

عقوب (رفس) جو کہ امور نیک مین اپنے اگلون کا نائب ہو ـ

عقوۃ (رفسس) گھر کی چار دیواری منزل اور اترنے کی جگہہ ـ ایک رخت ہی ـ عقاء (رکفسم) جمع ـ

علامات اعراب ضفکستوتے ض ف ف ح ک گ ر س ش ں ں ں

مادہ	
ع ق م	**عقیصیر** (ضفسکس) ایک صحرائی چوپایہ ہی۔
ع ق ف	**عقیفان** (ضفسفس) لینے پانیوں کے جھونٹے کہ مقابر اور ویرانون مین ہوتے ہین۔
ع ق ق	**عقیق** (فکس) ایک دانہ ہی سرخ رنگ کا کہ یمن مین پایا جاتا ہی اُسی مین کی ایک قسم کہ سواحل دریاء روم مین پیدا ہوتی ہی۔ رنگ اُسکا دھندلا جیسے اُس پانی کا رنگ ہوتا ہی کہ جو نمک چھڑکے ہوئے گوشت سے بہتا ہی اور اُسمین سفید لکیرین باریک باریک ہوتی ہین۔ عقیقہ (فکسف) ایک عقائق (فضسک) جمع۔
ع ق ل	**دینر عقیق** — جو کچھ کہ روزمین مین سے کھود ڈالے اور ڈراڑ ڈالدے۔ بال جو لڑکے کے ساتھ پیدا ہوتے ہین۔ اونٹ کے بوتہ کی پشم۔ چوپایہ کے بچون کے بال جو مان کے پیٹ سے ساتھ لیئے نکلتے ہین۔
ع ق م	**عقیقہ** (فکسف) آدمی اور بہائم کے بچہ کے بال جو مان کے پیٹ سے ساتھ لیئے نکلتے ہین اور بھیڑ اور بکری وغیرہ کے بچہ کے بال کہ آدمی کے بچہ کے لیئے ساتوین دن قربانی کرتے ہین۔ برق جو ابر کے درمیان چمکے اور اُس سے تلوارون کو تشبیہ دیتے ہین۔ توشہ دان۔ ندی کا پانی۔ پہنی کہ کپڑے مین سے چیرین اور جدا کرین۔ بچے کے پھنسنو کا سر اتیر کہ آسمان کیطرف پھینکین۔
۱۲۱۲ ۱۲	**عقیلہ** (فکسف) بزرگ عورت نیکبخت۔ پردہ نشین بزرگ قبیلہ کی۔ قوم کا سردار۔ عزیز و گرامی اونٹ۔ ہر چیز عزیز و گرامی۔
۶۸ س	**عقیلی** (ضنتفسف) کہجو کا مئول
ع ق م	**عقیم** (فکس) مرد جسکے فرزند نہووے۔ عقماء (ضنفعم) عقام (کفس) عقمی (فسنف) جمع۔ بانجھ عورت۔ عقائم (فضسک) عقم (ضنس) جمع۔ رحم کہ حمل کو قبول نکرے۔ ہوا کہ نہ ابر لاوے اور نہ درخت کو پھل دار کرے۔

جنگ سخت - آدمی کی عقل جو اُسکو
نفع نہ بخشے - روز قیامت اسلیئے
کہ اُسکے بعد دن نہین ہی - یہہ جہان
یعنے دنیا کہ آدمی کو نفع نہ پہنچاوے
عصیون (کسفس) عرش کے
نیچے ایک ہوا کا دریا ہی جسمین
ہوا کے فرشتے ہین اور اُنکے
پاس ہوا کے نیزے ہین -
یوم عک (فت) روز گرم -
رجل عک موٹا آدمی سخت -
عکہ بالحجۃ (ن) حجت مین اُسپر غالب آیا -
وعک بالسوط کوڑے سے مارا -
وعک علیہ اُسپر میلان کیا اور
اور حملہ کیا - اس معنی مین علے صلہ آتا ہے
وعک (فت) (ن) کلام کو
دوبارہ کہنے کا ارادہ کرنا -
کسی کے حق ادا کرنے مین دیر
لگانی - کسی کے ساتھ بار بار
بدی کرنی - کسی کو حاجت سے
روک رکھنا - کلام کو بیان کرنا -
تپ کا دائمی اور گرم ہونا -
عک (فت) (ض) گرم ہونا -
عکاب (ضفس) دھوان -

گرد و غبار -
عکابر (ضفسک) جنگلی چوہے -
عکابس (ضفسک) بہت
سارے اونٹ - یا ہزار یا اسسے اوپر
عکار (فتفس) بہت حملہ کرنیوالا
مرد - بہت پھر آنے والا - لڑائی
مین بہت پھر آنے والا اور حملہ
کرنے والا -
عکازۃ (فتفسف) سنان دار
لکڑی - عکاکیز (ضفسکس) جمع -
نیزے وغیرہ کی جڑ کا لوہا -
عکاریل (ضفسکس) شیر کا بچہ -
عکاس (کفس) رسی جس
سے اونٹ کے ہاتھ کو مہار
کے ساتھ باندہین تاکہ رام
اور منقاد ہو جاوے - ایک
دوسرے کی پیشانی کے بال
کو پکڑنا -
عکاش (ضتفس) مکڑی یا
مکڑے کا گھر - جالا جھنڈا
جو درخت پر لپٹ جاوے اور
منتشر ہو جاوے -
عکاک (کفس) سڑے ہوا کے

ماده

اگرمی کی تیزی اور سختی —

عکال (رکفس) رسی جس سے اونٹ کے ہاتھ کو بازو سے باندھ دین —

عکاکد (رضفسک) پھٹا ہوا یا جما ہوا دودھ — اور کہا گیا ہے کہ لام زاید ہے

عکام (رکفس) جس سے چھوہارے کو باندھین — عکم (رضفس) جمع —

عکامس (رضفسک) بہت سے اونٹ یا اونٹون کا گلہ ایک ہزار کے قریب —

عکان (رکفس) گردن —

عکت (رکفت) ٹھنگنے قد کا دلدار موٹا آدمی اور جن سرکش — وہ کہ جسکی ماں نے خاوند کر لیا ہو

عکب (رفس) گرد چشت سبک روح شادمان —

عکب (رفس) ان سخت چلنا

عکب (رفف) ہونٹھ کی دلداری اور پرکاری — ٹھوڑی کی دلداری اور پرکاری — دانت کی پرکاری

عکب (رفف) (رس) پانون کی انگلیون کا آپسمین نزدیک اور چسپیدہ ہونا — دھوئین کا بہت ہونا —

عکبا و (رفسفم) مضبوط بدن کی عورت گٹھیلی کہ جسکے ہونٹھ موٹے موٹے اور دانت بڑے بڑے پھاوڑے سے ہون

عکباش (رکسفس) ہرن جسکے سگوٹیان نکلی ہون —

عکبر (رکسک) ایک چیز ہی کہ جسے شہد کی مکھی اپنے ران اور بازو پر لاکر شہد مین بجاے شہد کے ڈالتی ہی —

عکبرۃ (رضسفف) سخت بدن کی عورت —

عکبم (رضسفس) ذکر کی سپیاری ختنہ کی گلگھونٹ —

عکبش (رضفک) بہت اونٹ یا اونٹ جو ہزار کے قریب پہنچ گئے ہون —

عکبشۃ (رفسفف) مضبوط اور محکم بندش —

عکبل (رفقف) ٹھنگنا مرد موٹا

عکۃ (رفف) گرم زمین بہت گرم

رات جسمین ہوا نہ چلے —
عکۃ (ضف) مسکہ کا برتن گھی
کی چھوٹی مشک - عکک (ضض)
عکاک (کفس) جمع - تپ کی سردی
جھرجھری - گرم ریگ تودہ - آفتاب
کی تپش سے ایک رنگ ہی جو
گابھن اونٹنی پر طاری ہوجاتا ہی
جیسے عورتون کے جھائیں پڑجاتی
ہی - سے ہوا کے گرمی کی تیزی
اور سختی -
عکث (فس) جمع ہونا - دو
چیز کا موافق ہونا اس لفظ کا
اشتقاق ہرگز نہین ہوتا
عکد (فس) (ض) قادر کردینا -
کسی کیطرف پناہ لینی جبکہ الی صلہ ہو
عکد الضب والبعیر (س) اونٹ اور
سوسمار موٹا ہوا - عکد بہ چسپان ہوا
اسکے ساتھ —
عکد (فک) موٹا اونٹ - موٹا
سوسمار - خشک درخت اوپر
تلے رکھا ہوا —
عکد الشیئ چیز کا سیانہ —
عکدۃ (ضسف) دمگزہ کی ہڈی

قوت - سوسمار کا بل -
عکدۃ (ففف) زبان کی جڑ -
دل کی جڑ -
عکدۃ (فکف) موٹا اونٹ -
موٹا سوسمار -
عکر (فک) گدلا پانی - شراب
تیل تلچھٹ دار -
عکر (فف) اونٹون کا گلہ پالنا سو
سے زیادہ یا ساٹھ اونٹ کا
گلہ یا پچاس سے سو تک کا -
تلوار کا زنگ - ہر چیز کی تلچھٹ
تیل اور شراب کی تلچھٹ - پانی کا
گدلا پن جو حوض کی تھاہ مین ہو
عکر (فف) (رس) پانی وغیرہ کا
تلچھٹ دار ہونا -
عکرۃ (فسف) حملہ -
عکر (کس) ہر چیز کی طینت و اصل
عکر (کس) عکور (ضسس) (ض)
ایک چیز پر حملہ کرنا - اور اسپر پھیرنا
ایک چیز کی طرف میل کرنا -
لڑائی کیطرف پھرنا - گدہے کا
اپنے مالک کو گھر کیطرف پھیر لانا -
عکرۃ (فسف) حملہ —

مادہ		
ع ک ر	عُکْرَۃٌ (ن) اونٹوں کے گلہ مین سے کچھ حصہ - یا اونٹ کا گلہ پچاس سے سو تک کا - زبان کی جڑ - عکر (ف) جمع -	عکرمۃ (ک س) معرفۃ وبالالف واللام - کبوتری یا قمری -
	عَکِرٌ (ف) اونٹ کا بچہ جسکے دانت نکلنے کو ہون یا ۱۲ برس کا ہو	عکز (ف س) پکڑ - پنجہ سے پکڑنا - سکڑ جانا -
	عَکَرٌ (ف) موٹا لڑکا تنومند جسیم یا مراہق لڑکا جو بلوغ کے نزدیک پہنچا ہو -	عکز علی عکازتہ (ن) عکازہ پر تکیہ لگایا - نیزہ کو زمین مین مارنا اور اُسمین گاڑنا -
	عَکَرٌ (ض) عکرد (ض) بمعنے عکر (ف)	ایک چیز کی سبب راہ پانا اور پہچاننا
	عَکِرَ (ف) عکرد (ض) بمعنے عکر (ف)	عکز (ک س) بدخو مرد بخیل بدفال
	عَکِرَ (ف) عکرد (ض) بمعنے عکر (ف)	عکس (ف س ض) اوٹنا کرنا لفظ اور بات وغیرہ کو پھیر دینا - ایک چیز کے آخر کو اُسکے اول مین لانا - ایک چیز کے اجزا کو ایک دوسرے کی جگہ مین کر دینا -
	عَکِرَتْ (ف) عکرد (ض) بمعنے عکر (ف)	عکس (ف س) چوپایہ کا رو کنا - باز رکھنا - گھوڑے کی باگ کو اپنی طرف کھینچنا تاکہ پھرے - اونٹ کی مہار کو اُسکے ہاتھ پر باندھنا تاکہ رام اور منقاد ہو جاوے - کھانے پر دودھ ڈالنا -
	عَکِرَتْ (ف) عکرد (ض) بمعنے عکر (ف)	عکش (ف ک) گھونگریالے بال - مرد کہ اُس سے کبھی نیکی نہ صادر ہو - ایک جنس کا جمع کرنیوالا
	عَکِرَتْ (ف) عکرد (ض) بمعنے عکر (ف)

عکش[1] (ض) حملہ کرنا جمع کرنا مکڑی کا گھر کو بنانا - ایک چیز کو جمع کرنا - کتوں لنگور کا بیل کو گھیر لینا بہت روز سے باندھنا -

عکش الشعر (س) بال الجھ گئے اور لپٹ گئے اور یتیان بگڑ گئیں گھاس کا بہت اور انبوہ دار ہونا اور آپسمیں لپٹنا -

عکشۃ (ف ک ش) بہت شاخدار درخت آپسمیں لپٹا ہوا -

عکص[2] (س) بدخوئی - اعضا کا گھٹا ہوا ہونا -

عکص (س ض) ایک چیز کو روک دینا -

عکص (ف ک ص) بدخو -

عکصۃ (ف ک ص) دشوار گذار ریگ تودہ -

عکض[3] (ف ع ض) (س) چوپایہ کا سرکشی کرنا اور چلنے سے ٹھہر جانا -

عکظ (س ض) کسی کو بند کرنا - جدا کرنا - ہنکا کرنا - مغلوب کرنا - کسی پر اسکی بزرگی کو رد کرنا -

عکف (ف ک ف) کھونگریالے بال

عکف (ف ع ف) (ض) بند کرنا - کسی چیز کا ہمیشہ پیش آنا - متوجہ ہونا - ایک چیز پر مقیم رہنا مسجد میں گوشہ گیری کرنی اپنے تئیں نگاہ رکھنا اور اصلاح کرنی دیر لگانی - ایک چیز کے گرد پھرنا - پرندجانور وغیرہ کا ہوے کے گرد اوڑنا - موتی وغیرہ کو ڈورے میں پرونا - روکنا

عکک[2] (ف ع ک) نے ہوا کے گرمی کی تیزی اور سختی عکاک (ک ف س) جمع -

عکل[2] (س) بمعنے چراغدان کا چیکٹ بھرا ہونا -

عکل (ک س) کینہ - عاکال (ف ع ک ل) جمع -

عکل فی الامر (ن ض) اٹکل سے بات کہی -

وعکل علیہ الامر (ن ض) مشتبہ اور دشوار ہوا کام اسپر ونیز **عکل** (ف ع ک ل) جمع کرنا - ہانکنا - پھیر دینا - یا اونٹ کو رفوز سے ہانکنا -

ماده ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲

اونٹ کے زانو کو باندھنا اونٹ کے دونون ہاتھ نکو بازو سے باندہ دینا - بند کرنا - روک رکھنا پھیر دینا - زمین پر دے مارنا - اسباب کو اوپر نیچے چننا - مرجانا - کام مین کوشش کرنی -

عکلد (ضفک) گاڑہا دودہ جماہوا -

	عوج (کف) کجی۔ یا عیشت اور رائے اور دین اور زمین وغیرہ کی کجی۔	
	عوج (فس) (ن) اقامت کرنی کسی کو مقیم کر دینا۔ لازم و متعدی دونون آتا ہی۔ کھڑا رہنا۔ ٹھہرنا۔	عود (فس) عیدان (کسفس) اعواد (فسفس) جمع۔ رود جامہ کہ ایک با جا ہی۔ رباب کہ ایک ساز ہی۔ ایک لکڑی ہی کہ جسکا ہونٹ شبہ دار ہی۔ قسط دریائی زبان کی جڑ کی ہڈی۔
	عود اثیر و عود بلسم ایک لکڑی ہی کہ رکھی جاتی ہی پیٹ پر اس	

شخص کے جسکا پیشاب بند ہوجاوے

عود ان (ضمنصف) بنی صلی اللہ علیہ وسلم کا منبر اور عصا شریف۔

عودۃ (ضمنصف) عود (ضمس) ایک حال سے دوسرے حال کی طرف ہوجانا۔ پھر جانا۔ پلٹ جانا۔ رد کرنا۔ پھیر دینا۔

عودق (ضمنصف) بمعنی عدق (ضمنصف) عدق (ضمض) جمع۔ ایک سرکج لوہا جسکے سر پر گوشت کا ٹکڑا لگا دیتے ہین بھیڑیئے کے شکار کے لیئے۔

عودقۃ (ضمنصف) حوض کے کناروں مین ٹٹولنا یعنی ہاتھ ڈالکر ادہر ادہر دیکھنا۔ گمان سے ایک کام کرنا کہ جسکا یقین نہو۔ کانٹے سے کوئین کی چیز کو نکالنا

عوذ (ضمس) پناہ لینی۔ پناہ لیجانی اور کہتے ہین۔ عوذ باللہ منک یعنی پناہ مانگتا ہون مین ساتھ اللہ کے تجھ سے۔

عوذ (ضف) جالے پناہ۔ درخت سے جھڑے ہوئے پتے۔

کھینچ۔ کراہت۔

اعلت منہ عوذا یعنی ڈرایا اور نہ مارا (عوذ) ناپسند رکھنا۔

عوذ (ضفتف) کانٹون کی جڑ مین گھاس اوگی ہوئی مادہ سخت اور دشوار زمین مین کہ اونٹ اُس تک نہ پہنچ سکے۔ گوشت جو ہڈی پر چمٹا ہوا ہو۔ ایک پرندہ جو ہمیشہ پہاڑ وغیرہ مین پناہ لیئے رہتا ہی۔

عوذۃ (ضمنصف) منتر۔ تعویذ۔

عور (فتح) بدباطن۔ بدذات۔ بدطینت

عور (ضمس) (ن) کسی کو ایک آنکھ کا کردینا۔

عور (ضمض) (ض) کسی کو پکڑنا اور لیجانا یا ہلاک کردینا۔

عور (ضف) (س) کسی کی آنکھ آنکھ کی بینائی جاتی رہنی۔ کانڑا ہوجانا

عوراء (ضمنصف) بُری بات۔ بُرا کام۔ کانڑی عورت یا وہ عورت جو ایک کو دیکھے یعنی بھینگی بے پانی کا جنگل۔

عوران (ضمنصف) لوٹا پھوٹا کوان۔ مذکر و مونث واحد و جمع برابر ہی

عورۃ (ضمہ) جمع عورت۔ صاحب خلیل
عورۃ (رفع) آدمی کی شرمگاہ
اور وہ ناف سے لیکر گھٹنے تک ہے
ہر چیز کہ اُسکے دکھانے اور دیکھنے
سے شرم آوے۔ عورات (رفع) جمع
سرحد ملک اور صف اور لشکر اور قلعہ
میں رخنہ کہ جس سے خوف اور اندیشہ
وہ وقت کہ جسمیں کشف عورت
سزاوار ہو اور وہ تین ہیں قبل صلوٰۃ الفجر
اور نصف النہار اور بعد عشاء اخیرہ
کے۔ پہاڑ کا تنگ گاؤں اور اُسکا
شعبہ۔ کانڑا ہیں۔
عورۃ الشمس آفتاب کے
نکلنے اور ڈوبنے کی جگہ۔
عوز (رفع) انگور کا دانہ عوزۃ ایک
عوز (رفع) حاجت۔ درویشی۔
عوز (رفع) (س) چیز کا نایاب
ہونا۔ نیازمند ہو جانا۔ درویش
ہونا۔ کام کا درشت اور دشوار ہو جانا۔
عوزب (رفع) بہت بڈھا۔
عوزر (رفع) پہاڑی نصی گھاس
عوزم (رفع) بڑی عمر کی اونٹنی
کہ جسمیں کچھ بقیہ قوت کا رہا ہو۔

بڈھی عورت بڑی عمر کی ٹھنگنے
قد کی عورت۔
عوس (رفع) اہل وعیال کے
لیئے کوشش اختیار کرنی اور
اُنکے لیئے رنج کھینچنا۔ اہل وعیال کو
قوت دینی۔ ایک چیز کے گرد اُنکو
پھرنا۔ بھیڑیئے کا کھانے کی
چیز کے گرد پھرنا۔ نگاہبانی۔
مالکی اچھی سیاست کرنی یعنی اونٹوں
کی خوب نگاہبانی کرنی۔
عوس (رفس) ایک قسم کی بکری۔
عوس (رفع) ہنسنی وغیرہ کے
وقت کنج دہن کا اندر گھس جانا۔
عوسا (رفسم) عورت جسکا
کنج دہن ہنسنے کیوقت اندر کو گھس جائے
عوسان (رفعس) ایک چیز
کے گرد رات کو پھرنا۔
عوسجۃ (رفسفف) عوسج (رفسف) جمع
عوسرانۃ (رفسفسف) بمعنے
عیسرانۃ (رفسفسف)
عوسرانی (رفسفسکت) عیسرانی
(رفسفسکت) بمعنی عیسرانۃ (رفسفسف)
عوسرانیۃ (رفسفسکتف) اونٹنی

جسے دوڑنیکے وقت دُم اوٹھانے
کی عادت ہو۔ اونٹنی جسپر رام ہونے
سے پہلے سوار ہو دین۔
عوسن (رفسف) اونچے قد کا
کچھ تھوڑا سا گھبرایا ہوا۔
عوض (رف) نشان۔
عوض (رف) (رس) کلام و سخن کا
دشوار ہو جانا شئی کا سخت ہونا۔
عوصاء (رفسفسم) کلمہ غریب۔
دشوار۔ سختی۔ ہر چیز سخت و دشوار۔
عوص (رفس) جمع۔
عوض (رفس) ابدا استغراق
زمانہ مستقبل کے لیے ظرف ہی دہر
عوض (رکف) جو چیز کہ دوسرے
کی جگہہ مین آوے۔ بدل۔
اعواض (رفسفس) جمع۔
عوض (رکف عوض (رفس)
عیاض (رکس) عوض دینا۔
عوطب (رفسف) سختی دریا کا
منجدہار۔ دو موج کے درمیان
ٹھہرا ہوا پانی۔ ایک درخت ہے۔
عوعاء (رفسفسم) عوغاء شور و خروش
عوعاة (رفسفس) بکری کو کاعا

وغیرہ سے ڈانٹنا۔
عوف (رفس) حال۔ شان۔ کام
مہمان۔ بخت۔ رزق۔ بہرہ نصیبہ۔
شیر۔ مرغا۔ بھیڑیا۔ اونٹ کی اچھی خدمت
کرنے والا۔ اہل و عیال کے لیئے
کوشش کرنیوالا اور کمائی کرنیوالا۔
ایک خوشبودار گھاس ہے۔ ایک پرندہ ہے
ایک بت۔ ایک پہاڑ۔ ذکر ہے
عوف (رفس) (ان) پرندہ کا ایک
چیر یا پانی وغیرہ کے گرد پھرنا یا اسکا
اُسپر اوتر آنے کے ارادے سے
پتر و دانہ پھرنا۔ ایک چیز کو لازم پکڑنا
عوق (رفس) نفع خیر و برکت
اعواق (رفسفس جمع) جو کہ آدمیون کو
خیر سے روکے۔ زمانہ۔ خم و ادی
عورت کا اپنے خاوند کے دل مین
نہ کھبنا۔ بند کرنا۔ باز رکھنا پھیرنا
تاخیر و توقف پر رکھنا۔
عوق (رفس) عوج کا باپ اور جسنے
کہا عوج بن عنق اُس نے خطا
کی۔ خیر کا مانع۔ روکنے والا۔
عوق (رفف) بھوکھ۔
عوق (رکف) روکنے والا عوق

احمق مرد شریگین۔

عوق (ضف) مرد جو حاجت اور نیکی سے روکنے والا ہو۔ درنگی کرنے والا۔ درنگ پر رکھنے والا مانع و باز دارندہ۔ بزدل۔ وہ شخص کہ جسکو اُس کے کام اُسکی حاجت سے روکین۔ وہ شخص کہ جس کام کا ارادہ کرے اُسے کر ڈالے۔

عُوق (ضنتف) لوگون کو حاجت سے روکنے والا۔ یا بزدل۔

عوقہ (فسنف) جو کہ امر خیر سے آدمیون کو روکے۔

عوقہ (ضعف) حاجت سے باز رکھنے والا مرد۔ درنگی کرنیوالا۔

عوک (فس) چیز۔ حرکت۔

عوک (فس) (ن) کسی پر مائل ہونا۔ پھر جانا۔ پیش آنا۔ حملہ کرنا۔ عورت کا گھر مین پھر جانا اور جو چیز مین تھا اُسکو کھانا۔ اپنی خوراک کھانی۔ کسی کیطرف پناہ لیجانی۔ اپنے مال پر امید وار کرنا۔

عوکشہ (فسنف) کسانون کا ایک اوزار جس سے ناج کو ہوا مین اوڑا دین اور صاف کرین۔

عوکل (فسنف) ریگ تودہ کی پشت ریگ تودہ بڑا بزرگ جو عقنقل (فسنف) سے کم ہو۔ یا ریت اوپر تلے جما ہوا ایک قسم کا سالن۔ گنگنسا خرگوش۔ مرد جو ٹھنگنا ہو اور پانون کی پنجون کو پاس پاس رکھے اور ایڑی کو دور دور۔ احمق عورت رسوائیان۔

عوکلان (فسنفس) دوستداری۔

عُول (فس) گریہ و فریاد مین بلند آوازی۔ جو چیز کہ تجھ پر غالب ہو۔ وہ چیز کہ جس سے مدد مانگی جاوے۔ اہل و عیال کی قوت و خورش۔ کھانا پینا۔

عول (فس) (ن) راستی سے میلان کرنا۔ کجی کرنی۔ چیز کا کسی پر غالب اور بھاری ہو جانا اور اُسکو سخت آرام کر دینا۔ ترازو کا کم ہو جانا یعنی اوڑنے لگنا۔ زیادہ ہونا۔ کام کا سخت ہو جانا اور اُسکا بزرگ ہو جانا زیادہ ہونا۔ فرضی حصون کا نکال لانا اور اُنکا زیادہ ہونا۔ گریہ مین آواز اونچی اٹھانی۔ مدد چاہنی۔

عول (رفس) عیالہ (کفسف) (ن) بہت عیال دار ہوجانا۔ اپنے عیال کے لیئے کافی ہونا لقمہ اور خورش دینا۔ عیال داری کی کسی کو اسکی مان کا کم کردینا۔ مغلوب الصبر ہوجانا۔ غالب آنا۔ حکم مین جور و ستم کرنا جسکی فریاد ہو

عول (کف) مدد چاہنی۔ استمداد

عولۃ (رفس) گریہ وزاری مین بلند آوازی

عولق (رفسف) بھوت جریر کتیا۔ بھیڑیا۔ بھوکھ۔ دم

عولک (رفسف) بولتے وقت زبان کی لڑکھڑاہٹ۔ بچہ دان کی رگ۔ عوالک (رفسک) کی جمع

عوم (رفس) (ن) پانی مین تیرنا۔ اونٹ اور کشتی کا چلنا۔ کشتی کو ہانکنا۔

عوم (رضتف) عرب مین بولتے ہین سنون عوم بطور تاکید کے

عومۃ (رفسف) ایک سیاہ کیڑا جو پانی پر تیرتا ہی۔ ایک قسم کی مچھلی۔ عوم (رضف) جمع۔

عومرۃ (رفسفف) خلط ملط کرنا۔ شوربہ غوغا۔ جمع کرنا۔ ایک جگہ بند کرنا

عون (رفس) پشتیبان۔ مددگار واحد و جمع و مذکر و مونث برابر ہی۔ اعوان (رفسفس) جمع۔ عورت کا میکہ سال ہوجانا یعنے ادھیڑ

عوص (رفسف) بکری جو دودھ ندیوے ہرچند کوشش کیجاوے

عوہتہ (رفسف) کسی کو گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔

عوہج (رفسف) شتر مرغ ہرن اونٹنی گبنی گردن والی۔ جوان اونٹنی۔ لمبے پانون کا شتر مرغ ہرنی مادین جسکے دونون کھونون پر خط سیاہ ہو سانپ۔ ایک نر اونٹ ہی مہرہ کا۔

عوہ عوہ ایک کلمہ ہی جس سے گدہے کے بچہ کو پکارین۔

عوہق (رفسف) اونچے قد کا مذکر و مونث برابر ہے۔ ایک سانڈ اونٹ ہی جسکی طرف اصیل و نجیب برگزیدہ

اونٹون کو منسوب کرتے ہین سیاہ
بیل پہاڑی مگیند۔ سیاہ کوا۔
لاجورد۔ لاجورد کے مشابہ ایک
رنگ ہی۔ اور آسمان کے مشابہ ایک
رنگ ہو سیاہی مائل۔ سیاہ اونٹنی
خوشنما عجیب۔ بنا شتر مرغ خاکستری
رنگ کا۔ درخت نبع بہتر ایک مرغزار ہی
عوہقان (نسفقس) فرقدین
سمکے روشن کے دو ستارہ ہین قطب
کے متصل۔
عوہقہ (نسفف) کسی کو گرا ہی
مین ڈالدینا۔
عوہکہ (نسفف) جنگ کا دار کرنی
زمین پر دے مارنا۔ فریاد کرنی
شور و غل مچانا۔
عویر (نفس) نکوہیدہ۔ ناپسندیدہ
خصلت۔ کوا۔
عویشر (نسفسفقسم) پہاڑ کا سر
عویص (نفس) بیت اور کلام
جسکے معنی دشوار ہون۔ کلمہ غریب
بڑی سخت بلا۔ دشوار کام سخت
خاک سخت جگہ اونچی کنکری بھری
نفس۔ قوت حرکت۔ لونبڑی کے
آمد و رفت کے رستے۔
عویکہ (نکسف) جنگ کشمکش
عویل (نفس) گریہ وزاری و فریاد
مین بلند آواز ہی۔
عویل (نفس) عویلہ (نفسف) (ن)
گریہ مین آواز بلند کرنی۔
عوین (نفس) اسم جمع سود و گاؤ
عہر (رفت) نے شرم خود پسند۔
جھگڑنے والا۔
عہاب (نفس) موسم بہار کا پہلا مینھہ
عہار (نفس) عورت کے
ساتھ مسخر اپن کرنا فسق و فجور کرنا۔
زنا کرنا۔ بدی کا مرتکب ہونا۔ چوراہا
عہان (نفس) خوشہ خرما کی جڑ
عہب (نف) کسی کو نہ جاننا۔
عہبی (نف) الشباب شروع جوانی۔
عہبی الملک زمانہ پادشاہ۔
عہخ (نسفض) ایک درخت ہی کہ
اُس سے اور اُسکے پتے سے
دارو بناتے ہین۔
عہد (نس) نصیحت پیمان سوگند
کسی پر ایک چیز مین تقدم عہد نامہ
جو دو حاکمون کے درمیان دو ملکون کے

درمیان لکھا جاوے حق کی نگاہداشت حرمت۔ امان۔ زنہار ملاقات۔ شناخت۔ وہ منزل کہ وہاں ٹھہریں جاکر کسی طرف جائیں اور کہیں جائیں۔ موسم بہار کا پہلا مینھہ۔ ایک مینھہ کے پیچھے دوسرا مینھہ جسکی تری اول کی تری تک پہنچ گئی ہو۔ عہاد (کفس) عہود (ضفنس) جمع۔ زمانہ۔ وفا۔ ضمانت ذمہ داری۔ عہد اللہ خدا تعالیٰ کی وصیت اور امر۔

عَہِدَ (فس) (ن) زمین کو موسم بہار کا پہلا مینھہ پہنچ جانا۔ اس معنی عین مجہولا مستعمل ہے۔ صلح کرنی۔ پہچاننا۔ توحید خدا تعالیٰ کسی کے آگے ایک چیز آنی۔ دوستی کو نگاہ رکھنا۔ نصیحت کرنی

عَہِدَ (ف) جو کہ امور ولایت کی تیمارداری کرے

عَہِدَ الَیہِ (س) عہد کیا اسکے ساتھہ۔ نصیحت کی۔

عَہدان (کسفس) ضمانت ذمہ داری۔

عَہدۃ (کسف) موسم بہار کا پہلا مینھہ

عَہدۃ (ضسف) سوگند نامہ۔ پیمان۔ بیعنامہ۔ نادان۔ سستی خط

سستی عقل۔ لوٹنا۔ ذمہ داری

عَہر (کس) زنا۔

عَہر (فسل کس دف) عَہارۃ (فضسف) عَہورہ (ضفضس)

عَہورۃ (ضفضسف) عورت کے پاس فسق و فجور کے لیئے آنا اور زنا کرنا۔ بدی کا مرتکب ہونا۔ چورانا۔

عَہ عَہ (فس) ایک کلمہ جس سے اونٹ کو دانٹیں تاکہ ٹھہر جاوے

عَہعَہۃ (فسضف) عَہ عَہ کہہ کر اونٹ کو دانٹنا۔

عَہن (کس) بکری کی پشم پشم یا رنگین پشم عہون (ضفضس) جمع۔ اونٹوں کا اچھا بندوبست کرنے والا۔

عَہن (فس) (ن) جگہہ پکڑنی۔ اقامت کرنی۔ باہر آنا۔ سفر کرنا۔ لغات اضداد سے ہے۔ کام میں کوشش کرنی۔ عہد و پیمان کرنا

کسی کا مطلب جلد پیسو نکالنا۔
عِہنۃ (کسف) ایک درخت ہی جسکا پھول سرخ ہوتا ہی۔ تھوڑی اسی پشم۔ اُون۔
عَہنۃ (کفسف) درخت کی شاخ کا سوکھکر دوہرا ہو جانا یا اُسکا ٹوٹ جانا بغیر اِس بات کے کہ جدا ہو جاوے۔
عَہو (کس) گدہے کا بچہ۔ مضبوط اور توانا اونٹ شانے کا خوشنما نازک پشت۔
عَہید (کفس) ہم پیمان ہم روزگار ذمی۔ قدیم و دیرینہ۔
عَہیدی (کتفصف) بمعنی عَہید
عَیی (فت) عَیاء (فتفسم) عَیۃ (فتف) عَویۃ (فکتف) کتے کا مُنہ لپیٹ کر بھون بھون کرنا۔ یا بُری بھونڈی آواز نکالنی۔
ایک چیز کو خم دینا۔ ٹیڑھا کرنا۔
تیس برس کی عمر میں پہنچکر مرد کے پھپھے میں ایسا رعد آجانا کہ اُوروں کا پنجہ مروڑ ڈالے۔
کسی کے ہاتھ کو مروڑنا کسی کی بات کو جھوٹ کر دینا لعد اُسکو پھیر دینا
کسی کو فتنہ کی طرف بُلانا۔ بال اور رسّی کو بٹنا۔ اونٹنی کی گردن کو ٹیڑھا کرنا۔
عَیی (فت) کام اور کلام میں عاجز
عَیی (کت) (رس) کام میں عاجز رہنا۔ تھک جانا۔ یا اپنی مراد تک نہ پہنچنا اور کچھ اُس سے بن نہ آنا۔ گفتگو یا بات چیت کرنے میں بند ہو جانا اور بیان نکر سکنا۔ نجاننا۔
عیاء (فقسم) بیماری جو اچھی ہو سانڈ اونٹ جو جفتی سے عاجز ہو یا جو جفتی کا ڈھب نجانے اور کبھی جفتی نکھائی ہو۔ مرد جس نے عورت سے صحبت کبھی نکی ہو یہانتک کہ صحبت کرنا نجانتا ہو۔
عیاب (کفس) بہت سے سینے بہت سے دل۔ دہنے کی دہنکی
عیاب (فتفس) مرد بہت عیب کرنیوالا آدمیوں کا۔
عیابۃ (فتفسف) بمعنی عیاب (فتفس)
عیاش (فتفس) شیر۔
عیاو (کفس) سرداری میں دوسرا

عِیاذ (کفس) جاے پناہ - پہاڑ وغیرہ مین پناہ لیا ہوا پرندہ -

عِیاذ (کفس) (ن) پناہ لینی

عِیاذ ہرنی وغیرہ کا بچہ جننا - ایک چیز کے ساتھ چمٹنا اور اُسیکا ہو رہنا

عِیار (کفس) بچاؤ - گریز -

عَیّار (فتفس) بہت آمد و رفت کرنے والا - بھاگنے والا - چلتا ہوا مرد - شوخ طبیعت - بہت پھرنے گھرنے والا - چراگاہ مین ہر طرف جانے والا شیر -

عِیارۃ (کفسف) اشکارگی شہر

عِیازہ (کفسف) گھاس کہ عضاہ سے کم اور دق سے بڑھکر ہوتی ہی - لکڑیان - درخت کا باقی رہا ہوا -

عِیاستہ (کفسف) اونٹون کی خوب نگاہبانی کرنی اور اچھی طرح اُنکی سیاست کرنی -

عِیاص (کفس) تحیص (فن) سخن کا دشوار ہو جانا -

عِیاف وطرِیدۃ دونون عرب کی کھیلون مین سے ہی - یا عیاف ایک کھیل ہی کہ عورتین جس سے بازی کرتے ہین -

عِیافۃ (کفسف) پرندہ سے فال لینی

عَیّال (فتفس) ناز سے چلنے والا گھوڑا - ناز سے چلنے والا مرد

عِیال اَلرَّجُل مرد کے اہل وعیال - جو رونے والے اور جو ایک چھوٹے مرد کے ذمہ کھاتے پیتے ہون - عالۃ (فسف)

عیائل (فسفسک) جمع -

عِیالۃ اَلبِرذَون چوپایہ کا چاؤ

عَیالۃ (فتفسف) ناز سے چلنے والی مائل عورت اور رفتار مین ناز کرنے والی -

عُیام (فضس) دن - عاجز

عُیان (فتفس) کام اور کلام مین عاجز

عَیان (کفس) یقینی دیکھنا - ہل مین ایک لوہا ہی - اعینہ (فتفعف) عین (فعض) جمع - کسانون کا ہل

عین (کس) جمع - حقیقی بھائی ہونا آنکھ سے دیکھنا -

عَیانۃ (کفسف) جاسوس خبر لانیوالا

عَیایا (فتفسفسم) کام اور کلام

مین عاجز - سانڈ اونٹ جو جفتی مین
عاجز ہو یا سانڈ جو اُس نے کبھی
جفتی نکھائی ہو - ایسے ہی مرد کو کہ
جس نے کبھی عورت سے صحبت
نکی ہو اور صحبت کرنا بھی نجانتا ہو
عیا یا رہ کہتے ہین - اعیاء
(فسقسم) جمع -

عیب (فس) مشہور ہی خلاف ہنر
عیوب (فضفس) جمع -

عیب (فس) (ن) عیب دار ہونا
کسی کو عیب دار کر دینا - مشک کا
دودہ کو گاڑھا کر دینا -

عیبتہ (فسعف) چمڑے وغیرہ کی
تھیلی - جامہ دانی - عیب - آدمیون
کے بھید کی جگہہ یعنی جس سے آدمی
اپنا بھید کہین - عیب (کف) عیبان
(کفس) عیباب (فسقس) جمع -

عیبۃ (ضعف) مرد جو آدمیون کا
بہت عیب کرے عیب چین -
جو شخص ہر ایک مین عیب نکالا کرے

عیتوم (فسفس) آہستہ چلنے
والا اونٹ - دلدار گھیلا مرد -

عیث (فس) (ض) تباہ کرنا
بھیڑیے کا کسی جگہہ مین نقصان پہنچانا -

عیثام (فسفس) ایک درخت ہی
ایک کھانا جو ٹڈی سے بناتے ہین

عیثبۃ (فسفف) نرم زمین -
ایک سبز کا کا لمبا اور وجود نشان
خفی پتلا کیچڑ -

عیثۃ (فسفف) اوڑنے ہوئے
پرندہ کو ڈانٹنا -

عیثم (فسفف) قریب -

عیثمی (فسفف) گورخر -

عیثوم (فسفس) بجو - ہاتھی
یا ہتھنی یا ہاتھی کا بچہ - بڑا اونٹ
یا بڑے قدم کا اونٹ - موٹی
اونٹنی - ہر چیز سخت و قوی -

عیثی (فسف) اچنبھا انوکھا پن

عیثی جعار پہلے جیم مع العین
مین گذر چکا -

عیج (فس) (ض) کسی کا ڈاڑھ
پر وار کہنی - چنانچہ کہتے ہین
ما اعیجہ بہ کسی سے خوشنود ہونا
چنانچہ کہتے ہین ما عجت بہ یعنی
مین خوش نہوا - پانی سے سیراب
ہونا - دوا سے سودمند ہونا جیسے

ا عجت[1] بالدواء نہ اچھا ہوا
مین دوا سے۔
عیجلوف[2] (سفضص) ایک چیونٹی کا
نام ہی جسکا ذکر قرآن شریف مین آیا ہے
عید[3] (کس) ایک شی کا خوگر گفتہ
جو چیز کہ اندوہ اور بیماری اور غم اور
اندیشہ وغیرہ کے بعد پھر آوے
قوم کے جمع ہونے کا دن۔
اہل اسلام کا روز جشن۔ اعیاد
(سفضص) جمع۔ ایک پہاڑی درخت
ہی۔ ایک سانڈ اونٹ ہی۔
عیدان (سفضص) کھجور کے
درخت سے لینے عیدانۃ (فسف)
ایک درخت۔
عیدانۃ (سفضف) بلند خرما بن
عیدان (سفضص) جمع۔
عیدہ[5] (سفف) بدخوئی غرور
اونٹ وغیرہ بدخو ہونا۔ ہر تہ
عید شوق[6] (سفضفضص) ایک
چھوٹا سا جانور ہی۔
عیدشون (سفضفضص) ایک
چھوٹا سا جانور ہی۔
عبدف (سفف) تھوڑی سی ہر چیز

عیدہور (سفضفضص) تیز رو اونٹنی۔
عیدان (سفضص) بد خلق۔
عیر (سفص) گدھا اہلی ہو یا وحشی
اور اکثر گورخر کے معنی مین
استعمال کرتے ہین۔ عیرۃ
(سفضف) مونث۔ جسمین کچھ خیر و
نفع نہو وہان بو سکتے ہین۔
ہو کجوف عیر یعنے اسمین کچھ خیر
و نفع نہین ہی اسلیے گدھے
کے پیٹ مین کوئی شی فائدہ
نہین کرتی۔ اعیار (سفضص)
عیار (کفص) عیور (سفضص) عیورۃ
(سفضفضص) معیور (سفضفضم)
جمع۔ عیارات (کفضفص) جمع الجمع
ہڈی بیچ سے اوبھری ہوئی۔ ہر چیز
ہموار کا اوبھرا پن۔ پیکان کے
بیچ کا اوبھرا پن۔ پشت پا کا
اوبھرا پن۔ آدمی کے کان کے
اندر کی جانب کا اوبھار۔ آنکھ کا
کویا یا پپوٹا یا پتلی۔ یا کن انکھیون
سے دیکھنے والے کی نگاہ۔
پہاڑ۔ قوم کا سردار۔ بادشاہ۔
ڈھول۔ رگ پشت کا اوبھار۔

مادہ		
	عیخ - کندہے کے سرکا اوبھرا ہوا پٹھے کے بیچ کا سپید خط - مقدم ہودج مین ایک لکڑی ہے - ایک پرندہ ہے کبوتر کی مانند اُسے عَیْخُ الْمُسَرَّاۃ بھی کہتے ہین -	بدن - ظریف - ایک قسم کا شیشے کا پیالہ - ایک درخت ہے -
ع ی ر	عِیْر (رفس) (رض) گھوڑے وغیرہ کا جانا - چلا جانا یعنے رہین مین پھرنا - اونٹنی کا مست ہو کر سانڈ کی آرزو مین ایک طرف کو نکل آنا گھوڑے کا چرنے کے لیئے ہر طرف پھرنا -	اَبُوالْعَیْزَار ایک لمبی گردن کے پرند جانور کی کنیت کہ ہمیشہ پانی مین رہتا ہے - یا وہ ایک بھیڑیا ہے شیطان کی کنیت -
ع ی ز		عَیْزَ عَیْزَ (رکس رکس) ایک کلمہ ہے کہ جس سے بکری کو ڈانٹتے ہین -
ع ی س	عِیْر (رکس) گروہ سفر سے پھرا ہوا یا اونٹون کا قافلہ جو غلہ کشی کرتے ہین یا چوپایہ جسپر باہر سے طعام کھانے کے لیئے لاد کر لاتے ہین اونٹ ہو یا گدہا یا خچر -	عِیْس (رفس) سانڈ کا نطفہ - عِیْس (رفس) (رض) اونٹنی سے جفتی کرنی -
ع ی س	عِیْس (رکس) سپید اونٹ سرخ بالون والے - اعیس (رفسف) واحد مذکر - عیساء (رفسفسم) واحد مونث	عِیْسَاء (رفسفسم) ٹڈی مادین
ع ی ر	عِیْرَان (رفسفس) بمعنی عِیْر (رفسفسک)	عِیْسَان (رفسفس) بہت سے مرد - مردون کا ہجوم -
ع ی ر	عِیْرَان (رفسفس) ٹڈی دل -	عِیْسَجُور (رفسفضس) مضبوط اونٹنی قوی تیز رو - غول -
ع ی ر	عِیْرَانَۃ (رفسفسف) تیز رو اونٹ جو سرعت و شتابی مین شادمانی کے اندر گورخر کے مشابہ ہے -	عِیْسَرَان (رفسفس) اونٹ جسپر اول ریاضت مین رام کرنیکے لیئے سوار ہوویں - ہی
ع ی ر	عِیْرَار (رفسفس) ہر چیز سخت اور مضبوط - پھر تیلا لڑکا نادک	عِیْسَرَان (رفسفس) ایک گھاس

		مادہ
عیسر انتہ (فسفصف) ہونث	درخت کھجور کے	
عیسران (فسفص)	درخت کھجور کے اچھے درخت	
عیسوی (کسفکت) عیسی	کے اوگنے کی گٹھلی	
(کسکت) منسوب سوے عیسیٰ	عیصوم (فسفص) بعض عصوم (فسفص)	
عیش (فس) زندگانی	عیضفوط (فسفضص) بمعنے	
کھانے کی چیز۔ جو چیز کہ جس کے	عضفوط (فسفضص)	
سبب جیئں۔ روٹی۔ کھانا۔ غذا	عیضموز (فسفضص) نہایت موٹا	
خوراک۔ رزق۔	سخت اونٹنی ہوتی کہ اسکی چربی	
عیش (فس) عیشہ (کسف)	کی کثرت اسکے حمل کی مانع ہو۔	
عیشوش (فسفضص) جینا۔	لبنی بزرگ حبشہ کی ناقہ۔ یا گوشت	
عیش ابلہ زندگانی بانازونعمت	کی سخت بدن کی گول یا سخت اونٹنی	
عیشم (فسف) خشک روٹی۔	گٹھیلے بدن کی کہ نظر میں پرحشم	
عیشوم (فسفصف) ایک	معلوم ہو۔ بزرگ لبنا پتھر۔	
درخت ہی درخت بجر کے ساتھ	عیضوم (فسفص) بہت کھانے	
ہوا چلتے وقت اسکی ایک آواز	والا خوب کاٹ کھانیوالا۔	
ہوتی ہی جس سے آواز شتر کو	عیط (کس) چنے ہوئے اور	
تشبیہ دیتے ہین خشک گھاس	تھوڑے ہوئے اونٹ جوان۔	
شتر گیاہ جو خشک ہوگئی ہو۔	عیط (کسک) ہلکے پھرتیلے	
عیشوم (فسفص) جمع۔	جوانون کی آواز جب آپسمین ایک	
عیص (کس) آپسمین لپٹے	دوسرے کو آواز دین۔ یا ایک	
ہوئے درخت بڑے گھن کے	کلمہ ہی کہ جس سے سستی اور عاجزی	
عیصان (فسفص) اعیاص	اور غلبہ کے وقت آواز اور شوکرین	
(فسفص) جمع بیخ وبن خاردار	عیط (فف) (س) گردنکی درازی	

عیط (فس) عورت کا لمبی گردن والا ہونا
عیط (فس) عیاط (کفس) (ن ض) بغیر بانجھ پن کے اونٹنی اور عورت کا حاملہ نہ ہونا۔
عیطاء (فسفسم) لمبی گردن والی پشتہ بلند۔
عیط عیط (کس کس) ایک آواز ہے کہ گبر وکھیل کے وقت آپسمین کرتے ہین اور نڈر غلبہ کے وقت اس لفظ کے ساتھ شور کرتے ہین
عیطل (فسف) عورت گھوڑا اونٹ لمبی گردن کا اچھے بدنکا ہر چیز لمبی۔ لمبی گردن والا۔ نرگبھ کے درخت کا خوشۂ طلع۔
عیطموز (فسفضس) اونٹنیون مین سے لمبی اور بڑی اور بڑی گابھن
عیطموس (فسفضس) پورے بدن کی عورت۔ قوی ہیکل اونٹ پوری پیدائش کا۔ اچھی صورت کی عورت یا خوبصورت عورت لمبے قد کی پر گوشت نہ جھکنے والی۔ بڑی عمر کی اونٹنی۔ عطامیس (فسفسکس) عطامس (فسفسک) جمع۔

عیعاۃ (فسفس) عیعاء (فسفسم) بمعنی عوعاۃ (فسفس) یعنی بکری کو کلمہ عاع کے ساتھ جڑکنا جیسے عیعی عیعاۃً وعیعاءً۔
عیف (فس) پانی یا مردار کے گرد پرندہ کا پھرنا اور اسپر اسکا اوترنا چاہنا۔
عیف (فس) عیفان (فسف) عیافۃ (کفسف) عیاف (کفس) (س ض) ننگ رکھنا۔ کھانے کو ناپسند رکھنا اور اسے انکھنا
عیفان (کتکفس) مشکی اور جسکی ہر چیز سے کراہت رکھنے کی خو ہو
عیفۃ (کسف) برگزیدہ چھوٹے ہوئے اونٹ۔
عیفۃ (فسف) پرند کا پانی وغیرہ کے گرد پھرنا۔ عورت جو عیوف (فضس) عورت کے دودھ پیتے بچے
عیفس (کسف) ٹھنگنے قد کا
عیق (فس) مرد جو عاجزی سے بہت روکنے والا ہو۔ تاخیر کرنیوالا نفع خیر دینے سے روکنے والا۔ پانی کا ایک حصہ

عیق (کس) ایک کلمہ ہی کہ جس سے ڈانٹتے ہین۔

عیق (فتک) حاجت سے خوب روکنے والا مرد۔ درنگی کرنے والا۔ عیق کیق اتباع ہی۔

عیقة (فسف) دریا کا کنارہ اور ناحیہ۔ گھر کا گوشہ اور اسکا آنگن

عیقص (فسف) عقیص (کتکس) بمعنی عقص (فض)

عیکان (فضفس) کندھا ہلاتے ہوئے جانا۔

عیکة (فسف) پتے ہوئے درخت گھن کے۔ ہر کوئی درخت بیریون کا باغ۔

عیل (رف) جو کہ سنا نہ چاہے اور جس کی شان سنا نہین جاتی اسکے آگے حدیث و کلام بیان کرنا۔

عیل (فتک) مرد کے اہل و عیال اور ہر کوئی جو اسکی نفقہ اور مؤنت مین ہو۔ عیال (کفس) جمع عیائل (فضسک) جمع الجمع۔

عیل (رفس) عیلة (فسف) عیول (فضفس) حاجتمند اور درویش ہو جانا۔ چلتے کا شکار دھونڈھنا۔

عیل (فس) (رض) ایک چیز کا کسی کو حاجتمند کر دینا۔ درماندہ اور عاجز کر دینا۔ خرامان اور خمیدہ اور نازان چلنا۔

عیل (رفس) عیول (فضفس) (رض) چلا جانا۔

عیلان (فسفس) نرکفتار۔

عیلة (فسف) درویشی۔ فاقہ۔ احتیاج۔ مفلسی۔ اور یہ باب ضرب یضرب سے آتا ہی۔

عیلم (فسف) دریا۔ بہت پانی کا کوان یا کھاری پانی۔ پانی جسپر زمین ہو۔ موٹا نازکبدن عیندک بجو

عیم (رفس) بمعنی عیمة (فسف)

عیمان (فسفس) دودہ کا آزو مند پیاسا عیمی (فسف) مونث۔

عیمان اعیمان مرد جسکی جورو اور اونٹ مرگئے ہون۔

عیمة (فسف) کسی کو دودہ پینے کی خواہش ہونی۔ (فعل ضرب)

عیمة (کسف) اچھے برگزیدہ اونٹ

عین (فس) آنکھ مونث اعیان

علامات اعراب ضمہ کسرہ فتحہ کے کسر س سکون تا تشدید م

مادہ		
ع ی ن	(نفس) اعین (نفس) عیون (نفس) جمع - اعینات (نفس نفس) جمع الجمع عیینۃ (نفیسف) تصغیر چشمہ - اعین (نفس) عیون (نفس) جمع زانو چشمہ آفتاب چشمہ ترازو یعنی ترازو کی چوٹی شہر کے باشندے گھر کے مقیم - آدمی - دیدان - جاسوس چشمہ عین غلیل کے غلہ ڈالین - گروہ - بینائی کی قوت حاسہ - ہر چیز موجود حقیقت قبلہ ہر چیز کی بہترین اور برگزیدہ دنیا زر درست - مال پیدا شخص اور نفس ہر چیز کا رئیس و سردار - ابر قبلہ کیطرف کا یا قبلہ عراق کی طرف کا یا عراق کی جانب راست کے قبلہ کا ابر - آفتاب یا اسکی شعاع - اونٹ جو مرد اور مہیا ہوں انگور - قوم کا بزرگترین - مال پانی کا رساؤ - رہنے کی جگہ - چند روز کا مینھ کہ نہ ٹھہرے - کوئین کے پانی کی پریشان ہونے کی جگہ - نظر گاہ منظر و ترازو کی جھونک - کنارہ - سات	دینار مین سے آدہا دانگ - نگاہ - حقیقی بھائی قوم کا شریف گرامی اعیان (نفس) جمع - حروف حلقیہ مجہورہ مین سے ایک حرف پوست پر چند دائرے چھوٹے چھوٹے ایک پرندہ ہے - بولتے ہین فعلتہ عمدا عین و عمدا عینین یعنے ایک چیز کو یقین اور کوشش اور ارادہ سے کیا مین نے - ایسا ہی فعلتہ عمدا علی عین و صنعت ذلک علی عین و عینین - لقیتہ اول عین یعنی ہر چیز کے پہلے مین نے اُس سے ملاقات کی اور بولتے ہین نظرت البلاد بعین و بعینین یعنی انکی گھاس اوگ آئی - اور کہتے ہین انت علی عینی بوقت تعظیم و حفظ مراتب - ہو عرض عین یعنی قریب ہی اور ایسا ہی ہو منی عین عنۃ - ہو عبد عین یعنے نظر مین غلام کی مانند ہی - عین (نفس) (ارض) دیکھنا نظر بد لگانی - آنکھ پر مارنا - پانی

اور آنسو کا روان ہونا۔ کوان وغیرہ کھودنے مین چشمہ پر پہنچ جانا۔ ترازو کا مائل ہونا۔ قوم کا دیدہ بان ہونا۔

عِین (کس) **عِینۃ** (کسف) (س) کشادہ چشم ہونا بہت سیاہی چشم والا ہونا۔

عِین (کس) گاو وحشی۔

عِین (رف) گھر کے باشندے۔ جماعت

عِین (فتک) پانی بہانے والی مشک یا نئی مشک کیونکہ نئی مشک کی درزون مین جب تک چربی وغیرہ نہین بھر جاتی تب تک ٹپکا کرتی ہے۔

عِیناء (فعلفعم) مشک جو اب نہ پھٹی صبح پھٹی ہے یعنے وہ مشک کہ پھٹنے پر آمادہ ہو۔ قافیۂ نافذ۔ گائے وحشی۔ فراخ چشم عورت

عِین (کس) جمع۔

عِینان (فعلفس) پانی یا آنسو کا روان ہونا۔

عِینۃ (کسف) قرض کہ جسمین قرض دینے والے کو کچھ نفع ہو۔ پیشگی قیمت۔ اچھے برگزیدہ اونٹ

عِینۃ (کسف) جنگ کا اسباب و مادہ۔ بکری کی آنکھ کا گرد اگرد تنے حلقہ۔

عِینوم (فعلفس) نرمینڈک۔

عِینی (رفسف) کوہ شبیر کا اوپر وار۔

عِیوب (فعفس) بہت عیب کرنیوالا

عِیوث (فعفس) شیر۔

عِیوق (فعفس) پیاسا اونٹ جو پانی کو سونگھے اور پیوے نہیر عورت کہ جسکا خصیہ کے پیچھے دودھ بند ہو جاوے اور دوسری عورت اُسکا دودھ چوسے تاکہ اُسکے سوراخ پستان کشادہ ہوون چڑھنے والا مرد یعنے بہت کراہیت کرنے والا آدمی۔

عِیوق (فعفس) ایک چھوٹا ستارہ ہے

رجل عَیُّون بڑا نظر بد لگانے والا مرد۔ **عِین** (کس) عین (فعفس) جمع

عُیُون البقر ایک قسم کے گول انگور کہ وے سیاہ اور بہت گول ہوتے ہین اور شیرینی اُن مین کم ہوتی ہے سیاہ آلو۔

عِیہ (فس) (ض) مال کا آفت رسیدہ ہونا

مادہ	
عیہاب	(کسفس) جسکو گمراہی کی طرف منسوب کریں۔
عیہاق	(فسفس) گمراہی۔
عیہاتہ	(فسفسف) عیاہتہ (ضفسفف) تیز رو اونٹنی۔
عیہب	(فسف) مرد بجوست وضعیف ہو طلب قصاص اور کینہ سے گران ناکوار بہت پشیم والا کنبل۔
عیہان	(فسفس) زنخول۔ عیاہیر (فصکس) جمع۔
عیہرۃ	(فسفسف) سبک عورت بدکار۔ تلینہ غول مضبوط بدن کا اونٹ۔ عورت کا سبک اور بدکار ہونا۔ زنا کار۔ قحبہ۔
عیہق	(فسف) شادمانی۔
عیہقۃ	(فسفف) ایک پرند جانور
عیہکۃ	(فسفف) جنگ کرنی۔ زمین پر دے مارنا۔ فریاد کرنی۔ شور و خروش کرنا۔
عیہل	(فسف) تیز رو اونٹنی۔ یا برگزیدہ اونٹنی مضبوط بدن کی قوی۔ نر اونٹ تیز رو۔ برگزیدہ۔ ہلکا پھرتیلا مرد جو جلے پیر کی بلی
عیہم	کیطرح ایک جگہ قرار نہ پکڑے۔ تند ہوا۔ بلند قد کی عورت۔
عیہمۃ	(فسفف) بڑھیا عورت۔
عیہم	(فسف) ہر چیز مضبوط۔ تیز رو اونٹنی۔ نر ہاتھی۔
عیہمان	(فسفس) جو کہ شروع شب میں راہ نہ چلے ڈر سے کے سر پر پکڑ سوار
عیہمۃ	(فسفف) سرعت اور شتابی کرنی۔
عیہمی	(فسکلت) ولدار لینے قد کا
عیہول	(فسفس) عیہال (فسفس) برگزیدہ اونٹنی مضبوط بدن کی قوی۔
عیہوم	(فسفس) ایکدرخت کی جڑ ہے
عیہون	(فسفس) ایک خوشبودار گھاس ہے
عیہ	عیہ بمعنی عاہ عاہ۔
عییٰ	(فکلت) کام اور کلام میں عاجز۔ اعیاء (فسفسم)
اعیاء	(فسکفسم) جمع۔
عییر وحدہ	(فسفس) یعنے خود بین و متکبر مغرور۔ اکیلا کھانے والا۔ اکل کہرا۔

باب الغین المعجمۃ

غم غاب (فعست) ایک رات بھر کا گوشت خبز غاب باسی روٹی۔

غ ب ۲ غابۃ (فعسف) پست زمین ہموار آدمیوں کا گروہ۔ نیزہ لینا۔ لہکتا ہوا نیزہ۔ بیشہ۔ درختستان جسمین گھنے درخت ہون۔ غاب (فعسف جمع)

غ ب ۳ غابۃ (فعستف) اونٹ جو غب کو پانی پیوین۔ غواب (فعست جمع)

غ ب ۴ غابر (فعسک) باقی۔ ٹھہرنے والا۔ گذر جانے والا۔ غبر (فعسک جمع)

غ ب ۵ غابرۃ (فعسک) باقی رہا ہوا۔

غ ب ش ۶ غابش (فعسک) خائن۔ فریب دینے والا۔ سست بینائی والا۔

غ ب ط ۷ غابط (فعسک) کسی کے حال کا رشک کرنیوالا۔ غبط (فعض) جمع۔

غ ب ن ۸ غابن (فعسک) سست کام کرنیوالا۔

غ ب ن ۹ غابنیہ (فعسکف) احمق عورت بیعقل۔

غ د ۱۰ غادٍ (فعست) وہ کام ہوا اونٹ۔

غ د ر ۱۱ غادر (فعسک) حیلے وفا مرد۔

غ د ف ۱۱ غادف (فعسک) کشتیان۔

غ د و ف ۱۱ غادوف (فعسفس) کشتی کا چپو۔

غ د ی ۱۲ غادی (فعسک) شیر۔

غ د ی ۱۳ غادیۃ (فعسکف) صبح کا ابر صبح کا بیٹھنا۔

غ ذ ۱۴ غاذ (فعست) ناسور ہر کہن کا ہو آنکھ کے پانی کی رگ کہ ہمیشہ جاری ہو۔ عس۔

غ ذ ی ۱۵ غاذیۃ (فعسکف) بمعنی غاذہ (فعستف)

غ ذ ی ۱۶ غاذۃ (فعستف) بچہ کے سر کی وہ جگہ جو حرکت کرتی ہے۔

غ ذ ی ۱۷ غاذی مال اونٹون کا نگاہبان اور اصلاح کرنے والا۔

غ ذ ی ۱۸ غاذیۃ (فعسکف) ایک رگ ہے وہ قوت جو غذا کو تحلیل کرے اور جزو بدن کردے۔

غ ر ۱۹ غار (فعست) ناچیز۔ باطل غرور (فعضس جمع) غافل۔ کوان کھودنیوالا۔

غ ر ۲۰ غارر (فعس) گڑھا جو پہاڑ مین ہو یا پہاڑ مین جائے نشیب یا ہر زمین پست ہموار یا سوراخ زمین۔

غ ب	۱
غ ب	۲
غ ب	۳
غ ب	۴
غ ب	۵
غ ب	۶
غ ب	۷
غ ب	۸
غ ب	۹
غ ب	۱۰
غ ب	۱۱
غ ب	۱۲
غ ب	۱۳
غ ب	۱۴
غ ب	۱۵
غ ب	۱۶
غ ب	۱۷
غ ب	۱۸
غ ب	۱۹
غ ب	۲۰

بڑا کڑ ہا کہ جسمین جانور وحشی جکھہ
پکڑے - اغوار (نفسفس) غیران
(کسفس) جمع - آدمیون کا
بہت گروہ - لشکر - غلہ جو ایک
جگہہ سے دوسری جگہہ لیجاویں -
اشک - گرد - انگور کے درخت
کے پتے - دہن کی جانب اعلا مین
جو چیز کہ پتلی ہڈی کے پیچھے ہوا
دونون جبا ڑون کے درمیان کا
شگاف - یا دہن کا اندرونہ - ایک
بڑا درخت ہی روغن دار - اہل لغت کا
ایک پیمانہ ہی سو گون کے مقدار کا -
غارات (نفسفس) دہن اور
فرج - یا شکم اور فرج - دونون
ہڈیان آنکھہ کے گھر کی -
غارب (نفسک) کندہا یا کوہان
اور گردن شتر کا مابین - غوارب (نفسک) جمع
غارمہ (نفسف) ناف - لوٹ
مار کرنے والے گھوڑے - غارتگری -
حبل شدید الغارمہ
خوب بٹی ہوئی رسی -
غارمۃ (نفستف) ایک لمبی مچھلی ہی -
غارز (نفسک) کم شیر اونٹنی
ٹڈی جو اپنی دم کو انڈا دینے
کے لیئے زمین مین دباوے - اور
کہتے ہین ہو غارز ز را سترفی سنۃ
یعنی وہ نادان اور جاہل ہی -
غارزۃ (نفسکف) کم شیر اونٹنی
ٹڈی جو اپنی دم کو انڈا دینے
کے لیئے زمین مین دباوے -
غارض (نفسک) لبنی ناک والا
صبح پانی پر آنے والا -
غارفۃ (نفسکف) تیز رو اونٹنی
غوارف (نفسک) جمع -
غارق (نفسک) پانی مین نیچے
جانے والا - ڈوبا ہوا
غاریقون (نفسکسفس) ایک
گھاس کی جڑ ہی - ایک چیز ہی کہ
سوس لگے درخت مین پیدا ہوتی
ہی یا وہ اغاریقون (نفسکسفس) سے
زہر کے لیئے تریاق ہی -
غازلۃ (نفسکف) کاتنے والی
عورت - غزل (ضتف) غوازل
(نفسک) جمع -
غازی (نفسک) جنگی مرد -
دشمن دین سے لڑائی کرنیوالا -

		مادہ
عزی (ضفتہ عزی رضفتکت)	ہوا آئی ہوئی۔ انبوہ۔ خوش حال مرد	
عزاۃ (ضف عزار منسفسم) جمع۔	مرد جو اپنے عیال کے لیئے کافی	
غماس (فسکہ) پیر فانی۔	اور بس ہو۔ عضاہ کھانے والا اونٹ	
غماسق (فسک) چاند۔ یا شب	غاضیہ (فسکف) سونت۔ غواض	
غروب شفق کے وقت یا تاریکی	(فضسکہ) جمع۔ اندھیری رات۔	
غروب شفق کے بعد۔	روشن رات۔ لغات اضداد سے ہے	
غماش (فست) خیانت کرنے	غاضت (فسک) خشمگین۔	
والا۔ کینہ ور فریبی۔	غاضہ (فسک) اپنی حاجت میں جلد	
غاشیۃ (فسکف) قیامت۔ آگ	آنے والا اور امین مصلح کرنیوالا۔	
پوشش۔ دل کی پوشش۔ زین کی	اچھا سنوارا ہوا چمڑا۔	
پوشش۔ چمڑا۔ جسے تلوار کے	غاضف (فسک) خوش حال	
میان پر قبضہ کے نیچے سے لیکر	نازک زندگانی خوش کتا جسکے	۴۳۵
پیلے تک لگا دیں۔ چمڑے کا	کان آگے کیطرف لٹکے ہوئے ہوں	
ٹکڑا جس سے قبضہ شمشیر کو	کنایۃ غاضیۃ اندھیری رات۔	
ڈھانکیں۔ درد پیٹ کی بیماری۔	غاغیۃ غاضیۃ جلتی ہوئی روشن آگ	
چلنے والے جو تمہارے پاس	غاط (فسک) گرہ۔ پست و فراخ زمین	
آویں۔ ملاقات کرنے والے۔	غاطیۃ (فسکف) انگور کا بیل	
دوست نوبت سے آنیوالے۔	غاغ (فس) پودینہ۔	
پالان اونٹ کے کوہان کے پیچھے کا لوہا	غاغاء (فسمسم) پہاڑی چکیڈر	
غماص (فست) جسکے گلے	کا شور اور آواز یا پہاڑی کالے	
میں کچھ اٹک جاوے۔ جگھہ	کوے کی کائیں کائیں۔	
لوگوں سے بھری ہوئی۔	غاغۃ (فستف) آدمیوں کا	
غاض (فسکہ) اچھی چیز جمع	انبوہ ملا ہوا۔ لڈی جسنے نیا بار	

مادہ	
	چھوٹی مکھی - ایک گھاس ہی -
غاف	(فس) ایک قسم کا درخت
	جسکا میوہ خوب شیرین ہوتا ہی
	یا وہ بینوت ہے -
غافصۃ	(فسکف) زمانہ کی سختیان)
غاق	(فس) ایک پرندہ ہی آبی -
غاق	(فسک) کوے کی آواز کی نقل
غاقۃ	(فسف) ایک آبی پرندہ ہی کوا
غال	(فست) پست زمین
	درخت ناک - درخت سلم اور طلح
	کے گننے کی جگہہ - ایک گھاس
	ہی - غلال (ضتفس) جمع - سب معنون
	مین بھی جمع آتی ہی -
غال	پیاسا اونٹ - ونیز
	غال (فست) گرگٹ یا چھپکلی کا گھر -
غالی	(فسک) بھاری نرخ موٹا
	گوشت - نہایت قوت سے تیر کو
	دور پھینکنے والا - اور بمعنی دودہ
	لغت یونان مین -
غالیۃ	(فسکف) ایک خوشبو ہی
	مشک وعنبر وغیرہ سے مرکب سیاہ
	رنگ کہ بالون کو اس سے
	خضاب کرتے ہین یہہ نام اسکا

	سلیمان عبدالملک کے بیٹے کا رکھا ہوا ہی
	بعض کہتے ہین کہ مخترعات
	جالینوس سے ہی -
غالیون	(فسکفس) ایک گھاس ہے
	کہ قوراً دودہ کو جما دیتی ہے یا یہہ
	غالیون عین مہملہ سے ہی -
غم	تیرہ اور دہندلا دن
غمۃ	دن جسمین گرمی کے سبب سانس
	پھولے - نہایت گرم دن -
لیلۃ غماۃ	بہت گرم رات غم کی رات
غامد	(فسک) اٹا ہوا کوان -
	بوجھہ سے لدی ہوئی کشتی -
غامدۃ	(فسکف) اٹا ہوا کوان
	بوجھہ سے لدی ہوئی کشتی -
غامر	(فسک) ویران زمین
	زمین پانی مین ڈوبی ہوئی - خلاف
	عامر یعنے آباد -
غامرۃ	(فسکف) کھجور کا درخت
	کہ پانی دینے کا محتاج نہو -
غامض	(فسک) زمین پست نرم
	گڑھیلی زمین - غوامض (فضسک)
	جمع - سست حملہ مرد - سخن بعید و
	پوشیدہ ومخفی خلاف واضح - گمنام مرد

خوار و بیقدر۔ مرد کی اصل و حسب
کہ مشہور نہو۔ یا زیب جو پنڈلی کو
پر کردے۔ ایڑی اور پنڈلی تیار
دائر غامضہ کھر جو رستے
کے سرے پر نہو۔
غامیاد (فسکستم) جنگلی چوہے کا بل
غانیہ (فسف) کمان کے چلے کا
پھندا جس سے کمان کے سر بندھتے ہیں
چلے کو اٹکاتے ہیں۔
غانید (فسک) نرخرہ۔ آواز کا مخرج
غانی (فسک) مالدار دولتمند۔
غانیہ (فسکف) عورت جو اپنے
حسن و جمال کے سبب زیور سے
بے نیاز ہو یا وہ عورت جو اپنے
خاوند سے جمع پونجی کے سبب
بے نیاز ہو۔ یا عورت جو اپنے
میکے میں ہو اور اسپر گرفتاری
نہ واقع ہوئی ہو۔ یا جوان عورت
پاک دامن سہاگن ہو یا بے
خاوند ہو۔ یا بے نیاز عورت کہ
جسکی لوگ خواہش کریں اور
وہ بے پروا ہو۔ غوانی (فسک) جمع
غاوی (فسک) ٹڈی۔ گمراہ۔

نومید۔ شیطان۔
غاوی (فسک) چھوٹا سا سر۔
غاویہ (فسکف) توشہ دان
مشک کہ جسمیں پانی ہو۔
غائث (فسک) ناپدید پوشیدہ
غیب (فتحتف) غیاب (فتحتفس)
غیب (رفف) جمع۔ جو چیز کہ پوشیدہ
و پنہان ہو وے۔
غایۃ (رفسف) زمان اور مکان
مین ہر ایک چیز کی نہایت کلال کا
نشان اور جھنڈا۔ غای (فس جمع)
غایۃ (فسکف) (ض) جھنڈا کھڑا کرنا
غائرہ (فسکف) دوپہر یعنے دن کا بیچ
غائض (فسک) اچانک
ایک چیز پر آنے والا۔
غائضۃ (فسکف) عورت جو
جماع کے اشتیاق مین خاوند کو
حیض کی خبر نکرے تاکہ وہ پھیر کرے
غائط (فسک) گڑھیلی زمین
پست فراخ۔ غیطان (فسفس)
غیاط (کفس) اغواط (فسفس)
غوط (ضفس) جمع۔ آدمی کی
پلیدی۔ گوہ۔ پاخانہ۔

مادہ		
۱ غ ن	غَائِکَۃٌ (فتحتین) احمق عورت بیعقل۔	جبکہ عن صلہ ہو۔ یا صلہ ہی نہو۔ ایک
۲ غ ی ل	غَائِلَۃٌ (فتحتین) یکینہ پوشیدہ۔ بدی۔	چیز کا نہان ہونا۔ پہچانا جانا جبکہ
۳ غ و ض	غَائِلَۃُ الْحَوْضِ جو چیز کہ حوض مین	من صلہ ہو۔ ونیز غَبَاوَۃٌ
۴ غ ب ب	سے ٹوٹ پھوٹ جائے۔	(رفتحتین) بیوقوفی۔ حمق۔
۵ غ ب ا	غَبٌّ (رکت) ہر چیز کی انتہا۔ اونٹ کا	غَبَاءُ الثَّرَابِ اونچی اوٹھی ہوئی گرد
۶ غ ب ب	ایک دن بیچ دیکر پانی پینا یعنے	غَبَاشِیر (رفتحتین س) رات اور دن
۷ غ ب ب	تیسرے دن پانی پینا۔ تب کا ایک	کے بیچ کی روشنی۔
۸ غ ب ا	دن بیچ دیکر آنا۔ یعنی تیتا۔	غَبٌّ (رفت) مرغے اور گائے
۹ غ ب ب	غَبٌّ (رکت) غُبُوب (رضفس)	اور آدمی کے گلے کے نیچے کا
۱۰ غ ب ی	ایک دن بیچ دیکر پانی کا آنا تیسرے	طوق جسکو ہنسلی کہتے ہین۔
۱۱ غ ب ب	دن آنا یعنی تیتا۔ ایک دن بیچ	غَبَّۃٌ (رفتح) تھوڑسی معیشت
۱۲ غ ب ب	اونٹون کا پانی پر آنا۔ گوشت کا	غَبْشٌ (رفس) (ن) مسکے اور
۱۳ غ ب ب	بدبودار ہونا۔ کسی کے پاس شب	پنیر کو آپسمین خلط ملط کرنا۔
۱۴ غ ب ب	گذارنی۔ کام کا انتہا کو پہنچنا۔	غَبْغَبَۃٌ اَلْمَاءِ (رس) پانی کو
۱۵ غ ب ب	غَبٌّ (رفت) دریا چڑھا ہوا اتنا کہ	گلے سے اوتارنا۔
۱۶ غ ب ب	بہتے بہتے جنگلون مین پھیل جاوے	غُبَیْجَۃٌ (رضسف) پانی اور شراب
۱۷ غ ب ب	پست زمین۔ پانی کے ٹھہرنے	مین کا ایک گھونٹ۔
۱۸ غ ب ب	کی جگہہ۔ اغباب (رفسفس)	غَبِیرَۃٌ (رفتح) ایک چیز کا بقیہ۔
۱۹ غ ب ب	غبوب (رفس) جمع۔	استعمال اس لفظ کا غالبًا بقیہ
۲۰ غ ب ب	غَبْوٌ (رفس) (ن) کسی کی	خون حیض مین آتا ہی۔ بیماری
۲۱ غ ب ب	طرف قصد کرنا۔	اور رات اور ہر چیز کا بقیہ۔
۲۲ غ ب ب	غَبَاوَۃٌ (رفتح) غَبَاءٌ (رفتح)	غَبْرٌ (رفس) غُبُورٌ (رضفس) (ن)
	(رس ن) احمق ہوجانا۔ ندامت کرنا	دورنگ کرنا۔ باقی رہنا۔ چلا جانا۔

ماده

گذر جانا - لغات اضداد سے ہے -
ایک شئی کا گدیلا ہو جانا -

غَبَر (ف ف) خراب زخم - بھر یا پھوٹا -

غَبَر (ف ف) خاک - ایک بیماری ہے
جو اونٹ کے شکم میں عارض ہوتی ہے

غَبَر (ف ف) (س) زخم کا اچھا
ہو کر تھوڑے دنوں پیچھے پھر
بہنے لگنا اور خراب ہو جانا -

غِبَر (ک س) کینہ -

غُبَر (ض س) بستان میں جو دودھ
باقی ہو - ہر چیز کا بقیہ - غُبَّار (ض ص جمع)

غُبَر (ض ف) ایک قسم کی مچھلی -

غُبَارَی (ض ف ص) زمین کبک
مادین - پامالی - درخت ناک زمین -
ایک ریگی گھاس ہے یا اس گھاس کا
پھل - نئی چیز یا پرانی یا نا پدید پاہی
سال قحط خشک سال -

غُبَّان (ض ص) ایک غلاف
میں دو کھجوریں - غُبَابِین (ض ص جمع)

غُبَرَة (ض ف) گرد - دھندلاپن -

غُبَرَة (ض ف) گرد و خاک زمین

غُبَرَةُ الْعَيْنَيْن بڑی بڑی اور
سیاہ آنکھوں والی عورت -

غُبَرُون (ض ص ن) ایک پرند جانور
ہے - ایک قسم کی چھوٹی چڑیا -

غَبَلَش (ف ف) تاریکی - خاکستر گونی

غَبَس (ف ف) (س) تاریکی -
خاکستر رنگ ہونا -

غَبَسَة (ف ف ص) تاریکی اور خاکستر گونی

غَبَلَش (ف ف) رات کا بقیہ یا آخر
شب کی تاریکی - اَغْبَاش (ف ص جمع)

غَبَلَش (ف ف) (س) شب کا
آخر تاریکی کو پہنچ جانا -

غَبَلَش (ف ف) شب تاریک -

غَبَشَة (ف ص) بمعنی غَبَش (ف ف)

غَبَص (ف ف) (س) آنکھ کے
میل کا روان ہونا یعنی چیپڑ کا زیادہ
ہونے - آنکھ کے میل کا بہت ہونا
اور آنکھ کا اندر کو گھس جانا -

غَبَط (ف س) کٹی ہوئی کھجلی کا ایک
ٹکڑا - غُبُوط (ف ض جمع) رشک -

غَبْط (ف س) غِبْطَة (ک ف)
رض س) رشک کرنا کسی کے
حال کی آرزو کرنی بغیر اس بات
کے کہ صاحب حال سے اسکا
زوال چاہے - بکری کی دم اور

غبط کو کھہ پر ہاتھ پھیرنا تاکہ معلوم کرین کہ موٹی ہی یا دبلی پیٹھ پر ہاتھ پھیر کر جاننا کہ چربی دار ہی یا نہین۔

غبن غبیطۃ (کسف) شادمانی سمیت خوش حالی۔ رشک۔

غبن غبیطۃ (ضسف) ایک قسم ہی جس سے توشہ دان کے چمڑے کے اطراف کو مضبوط سیتے ہین۔

غبو غبطی (ففف) ابر علی الاتصال برسنے والا۔ مینھہ کی جھڑی۔

غبط غبغب (فسف) آدمی کے جبا طرف کے نیچے کا گوشت کا ٹکڑا لٹکا ہوا۔ گائے اور مرغ کے گلے کے نیچے کا طوق۔

غبن غبوق (فس) غبوق (فضفس) (ن) شام کے وقت کی شراب پینی اور پلانی۔

غبقا غبقان (فسفس) غبوق پینے والی۔

غبقان (فسفس) غبوق پینے والا۔

غبقۃ (ففف) رسی جو بل ہاتھے یا پانی کھینچنے وغیرہ کے وقت لکڑی کے سرے بیلون کے کہان کے عرض پر باندھتے ہین

غبن (فف فس) دھوکے سے خریدنا لینے مین کسی شئے کے دھوکا کھانا۔ غلطی مین ڈالنا۔ فریب دینا۔ یا بہ تسکین بیع مین مستعمل ہی اور بتحریک رای مین۔ فریب کھا جانا اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہوتا ہی۔

غبو کپڑے کو لپیٹنا۔ کپڑے کو تانکنا تاکہ تنگ ہو جاے۔ طعام کو حاجت کے وقت کے لیے اوٹھا رکھنا۔ چھپا رکھنا۔ فراموش کرنا۔ چھوڑ دینا۔ غلطی کرنی۔ دھوکا کھانا۔

غبن (فف) سستی فراموشی۔

غبن (فف) غبانۃ (فضسف) (س) سست عقل ہو جانا۔ خبر کو نہ جاننا۔ سستی عقل۔

غبوۃ (فسف) حماقت غفلت۔

غبوۃ (فضفتف) غبی (فضکت) بمعنی غبوۃ (فسف)

غبوط (فضفس) اونٹنی کہ جب تک اسکی پشت پر ہاتھ نہ پھیرو تب تک اسکی فربہی کو معلوم نہ کر سکو۔

غبون (فضس) شام کے وقت کی شراب۔

غبی (نکت) احمق کم فہم کندذہن
غبیۃ (نکسف) صبح کا دودہ
جسپر رات کا دودہ دہوین اور
دہی بناوین۔
غبیۃ (نفسف) تھوڑا سا مینھہ
یا مینھہ کا ایک چھینٹا۔ یعنی مینھہ کہ
ایک دفعہ زمین تر ہوکر رہجاوے
پانی اور تازیانہ کی بہت سی ریزش
غبیۃ التراب اونچی اوٹھی ہوئی گرد
غبیشۃ (نکسف) اسم غبث پنیر
یعنی غبث پنیر اور مسکہ ملانا اور غبیشۃ
پنیر اور مسکے ملے ہوئے کو کہتے ہین
غبیر (نکس) ایک قسم کا خرما۔
غبیرا (نضفضم) پھینے کا
پانی جو بست کردے۔ ایک قسم
کی ریگستانی گھاس یا اسکا پھل
اور غبیرا اسکا درخت یا بالکس
غبیس (نضفس) بھیڑیا۔
غبیط (نکسس) ایک قسم کا پالان وغیرہ
جیسے پالان تختی یا اونٹ کا
پالان جسپر ہودہ باندہین یا چھوٹا
پالان کہ جسکا قتب اور احنا
ایک ہو۔ غبط (نضفض) جمع۔ زمین بلند
کے پانی کا بہاؤ اور رستہ زمین ہموار
فراخ جسکے کنارے اونچے ہون۔
غبین (نکس) سست عقل والا احمق
غبینۃ (نکسف) نقصانی بیعقلی
خریدمین فریب کھانا۔ فریب۔
غبت (نفت) (ن) کسی کو ایک
کام مین رنج دینا جیسے غبتہ بالامر
غبتاً کسی کو پانی مین غوطہ دینا
جیسے غبتہ فی الماء کسی کو کلام
سے سرزنش کرنا جیسے غبتہ بالکلام
پانی کو تھوڑا تھوڑا پینا پیالہ کو
منھہ سے جدا کئے بغیر غٹغٹین کرنا
گدا گھومٹنا۔ چوپایہ کو تہکا دینا۔
ایک چیز کو ایک دوسرے کے
پیچھے لانا خندہ کو پنہان کرنا۔
غترفۃ (نسفف) بزرگ
منشی۔ تکبر کرنا عزور کرنا۔
غتل (نفک) درخت ناک جگہہ۔
نخل غتل کھجور کے درخت
آپسمین لپٹے ہوئے۔
غتل الامکان جگہہ بہت
درخت ناک ہوگئی۔
غتم (نفس) گرمی کی سختی کہ دم

غ ب ی	۱
غ ب ی ۃ	۲
غ ب ی ۃ	۳
غ ب ی ۃ	۴
غ ب ی ۃ	۵
غ ب ی ۃ

ماده

غشم گھبرادے - زور کی دم روکنے دل گرفتگی
غشمۃ (مصنف) عجمیت - اغتم
(مصنف) اسم مصدر ہی -
غشمی (مصکت) مرد جو صاف
بات نہ کہہ سکے - ہکلا - گونگا -
غشی حیاض غشیم کنایہ ہی مرگ سے -
غشت (فت) دبلا کم گوشت
غشتہ (فتف) مونث - دبلا گوشت
خراب کلام -
غشت (فت) غشیت (فکس) (ف ض)
زخم سے پیپ جاری ہونی -
غشا (ضتفسم) بمعنی غشاء (ضفسم)
غشاء (ضفسم) کوڑا وغیرہ جسکو
پانی بہا لایا ہو - جھاگ - درخت کا
پتا خراب اور سڑا ہوا جو سیل کے
جھاگ میں آلودہ اور خراب ہو گیا ہو
اغشاء (فسفسم) جمع -
غشاشۃ (فصف) غشوشۃ (ضفصف)
(ف ض) گوشت کا دبلا ہونا - بات کا
خراب اور فاسد ہونا -
غشاۃ (ضفس) بجو کا علم ہی -
غشاغث (ضفسک) شیر -
غشتہ (فتف) قوت جو دان گذارے

غشت (فف) شیر -
غشر (فس) غشور (ضفس) (ان)
زمین کا سبز گھاس سے لہرانا -
غشر (فف) کپڑے کا روان -
کپڑے کے پلندہ -
غشرا (فسفسم) مونث اغشر (فسفف)
یعنی نادان اور کمینی عورت - بجو -
ہر نوع آدمیون کا گروہ ملا جلا تیرہ
بہت پشم والا کنبل -
غشرۃ (فسف) کمینہ نیچ آدمی -
غشرۃ (فسف) ازرانی فراخ سالی
غشرۃ (ضسف) سیاہی سرخی ملی
جلی - تیرگی جو سبزی مائل ہو -
آدمیون کا گروہ -
غشری (فسکت) جنگل جو مینھ
سے سیراب نہو -
غشغشۃ (فسفف) نے ساز و سامان
سست جنگ کرنی - ایک جگھہ مین
قرار پکڑنا - کپڑے کو اسکی جوانب
سے لپیٹنا - دہونا -
غشم (فس) (ض) مال جید اور اچھا
کسی کو ایکبارگی دے ڈالنا -
غشم (ضس) اونٹی کا ٹکڑا جو کھایا جاوے

غشمۃ (مصدر) سیاہی تیرگی بادل یا اسکی مانند ایک اور رنگ۔

غشمۃ (مفعف) اوجھہ کا ہزار خانہ گائے اونٹ وغیرہ کے پیٹ کی وہ چیز کہ جسمین سوراخ سوراخ ہوتے ہین۔

غشمۃ (مفسف) مال کو تباہ کردینا

غشوۃ (مفسف) پانی کی سوزن جھاگ آجانی۔ چہرا گاہ کو خلط ملط کرنا۔

غشوۃ (مفصف) شیر۔

غشی (مفس) (من سہیل) غشاء کے آنا سیل کا چہرا گاہ کو بدمزہ کردینا اور خلط ملط کردینا۔ دل کا اوپر تلے ہونا۔ مالش کرنا اور ملانا۔ آسمان کا ابر کو بہم پہنچانا۔

غشی (مفع) غشی (مفس) (من ض) کلام کو خلط ملط کرنا۔

غشیت الارض بالنبات (من) زمین بہت گھاس والی ہوئی۔

غشیان (مفعس) دلکا مالش کرنا دلا۔

غشیت (مفس) دبلا کم گوشت دبلا گوشت۔ زخم کی پیپ۔

غشیشۃ (مفسف) زخم کا خون اور پیپ ملکر کچھ لہو اور مردار گوشت۔

غشیشۃ (مفسف) فساد اور خرابی احمق نے خیر فساد عقل کہجور جسکی کہجورین پکتی جاوین اور شیرین ہووین۔

غشیشۃ (مفسف) ایک کھانا ہی جو ٹڈیون کا طیار کرتے ہین۔

غشوم (مفعس) غموج (مفعس) کا مقلوب غمج کی جمع بمعنی شیر بچہ۔

غدد (مفت) غدو (مفعس) (من) اونٹ کا دبا کا ماما ہونا۔

غدد (مفس) کل جو آویگی۔

غداء (مفسم) طعام چاشت دوپہر کا کھانا خلاف عشاء۔

اغدیۃ (مفسکف) جمع۔

غداۃ (مفس) غدیۃ (مفسف) بمعنے غدوۃ (مفسف) غدوات (مفس) غدیات (مفعس) غدو (مفعست) غدایا (مفسف) جمع اور غدایا (مفسعس) مستعمل نہین ہوتا مگر عشایا کے ساتھ۔

غداد (مفس) غدائد (مفسک) حصے

غدار (مفسک) بروزن قطام عورت کے حق مین گالی ہی موضع

مادہ		
غ ذ ر	غدر	ندا مین استعمال کرتے ہین اور کہتے ہین یا غدار یعنی اے بیوفا عورت
غ ذ ر	غدار	(فعفس) نے وفا مذکر ومونث برابر غدارۃ (فعفسہ) مونث
غ ذ ر	غدار	(کفس) چھوڑ دینا باقی رہنا
غ ذ ر	غدارۃ	(فعفسہ) جس چیز کو پیچھے چھوڑ آئے
غ ذ ف	غداف	(فعفس) زاغ سیاہ — پرون بہرا کرگس — غدفان (فعفسر) جمع — سیاہ لمبے بال سیاہ پنکھ —
غ ذ ف ل	غدافل	(فعفسک) جسکی دُم مین پشم بہت ہو — دمین
غ ذ ن	غدان	(کفس) شاخ جسپر کپڑا لٹکا
غ ذ ن ی	غدانی	(فعفسکت) نرم و نازک اندام جوان — اچھی جوانی نازکی —
غ ذ ب	غدب	(فعفست) سخت مرد — ٹھنگنا بہت پٹھے والا —
غ ذ ب ت	غدبۃ	(فعفسہ) آدمی کے نرمہ گوش کے نیچے جو ابھار ہے اسمین ایک گوشت کا ٹکڑا دلدار سخت —
غ ذ ۃ	غدۃ	(فعفسہ) گوشت کی گرہ بدن کی گرہ چربی بہری — ہر گوشت کا ٹکڑا سخت پٹھے کے درمیان ہر پستہ خون جو گوشت اور پوست کے درمیان ہو — غدد (فعفسہ) جمع — اونٹون کی وبا جس سے وے مرین — غداد (کفس) جمع — مسئلہ جو بدن پر نکل آوے اور کچھ درد نکرے
غ د ر	غدر	جو چیز کہ چرنی اور کوہان کے درمیان ہو — اونٹون کا گلہ —
غ د د	غداد	(کفس) غدائد (فعفسک) جمع —
غ د د	غدد	(فعفسہ) اونٹون کی مرامری —
غ د ر	غدر	(فعفسہ) سخت جگہ جسمین کنکری پتھر بہت ہون — زمین جس مین سوراخ اور دڑار ہون اور چوپایہ اسمین چل نہ سکین — بڑا پتھر —
	رجل ثبت الغدر	مردلڑائی وغیرہ مین ثابت قدم اور کہا گیا کہ یہہ واسطے گھوڑے کے ہے اور انسان کے لیئے جبکہ اسکی زبان قائم رہے — جس چیز کو پیچھے چھوڑ آئین —
غ د ر	غدر	(رس) مینھہ کا پانی جمنا رات کا تاریک ہو جانا اونٹنی وغیرہ کا گلہ سے پیچھے رہجانا — اور صلہ عن ہے — زمین کا کنکریالی ہو جانا — بکریون کا گھاس سے چراگاہ مین سیر ہو جانا صلہ فی ہے —

غدر (ن ض س) بیوفائی کرنی۔
غدر (ض) تالاب مین سے پانی پینا۔
غدراء (ف ن ض س م) تاریکی۔
غدر (ف س) بیوفائی۔
غدر (ف ض) بیوفا مرد۔ یہہ لفظ اکثر موضع ندا مین بمقام شتم مستعمل ہوتا ہی اور جمع مین بھی کہتے ہین یا آل غدر باد۔ پیچھا نہ وغیرہ کے پیچھے ایک گڑھا کہ جسمین پانی کثیف ہوتا ہی۔ پانی سے رہ پیچھے چھوڑ آوے۔
غدراء (ف ن ض س م) تاریکی۔
غدرۃ (ف ض) جو چیز کہ جسے پیچھے چھوڑین۔ غدرات (ف ن ض س جمع)
غدرۃ (ف ف) بمعنی غدر (ف)
غدرۃ (ف ک ف) شب تاریک
غدف (ف) ازرانی۔ فراخ حالی۔ فارغ البالی بخشش
غدف (ف س) (ن) بہت از حد سخاوت کرنی۔
غدف (ک ف) شیر۔
غدفل (ک ف س) اونچے قد کا مرد۔ پورے بدن کا اونٹ بزرگ جثہ۔ فراخ زندگانی۔ پرانا کپڑا۔
غدافل (ف ن ض س) جمع۔
غدفلۃ (ک ف س) کثیر چنانچہ رحمتہ غدفلۃ بولتے ہین یعنے رحمت کثیر۔ فراخ چنانچہ ملائکۃ غدفلۃ بولتے ہین یعنے چوڑی چکلی چادر
غدفلۃ (ف ن ض س ف) ازرانی اور خوشحالی مین داخل ہونا۔
غدفن (ک ف س) پورے بدنکا۔
غدق (ف ف) بہت پانی۔
غدق (ف ف س) بہت پانی والا ہونا جیسے کا
غدن (ف ف) دسترس۔ نیکی۔ نرمی۔ نازکی۔ سستی۔ خواب۔ دو پیغمبرون کے درمیان کا زمانہ جسمین کوئی پیغمبر نہو۔
غدن (ف ف س) سو جانا لڑبڑا اور نرم ہو جانا۔
غدنۃ (ض ف س) سستی۔ نرمی۔ لڑبڑاپن
غدنۃ (ض ف ض) گوشت کا ٹکڑا سخت کان کی لو کے نیچے۔ نرمی۔ لڑبڑاپن۔

مولوی محمد حبیب الرحمن صاحب مدظلہ

غذ و ذ س (غذو ذ (ضفت) غذوۃ (ضفت) (ن) کسی کے پاس صبح کو آنا۔
غذوۃ (ضفت) صبح یا طلوع فجر اور طلوع شمس کا درمیان۔
غذودنی (ضفکت) تیز رو۔
غذور (ضفس) سنے دنا۔
مذکر و مونث برابر ہے۔
غذورۃ (ضفت) پیچھے رہ جانے والی اونٹنی
غذوی (ضفکت) پیٹ کا بچہ یا خاص بکری کے پیٹ کا بچہ۔
غذی (ضفکت) غذوی (ضفکت) منسوب ہے غذ کی طرف۔
غذی (ضفکت) (س) چاشت کا کھانا کھایا ماضی کا صیغہ ہے۔
غذیا و (ضفسم) غذیلی (ضفت) مونث غذیان (ضفس)
غذیان (ضفس) چاشت کا کھانے والا
غذیر (ضفکس) تالاب۔ پانی جسے رو پیچھے چھوڑ آئے۔
غذر (ضفت) غذران (ضفس) جمع (ن) تلوار
غذیر (ضفکس) بیوقوف مرد۔
غذیرۃ (ضفکسف) تھوڑی سی گھاس۔ غذران (ضفس) جمع

زلف گندھی ہوئی مینڈھی۔ غذائر (ضفسک) جمع۔ اونٹ اور بکری کے پیچھے رہی ہوئی۔ ایک قسم کا کھانا جو دودھ اور آٹے کا بناتے ہیں اونٹنی جسے چرواہا نے پیچھے چھوڑ دیا
غذر (ضفت) غذو ذ (ضفس) (ن) کم کر دینا۔
غذ (ضفت) (ن ض) زخم سے پیپ کا روان ہونا۔ یا سوج جانا اور بڑھ جانا۔
غذا (ضفسم) خوراک اور پرورش کی جس سے جسم کی بالیدگی اور آسائش ہو
غذام (ضفسک) بہت پانی
تکنینی پیمانہ۔
غذامۃ (ضفتف) ایک قسم کی کھاری گھاس۔ غذام (ضفتف جمع)
غذاھر (ضفسک) بہت پانی
غذاکم (ضفسک) ہر چیز تہ اور پرت تلے جمی ہوئی۔
غذرمۃ (ضفتف) تکونا ایک چیز کو خرید لینا۔ کلام کو اکیسختہ کرنا۔
غذغذۃ (ضفتف) کم کرنا۔
غذم (ضفس) (ض) کسی کو

ماوہ		
	عمدہ مال ایک مرتبہ دیدینا۔ واقعہ	غَذَا الْبَعُوْل پیشاب منقطع ہوگیا۔
	اور حادثہ دشوار کو پہنچ جانا۔	وَغَذَا الْمَاءُ پانی جاری ہوگیا۔
غ ذ ذ	غَذَّمَ (ف) غَذْوَمَ (ض نصر س) ایک چیز کو سختی اور دشواری	وغیرہ غَذَوَ (ن س) سرعت اور شتابی کرنی۔ خون رگ سے
	سے کھانا یا حرص تمام کھانا۔	جاری ہونا۔ پرورش کرنا۔
	غَذَمٌ (ف) ایک گھاس ہے۔	غَذْوَانٌ (ن فعلس) تیز رو گھوڑا۔
	غَذَمٌ (ض) ایک قسم کی ترش گھاس۔	شادمان۔ مرد درشت۔ زبان دراز۔
	غَذْمَتَہ (ن فسمع) سخن حادثہ سخت۔	نافرمان تیز رو۔ غذوانہ (ن فعلس) ہونا
	غَذَارَۃ (ض سمع) نہایت تیزی۔	غَذِیٌّ (ف) اونٹ کا بچہ شاب۔
	کچھ تھوڑے سے اونٹ۔ بہت دودھ	غَذِیٌّ (ن س) پرورش کرنی۔
	اور غدمۃ (ض) بھی آتا ہے۔ غذم (ض) جمع	غَذِیٌّ (ک) بمعنی غذوی
	غَذْمَرَۃ (ن فسمع) غصہ و فریاد	(ک) یعنی پیٹ میں کا بچہ خواہ
	اضطراب آواز بوقت خصومت	آدمی کا ہو یا گائے یا بھینس یا بکری
	سخن و آواز کی آمیزش۔ غذامیر	وغیرہ کا یا خاص یا گشتاخ۔ بھیڑ کا
	(فعلس) جمع۔ کلام کو فخریا	بچہ۔ غذاء (ک فعل) جمع۔
	خوف کے سبب پوشیدہ کہنا۔	غَذِیُّ الْجَمَّال اونٹ کے
	غضہ پے در پے عضہ کرنا ایک	بچے یا چھوٹے اونٹ۔
	چیز کو جدا کرنا۔ بعض چیز کو بعض کے	غَذِیْذَۃ (ن فعلس) پیپ زخم کا
	ساتھ آمیختہ کرنا۔ ایک چیز کو	خون۔ زخم کا مردار گوشت۔
	دوسری میں خلط ملط کرنا۔ آواز کرنی	غَذِیْرَۃ (ن فعلس) آٹا جسمیں دودھ
	اٹکل سے کام کرنا تخمیناً ایک چیز پہنچنا	ملا کر جلتے ہوئے ٹھیکرے پر سینکیں
	غَذْمَرَۃ (ض فعلف) بلی ہوئی گھاس۔	غَذِیْمَۃ (ن فعلس) ایک زمین جو
	غَذَاہُ غَذْوًا خوش دی اسکو۔	غذم گھاس اوگا دے۔

مادہ	
	کشادہ کردان - اندراکردان -
	غر (رفت) کپڑے کی شکن - پوست
	کی لپیٹ - غرور (ضفس) جمع -
۱ غز	غز (فک) خوبصورت مرد -
۲ غزو	غز (کت) وہ شخص کہ جسنے فریب
۳ غزا	دیوین فریب کھا جاوے یعنی
۴ غزب	بھولا بہالا - ناآزمودہ کار جوان -
۵ غز	مذکر و مونث برابر ہی غزۃ (کتف)
	مونث بھی ہی اغزار (ضفس جمع)
	غز (صت) جو چیز کہ پرندہ چونچ کو
۱۲	کھانے کے لیئے دیوے -
۴۸	زمین کی ڈراڑ چشمہ تاریک و تنگ
	کپڑے کی شکن - پوست کی لپیٹ
	نلوار کی باڑ - ایک آبی پرندہ ہی -
	غر (رفت) غرور (ضفس) غرۃ
	(کتف) زن) فریب دینا کسی کو
	بیہودہ و باطل امیدوار کرنا - اونٹنکو
	چرانا - پانی کا زمین مین گھس جانا
	غرغرہ کرنا - پرندہ کا چوزہ کو چونگا دینا
	غزا (ف) سریش - یا وہ چیز
	کہ جس سے کسی چیز کو چپکا دین
	ایک چیز ہی جو مچھلی مین سے
	سریش کی مانند نکلتی ہی - گاے کا

	بچہ - ہر نیا جنا ہوا - لاغر - اعزاء
	(ضفسم) جمع غریبصورتی -
	غزاء (کفسم) ہوکا - آرزو - مشتاقی
	غزاء (کفسم) مرد جسکے پاس چوپایہ ہو
	غزاء (ضفسم) غرہ دار گھوڑی -
	سخت گرم - مدینہ منورہ - ایک
	خوشبودار گھاس ہی - یا وہ غزیراء (ضفسم
	ہی - ایک سپید سر کا پرندہ ہے -
	مذکر و مونث برابر -
	غزائی (ضفس) کوا - اغرب (ضفس)
	اغربۃ (ضفسک) غربان (کسفس)
	غر (ضفس) جمع - ہر ایک چیز کی
	تیز کی تیزی - ہر ایک چیز کی تیزی
	اولا - برف - پس سر - گدی - پہلے
	کے پھل کا پہلا خوشہ - سرین کی
	جانب اسفل کا اوبھار ران کی
	جانب اعلا کے متصل - یا باریک
	ہڈی استخوان تنگ کے پیچھے -
	غربان (کسفس) جمع -
	غرابۃ (ضفسف) ہر ایک چیز کا
	شروع - ہر چیز کی تیزی) -
	غرابی (ضفسک) ایک قسم کا خرما -
	غراۃ (ضفس) گاے کا بچہ -

ہر نیا جنا ہوا الیہ بمعنی غروی (نفسف)
غراد (نفسف) ایک قسم کی کھنبی۔
غرادۃ (نفسف) ایک قسم کی کھنبی۔
غراد (کفس) تیر اور نیزے اور تلوار کی باڑ۔ خواب وغیرہ تھوڑ لیسی قالب کہ جسمین پکیان ڈھالین تاکہ درست ہو جاوے۔ رشش جیسے

رمیت بالمعنی اصبتہم علی غرار واحد یعنی پھینکے مین تین تیر ایک روش پر شتابی جیسے اتاہ علی غرار آیا اُسکو جلد۔ مقدار۔ بچہ کو چونگا دینا بہرانا۔ اونٹنی کا دودہ سوطھکر کم ہونا
غرارۃ (نفسف) کام کی ناآزمودگی تا تجربہ کاری۔ کام کی ابتدا یعنی ابتداء کام مین آدمی دہوکا کھاتا ہی اور غفلت اور بیخبری۔
غراسۃ (کفسف) گون غرار (نفسنک جم)
غراس (کفس) پودہ لگانے کا وقت۔ پودہ لگایا ہوا۔
غراف (کفس) ایک بزرگ پیمانہ
غرات (نفتس) بہت پانی والی نہر۔ گھوڑا فراخ گام کشادہ رو۔
غرام (نفس) شیفتگی مشتاقی۔

آرزومندی۔ بدی تجو تحصل و پیوستہ ہو۔ ہلاک عذاب۔
غرامتہ (نفسف) قرض۔ جس چیز کا ادا لازم ہو۔ نادان۔
غرانق (نفتس) پانی کے بلبلے۔ حباب
غرانق (نفسنک) پوری پیدائش کا جوان نازک اندام اور عورت کی صفت مین واقع ہوتی ہی جیسے امرأۃ غرانقۃ۔
غرانقۃ (نفسنک) پرگوشت عورت جوان
غرانقۃ کان تک لٹکے ہوے بال ہوا سے ہلتے ہوے۔
غرادی (نفسف) سنگ بزرگ یا ملائی۔ غرادی (نفسف) جمع۔
غرب (رفس) آفتاب کے غروب ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کا شروع۔ ہر چیز کی حد۔ تلوار کی تیزی۔ زبان کی تیزی۔ ہر ایک چیز کی تیزی۔ گھوڑے کی رفتار کی تیزی۔ اول رفتار۔ تیز رو گھوڑا۔ پانی کی مشک یا پانی ڈھونے والا چوپایہ۔ بڑا ڈول۔ آنکھ کی رگ کہ جس سے ہمیشہ آنسو بہا کرین جیسے نا المور۔

	آنسو بہنے کی جگہہ آنسو گرنے کی جگہہ۔ دانتوں کی تیزی اور انکی آبداری۔ غروب (مصنس) جمع۔ اشک جو آنکھہ میں سے نکلے۔ آب دہن کے اکٹھے ہونے کی جگہہ۔ پانی کھینچنے کا دن۔ آنکھہ کا کویا اور دبالہ یعنے آنکھہ کی پچھاڑی۔ آنکھہ کا ایک آبلہ ریزہ جیسے پھلی۔ ناخنہ۔ دبالہ چشم کا ورم۔ شراب اور اشک کی روانی۔ آب دہن کی کثرت۔ تھوک اور اُسکی رطوبت۔ دوری۔
غرب	اصابہ سہم غرب یعنے اُسکو ایک انکریس تیر آلگا یعنے جسکا پھینکنے والا معلوم نہیں۔
غرب ۱	(فس) (ن) چھپ جانا۔ غائب ہونا۔ دور دور ہونا۔ چلا جانا۔ ایکسو ہونا۔ شادمانی کرنی۔ ڈھیل ڈھال کرنی۔ آنسو کا بہنا۔
غرب	(فس) اپنی جگہہ اور اپنے وطن سے دوری۔
غرب	(فف) ایک درخت کا نام ہے کہ ہرگز پھل نہیں کہتا۔ شراب۔
	چاندی۔ یا چاندی کا پیالہ۔ کاسہ۔
	بکری کی ایک بیماری ہے۔ سُونا۔ پانی جو ڈول سے حوض اور کوئین میں ٹپکے اور اُسکی بو متغیر ہووے۔ کیچڑ کی بو۔ گھوڑے کی آنکھہ کی نیلاہٹ۔
غرب	(فض) مسافر۔ نادر۔
غرب ۲	(ففف) (س) نہایت کالا ہونا۔
غربال	(کسفس) چھلنی۔
غربۃ	(فسفف) دوری۔
غربۃ	(فسیف) باریک ہوجانا نہایت ہوجانا۔ اپنی جگہہ سے دوری۔ مسافرت۔ دور ہونا۔
غربلۃ	(فسفف) چھاننا۔ قطع کرنا۔ قتل کر ڈالنا۔ اوپر پیس ڈالنا۔
غربی	(فسکت) اچھے انگور کی شراب۔ درخت جسپر آفتاب کے ڈوبنے کے وقت گرمی پہنچے۔ ایک قسم کی کھجور۔ ایک سرخ رنگ ہے۔
غربیب	(کسکس) ایک قسم کے عمدہ انگور۔ بڈھا جو بالوں کو خضاب سے سیاہ رکھے۔ اسود غربیب بہت نہایت سیاہ۔ اور غراہب سود میں سود بدل ہے کیونکہ الوان کی

تاکید مقدم نہین آتی اور یہان تاکید واقع ہی
غربیل (کسکس) چھلنی ڈہیری
سخن چین مرد۔
غرة (کتف) کام کی ناآزمودگی
غفلت اور بے خبری۔
غرة (کف) وعدہ۔
غرة (ضتف) پیشانی اسپ کی
سپیدی۔ ایک درم سے بڑی کیونکہ
یہہ وصف ہی اور کم کو ستارہ پیشانی
کہتے ہین اور برا سمجھتے ہین غلام
لونڈی۔ دل۔ چاندرات۔ نیا چاند
دانتون کی سپیدی اور انکی چمک۔
چنی ہوئی چیز۔ قوم کا سردار اور
شریف۔ چاند کی پہلی رات۔ غر
(ضتف) جمع۔ مرد کا چہرہ۔ انگلی کی
پھیلاوٹ کی جلدی۔
غرث (وفف) (اس) بھوکا ہونا
غرثان (فسفس) بھوکا غرثی
(فسف) غراثی (فسفسف) غراث
(کفس) جمع۔ اور غرثی (فسف)
ہونث بھی ہی جسکی جمع غرات (کفس) ہی
غرکی الوشاح باریک کمر کی عورت
غرد (فس) بانس وغیرہ کا

گھر۔ گھر جسکی چھت کڑیونکی ہو۔
ایک قسم کی مکھنی۔
غرد (کس) بلند آواز و خوش آواز
مرغ۔ آواز بلند و خوش۔ ایک قسم
کی مکھنی۔ غردة (کسف) غراد (کفس جمع)
غرد (وفف) (اس) پرندہ کا بلند
آواز سے چہکنا۔ ایک قسم کی مکھنی۔
غرد (وفک) غرید (کتکس) بلند
آواز اور خوش آواز مرغ۔
غردة (کسف) ایک قسم کی مکھنی۔
غردقة (فسفف) گرد کا آدمیونکو
ڈہانک لینا شب کا ہر چیز کو ڈہانک لینا
پردہ وغیرہ کو لٹکانا۔
غرر الشہر شروع چاند کی تین راتین
غرر (وفف) ہلاکت۔ خطر۔ ایک
قسم کی بیع یعنی شے کہ ہاتھ
مین آنے سے پیشتر بیچے جیسے کہ مچھلی کو
پانی مین اور پرندہ کو ہوا مین۔
غرر (وفف) غرة (ضتف) غرارة
(فسفسف) (اس) چہرہ کا چمک
دار ہونا اور سپید ہونا۔ ناآزمودہ
کار ہو جانا۔ مفتون ہونا۔ بعد
آزمایش و امتحان کے میل کرنا۔

کام کانا آزمودہ پن۔

غرز (فس) چمڑے کی رکاب جو پالان پر لگاوین۔ شاخ کا شاخ مین پیوند لگانا۔ گاڑنا چبھونا۔ **اغرز مم غرز فلان** یعنی اسکے امر و نہی کو مان۔ **اشد من غرزہ** یعنی اسکا دامن مت چھوڑ۔ (تیر غرز) کاب مین پاؤن ڈالنا۔

غرز (فف) ایک قسم کی ترکھاس یا ایک گھاس ہی کوم کی مانند کہ بدترین چراگاہ ہے۔

غرز (فکف) (رس) نافرمانی بعد سلطان کی اطاعت کی ماضی کا صیغہ ہی

غرز (فس) **غراز** (کفس) (رض) اونٹنی کا کم شیر ہونا۔

غرز جلۃ (کسقسف) ہاتھ کی مکھی

غرس (فس) جمانہوا درخت۔ **اغراس** (فسقس) **غراس** (کفس جمع)

غرس (فس) (رض) زمین مین درخت جمانا بونا۔

غرس (کس) پانی وغیرہ جو رحم مین سے بچہ کے ساتھ باہر نکلتا ہی۔ پوست جنین کے مُنھ پر ہوتا ہی اگر اُس پوست کو بچہ کے مُنھ پر جلنے کے بعد چھوڑین تو فورًا بچہ مرجاے۔ **اغراس** (فسقس) جمع۔ کمالا کوّا۔

غرش (فس) ایکدرخت کا پھل ہی۔

غرض (فس) اونٹ کا پیش بند جیسا زین کا تنگ **غروض** (فسفس) **اغراض** (فسفس جمع) نہرین سے نکلی ہوئی گول یا رجیہہ۔ **غرضان** (کسفس وضسفس) جمع۔ کپڑے کی شکن۔ موٹے آدمی کے بدن کی جھرّیان کہ بعد دبلے ہونے کے بھی رہجاتی ہین

غرض (فس) (ن) اونٹنی کو غرضہ سے باندہنا۔ باز رکہنا۔ ایک چیز مین اُسکے وقت سے پہلے جلدی کرنی۔ دوسرا ہونا لاغری کے سبب موٹاپے کے بعد بدن کا جھرّی دار ہوجانا۔

غرض الاناء (ض) برتن کو بھرا یا نہ بھرا۔ لغات اضداد سے ہی۔

غرض القوم وہی جماکر آئین سے مسکہ نکالا اور لوگونکو وہی کہلایا

غرض المنخل بھیڑ کے

۱ غرز	
۲ غرزل	
۳ غرس	
۴ غرز	
۵ غرض	
۱۲	
۲۵۴	

بچے کا دودھ وقت سے پہلے چھوڑا دیا۔
غرض الشئی ایک چیز کو تر و تازہ توڑا۔ یا ایک چیز کو تر و تازہ قطع کیا
غرض (ف) تیر کا نشانہ۔ اغراض (نس) جمع۔ مقصد۔ قصد و ارادہ۔ تمنا کی۔ شوق۔
غرض (ف) (س) عاجز آنا۔ آرزومند ہو جانا۔ ڈرنا۔
غرض (ف) (ک) تازہ ہو جانا۔
غرضۃ (ض) اونٹ پیش بند
غرض (ض) جمع۔
غرضوف (ض ف س) چینی ہڈی جسے بکھاتے ہیں یعنی عُضروف
غرضوفان (ض ف س) اردو لکڑیاں جو پالان کے بیچ کی اور پچھاڑی کے لکڑیوں کے دائیں بائیں باندھتے ہیں۔ غراضیف (ض ف س) جمع)
غرطمانی (ض ف س ک) خوبصورت جوان
